# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Thursday, July 01, 1999*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at five minutes past four in the evening , with Mr. Chairman (Mr . Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان فی خلق السموٰت و الارض و اختلاف الیل و النهار لایت لاولی الالباب O الذ
ین یذ کرون اللہ قیما و قعودا وعلی جنوبهم ویتفکرون فی خلق السموٰت والارض ربنا ما
خلقت هذا باطلا سبحنک فقنا عذاب النار O

(ترجمہ)۔ آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات دن کے ہیر پھیر میں یقیناً عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر لیٹے ہوئے کرتے ہیں اور آسمانوں و زمین کی پیدائش میںغور و فکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ بے فائدہ نہیں بنایا، تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

**جناب چیئرمین۔** جزاک اللہ جی۔ Question Hour جی۔ question No. 48 زاہد خان صاحب جی۔

48 *Mr. Muhammad Zahid Khan: Will the Minister for Health be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the incumbent Prof. of Pathology, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), was appointed against a contract post advertised in national daily in September, 1995:

(b) whether it is also a fact that the services of the said Prof. have been regularised; and

(c) whether it is further a fact that the Executive Director PIMS, brought this irregularity to the notice of the Health Ministry vide his letter dated 16-01-1997, if so, the action taken in this regard so far?

Makhdoom Muhammad Javed Hashmi: (a) Yes. It is a fact that the post of Professor of Pathology BPS-20 was advertised in the press to be filled in on contract basis in 1995. On the recommendations of Selection/Promotion and criteria Committee and subsequent approval of the Chairman of Board of Governors of PIMS, Islamabad Professor Anwar-ul-Haq was given offer of appointment to the post of Professor of Pathology (BS-20) on regular basis at Quaid-e-Azam Postgraduate Medical College (QPGMC) in IMS, Islamabad.

(b) Yes.

(c) Yes. It is a fact that no action was taken on the letter of Executive Director, PIMS, Islamabad as it was decided that the decisions taken by the Board of Governors of the PIMS in accordance with the provisions of the Resolution/Ordinance are valid decisions and need not be re-opened.

جناب چیئرمین - جی سپلیمنٹری - عجیب ہی معاملہ ہے - Advertise کچھ کیا ہے '

کسی اور پر ہو رہی ہے appointment

So you better look into this question No.48. How, it that the post advertised is on contract basis and subsequently the man wasappointed on regular basis, that means anybody, all those people who could have applied, did not apply, because it is a contract job.

جناب مشاہد حسین۔ ٹھیک ہے۔ .I will do that

جناب چیئرمین۔ زاہد خان صاحب 48 پر سوال پوچھنا ہے؟

جناب محمد زاہد خان۔ جناب والا! میں نے سوال کیا تھا پیتھالوجسٹ کی جو اسامی خالی تھی وہ کنٹریکٹ کی بنیاد پر پر کی گئی تھی لیکن اس کے بعد اس شخص کو جو کنٹریکٹ پر تھا اس کو مستقل بنیادوں پر سروس دی گئی ہے یہ بات یہ خود سوال میں مان رہے ہیں۔ ایک طرف تو حکومت میرٹ کی بات کرتی ہے جس طرح سے انہوں نے contract کے لئے اشتہارات دیئے تھے تو چاہیئے تو یہ تھا کہ جب مستقل بنیادوں پر سروس دینی تھی تو پھر اشتہار اس کے لیے دینا تھا لیکن نہیں دیا گیا۔ یہ violation ہے۔

جناب چیئرمین۔ آپ کا سوال کیا ہے۔

جناب محمد زاہد خان۔ میرا سوال یہ ہے کہ کیا یہ رولز کی violation نہیں ہے کہ ایک آدمی جو آپ نے contract پر لیا ہے اسی کو مستقل کر رہے ہیں اور دوبارہ advertise نہیں کر رہے۔

Mr. Chairman: Minister of Information on behalf of Minister of Health.

جناب مشاہد حسین۔ جناب اس کے دو aspects ہیں۔ ایک تو

There were interviews which were conducted in 1996 for various positions in PIMS--

پروفیسر آف گائناکالوجی کے بھی تھے اور یہ پیتھالوجی کے بھی تھے۔ پھر ان صاحب کو job offer ہوئی تھی on contract in May 1996 اس وقت PIMS کا status ایک autonomous which was governed by certain specific rules. On November 4, تھا کا organization

1996 کو autonomous status ختم ہوگیا and it became an attached department of the Ministry of Health تو اس وقت جو رولز اور ریگولیشنز تھے اس وقت تین لوگوں کی تقرری ہوئی تھی who had been initially selected on contract اور تینوں اکٹھے regularize کر دیئے گئے تھے تو بعد میں یہ ہوا what can be termed as discrepancy جس کا ذکر کیا گیا ہے۔

جناب محمد زاہد خان۔ جناب جو autonomous body تھی کیا رولز کوئی اور تھے وہ رولز کیا تھے کیا ان رولز کے مطابق انہیں advertize نہیں کرنا تھا اور اگر advertize کرنا تھا تو کیوں نہیں کیا گیا یا اگر اس کے رولز مختلف تھے تو وہ بھی بتائے جائیں کہ ان کے رولز کیا تھے۔

جناب مشاہد حسین - جب ان کی initially appointment alongwith others ہوئی تھی تین اور پروفیسرز تھے وہ اکٹھے select ہوئے تھے اس وقت rules under an autonomous organization تھے جو اس وقت PIMS تھا - 4th November, 1996 کو PIMS کو ایک attached department of the Federal Government Ministry of Health بنا دیا گیا - اس وقت مختلف رولز آ گئے - جس وقت ان کی appointment ہوئی تھی اور regularize ہوئی تھی وہ different rules تھے ابھی different rules ہیں -

سید مسعود کوثر۔ منسٹر صاحبان کو غیر ضروری طور پر کسی آفیشل کے فیصلے کو defend نہیں کرنا چاہیئے اور یہ ہیں بھی بڑے frank پتہ نہیں آج کیوں انصاف کے تقاضے پورے نہیں کر رہے - بات یہ ہے کہ جب یہ autonomous body تھی اس وقت بھی رولز تھے جب یہ حکومت کا attached department بن گیا پھر بھی رولز تھے - حکومت کے attached department میں فیڈرل گورنمنٹ کے ہی رولز ہیں کہ اگر آپ نے regular appointment کرنی ہے تو اس کے لئے آپ نے advertize کرنا ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ autonomous body کے تو پھر بھی کوئی رولز ایسے تھے کہ بورڈ خود ان کو کوئی آگے پیچھے کر سکتا تھا۔

But how could you relax or change the rules of Federal Government. It looks like a clear violation of the rules by which the Federal employees were governed.

جناب مشاہد حسین - میں نے کہا ہے کہ discrepancy ہوئی ہے میں نے defend نہیں کیا۔

جناب چیئرمین۔ اگلا سوال 49۔

49. *** Mr. Sajid Mir:** Will the Minister for Science and Technology be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to merge NICT, Directorate General of Appropriate Technology and Directorate General of New and Renewable energy Resources?

**Minister for Science and Technology:** Yes. In pursuance of Economy Commission's recommendations, the Cabinet decided on 27-1-1997 to merge the National Institute of Silicon Technology (NIST). Pakistan Council of Appropriate Technology (PCAT) and Solar Energy Resources Centre (SERC) to set-up a new organization namely (Pakistan Council for Renewable Energy Technology) and accordingly a draft bill is under process with the Cabinet Division for its introduction in the Parliament.

جناب چیئرمین۔ سوال نمبر 50۔

50. *** Mr. Sajid Mir:** Will the Minister for Industries and Production be pleased to state whether it is a fact that a blast furnace of Pakistan Steel was got repaired in year 1995-96, if so, the amount spenty on its repair?

**Minister for Industries and Production:** Yes. US $ 6.319 Million.

جناب چیئرمین۔ سوال نمبر 51۔

51. *** Ch. Muhammad Anwar Bhinder:** Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state:

(a) the total grant sanctioned for the Ministry in the annual budget 1998-99;

(b) the actual total expenses incurred by the Ministry during the year 1998-99;

(c) the total amount which the Ministry could not spend out of the sanctioned budget and had surendered on 30-6-1999 alongwith the reason thereof;

(d) the excess amount which the Ministry had spent in addition to the sanctioned budget till 30-6-1999 alongwith the reason thereof; and

(e) the total developmental grant and the amount utilized out of it in the year 1998-99?

Mian Abdul Sattar Laleka: (a) Total Grant sanctioned (Current Expenditure) for the Ministry in the annual budget is Rs. 26,635.670 Million.

(b) The actual total expenses (Non-Development) incurred by the Ministry work out to Rs. 18,975.103 Million.

(c) The unspent amount of Rs. 7,660.567 Million has been surrendered. The savings mainly occurred due strict economy measures adopted by the Ministry.

(d) No excess expenditure was incurred during 1998-99.

(e) Revised Development Grant is Rs. 681.723 Million out of which an amount of Rs. 318.009 Million had been utilized and the saving of Rs. 363,714 Million has been surrendered.

جناب چیئرمین۔ کوئی ضمنی، اچھا سوال نمبر 52۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ انفارمیشن نہیں آئی ڈیفر فرمائیے گا۔

جناب چیئرمین۔ deferred۔ سوال نمبر 53۔

53. * Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Will the Minister for

Science and Technology be pleased to state:

(a) the total grant sanctioned for the Ministry in the annual budget 1998-99;

(b) the actual total expenses incurred by the Ministry during the year 1998-99;

(c) the total amount which the Ministry could not spend out of the sanctioned budget and had surrendered on 30-6-1999 alongwith the reason thereof;

(d) the excess amount which the Ministry had spent in addition to the sanctioned budget till 30-6-1999 alongwith the reason thereof; and

(e) the total developmental grant and the amount utitilized out of it in the year 1998-99?

Minister for Science and Technology : (a) The total grant sanctioned for the Ministry of Science and Technology and its Scientific and Technological Organizations is Rs. 727.721 million as detailed below:-

(Rupees in Million)

Current Budget

| | | |
|---|---|---|
| (a) | Main Ministry | Rs. 75.011 |
| | Office of Science Counsellor at Beijing (China) | Rs. 3.376 |
| (b) | S&T Organizations. | Rs. 509.274 |

Development Budget

| | | |
|---|---|---|
| (c) | Main Ministry and S$T Organization | Rs. 140.060 |

(b) The total expenditure incurred by the Ministry of Science and

Technology and its Organizations is Rs. 575.193 million as detiled below:-

Current Expenditure

| | | |
|---|---|---|
| (a) | Main Ministry | Rs. 39.811 (Upto 31-05-99) |
| | Office of Science Counsellor at Beijing (China) | Rs. 2.736 (Upto 26-6-99) |
| (b) | S&T Organizations | Rs. 459.497 (Upto 26-6-99) |

Development Expenditure

| | | |
|---|---|---|
| (c) | Main Ministry and S&T Organization | Rs. 73.149 (Upto 26-6-99) |

(c) The total amount surrendered by the Ministry and Scientific and Technology Organizations by due date i.e. 15th May is Rs. 87.863 million as detailed below:-

Current Expenditure

| | | |
|---|---|---|
| (a) | Main Ministry | Rs. 32.369 |
| | Office of Science Counsellor at Beijing (China) | Rs. 0.051 |
| (b) | S&T Organizations | Rs. 8.443 |

Development Expenditure

| | | |
|---|---|---|
| (c) | Main Ministry and S&T Organization | Rs. 47.000 |

(1) Reasons for surrender under current expenditure are given below:-

(i) Some posts of officers and staff remained vacant due to which savings occurred in the current financial year.

(ii) An amount of Rs. 19.200 million was provided for Pak-Kazakh Joint Research Fund which could not be utilized in full due to non-approval of projects between Pakistan and Kazakistan.

(iii) One of the reasons for less expenditure was that a very few delegations on S&T Sector went abroad and very few visited Pakistan.

(iv) Discretionary Grant of Rs. 600,000 was surrendered as the portfolio of Ministry of Science and Technology was assigned to the other Minister in addition to her own Ministry.

(v) Due to economy measures adopted by the Ministry to control the expenditure, the savings occurred in the sub-heads such as Transport and Communications, etc.

(vi) The provision of funds made in the budget for Technology Development Fund (TDF) and Pakistan Technology board (PTB) were surrendered as these institutions could not be established during the current financial year.

(2) The main reasons for surrender under Development Grant are given below:-

(i) The savings under Human Resources Development Programme occurreddue to policy change. The split Ph.D. Programme has been launched under which scholars are selected for local universities to do their Ph.D. instead of sending them to Foreign Universities.

(ii) Another reason for surrender of the budget on development side was due to non-approval of Jhang Institute of Engineering Sciences and Technology.

Likewise the provision for acquisition of Oceanography

Research Vesselfor National Institute of Oceanography was also surrendered as the project could not get approval from the Government.

(d) Nil.

(e) The total provision under development budget is Rs. 140.060 million out of which an amount of Rs. 73.149 million has been utilized upto 26-6-1999. More expenditure may incur from 27-6-99 to 30-6-99, after releases of funds which are in process with Finance Division.

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ جناب ایک طرف بات یہ ہوتی ہے کہ پیسے نہیں ملتے دوسری یہ بات ہے کہ اگر پیسے ملتے ہیں تو پورے خرچ نہیں کئے جاتے یہی صورتحال اس جواب میں ہے کہ اس میں تقریباً The total provision under development budget is 140.060 million out of which an amount of 73.149 million has been utilized upto 26-6-1999. More expenditure may incur from 27-6-1999 to 30-6-1999، اب یہ ۳ دن میں اور خرچ کرنا چاہیں گے ۔ 140.060 million میں سے 73 million انہوں نے development grant سے خرچ کیا ہے۔ جناب والا ! ایک طرف تو ہم گرانٹ مانگتے ہیں اور دوسری طرف خرچ نہیں کر پاتے۔ اس خرچ نہ کرنے کی وجہ کوئی departmental or Ministerial inefficiency تو نہیں ہے۔

Mr. Chairman: Yes Minister for Information on behalf.

جناب مشاہد حسین، جناب چیئرمین ! ۴ دنوں میں ۸۱ ملین خرچ ہو گیا ہے جو کہ ۷۳ ملین تھا۔ But I would totally agree with Senator Bhinder Sahib.

جناب چیئرمین ، سنا ہے آخری دنوں میں پھر الٹ پلٹ خرچ کر دیتے ہیں۔

جناب مشاہد حسین، اصل میں مسئلہ یہ ہے کہ یہ ایک عجیب چکر چل چکا ہے کہ lapse نہ ہو جائے۔ تمام Ministries ایسے کرتی ہیں کہ تمام سال کی بجٹ کو آخری مہینے میں خرچ کر دیتے ہیں۔ لوگوں کو honorarium دے رہے ہیں۔ مجھے پتہ ہے Sir, how the system works and we should be frank about it. So, they have also been in Government and we are also in Government. سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں سسٹم وہی بیوروکریٹک چلتا رہتا ہے۔ I agree with him

اگر پیسہ lapse ہو رہا ہے یا سرنڈر ہو رہا ہے----

جناب چیئرمین : ڈر یہ ہوتا ہے کہ اگر ہم نے saving show کر دی تو اگلے سال بجٹ کم ہو جائے گا۔

جناب مشاہد حسین: اگلے سال کم ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین : ہاں کم ہو جائے گا۔

جناب مشاہد حسین : جناب چیئرمین! لوگ کہتے ہیں کہ ۳۰ جون سے فوراً پہلے خرچ کرو۔ اس طریقے سے پیسے ضائع ہو جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین : نہیں اگر وہ کچھ grant بچا لیتے ہیں تو آپ ان کو اگلے سال دیا کریں۔

جناب مشاہد حسین : وہ نہیں ہوتا۔ وہ کہتے ہیں کہ اچھا آپ نے grant بچا دی ہے تو وہ اگلے سال کم کر دیتے ہیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر : جناب چیئرمین! ہر محکمے اور ہر منسٹری کی جو development grant ہوتی ہے وہ development work کے لئے ہوتی ہے تاکہ ملک میں development ہو سکے۔ لیکن اگر اس development کا بجٹ تیار ہونے سے پہلے جو پروگرام بنتا ہے۔ development grant ملتی ہے، پھر اسی کام کے لئے منسٹریوں میں جاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ جی فنانس والے پیسے release نہیں کرتے۔ اب یہ ہے صورتحال جو میں مختلف سوالات میں اٹھاتا رہتا ہوں۔

Mr. Mushahid Hussain: Sir, I totally agree with him.

جناب چیئرمین : جی ڈاکٹر حئی صاحب۔ مختصر سوال کریں۔ لوگوں کی اکثر شکایات آ رہی ہیں کہ لمبی لمبی تقریریں ہوتی ہیں۔ سوال تو کوئی ہوتا ہی نہیں ہے۔ دوسری شکایت مشاہد حسین صاحب، آپ کے بارے میں ہے کہ The sound quality of the Senate proceeding is very very poor in the question hour on T.V. قومی اسمبلی کی بہتر ہے۔ شاید ہمارے ٹرانسمشن سسٹم میں کوئی خرابی ہو۔

جناب مشاہد حسین : ٹھیک ہے جناب۔ میں نے نوٹس لے لیا۔ اس کو ٹھیک کر لیں گے۔

Sir, this is a very popular programme.

جناب چیئرمین ، جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ، جناب چیئرمین! ۲۱ ویں صدی میں ہم داخل ہو رہے ہیں۔ جدید دور کا تقاضا یہ ہے کہ کوئی بھی ترقی پذیر ملک ہو یا ترقی یافتہ ' سائنس اور ٹیکنالوجی کی بڑی اہمیت ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ ماضی میں اس شعبے کو کوئی اہمیت نہیں دی گئی۔ میرا وزیر موصوف سے یہ ضمنی سوال ہے کہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے سائنس اور ٹیکنالوجی کا جو شعبہ ہے اس کو اہمیت اور اس کے لئے جو فنڈز وہ مختص کریں گے 'وہ ہمارے ملک کی ضرورتوں کے مطابق کرسکیں گے یا نہیں؟

Mr. Chairman: Minister for Information.

جناب مشاہد حسین ، جناب چیئرمین! میں تھوڑی سی وضاحت کروں کہ پاکستان میں تھوڑی irony ہے کہ ویسے تو وہ سائنس و ٹیکنالوجی کو اہمیت نہیں دیتے لیکن ہماری سب سے بڑی کامیابی ایٹم بم کو خود بنانا ہے۔ وہ سائنس و ٹیکنالوجی پر نہیں بنا ہے۔ وہ کام لوگوں نے کر دیا ہے۔ Because of dynamic leadership or vision , whatever. ویسے ڈاکٹر صاحب کا پوائنٹ بالکل valid ہے۔ I agree with Dr. Abdul Hayee Baluch Sahib. ہمارے ہاں سائنس و ٹیکنالوجی کی تعلیم کو وہ اہمیت نہیں دی جاتی۔ مگر ہم انشاء اللہ ایسا کریں گے۔

جناب چیئرمین ، حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ ، شکریہ جناب۔ پہلی بات یہ ہے کہ lapse funds سے متعلق میری چند تجاویز ہیں' ممکن ہے وزیر موصوف ان کو pipe line میں بھیج دیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ عموماً تمام departments میں یہ ہوتا ہے ' سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں بھی ہوا ہے کہ جون تک ان کی تمام سکیمیں مکمل نہیں ہوتی ہیں۔ جب جون ختم ہونے کو آ جاتا ہے تو پھر ان کو لالے پڑ جاتے ہیں۔ پھر وہ دھڑا دھڑ پیسے خرچ کر دیتے ہیں۔ جہاں ضرورت نہیں ہوتی یا پھر وہ lapse ہو جاتے ہیں۔ دونوں صورتوں میں قوم کو ایک تو development aspect سے نقصان ہے اور دوسرے اگر بیدردی خرچ کیا جائے تو پیسے کا زیاں ہو جاتا ہے ۔ تو اس سلسلے میں میری suggestion یہ ہے کہ بجٹ میں متعین کرنے کے فوراً بعد چھ مہینے کے اندر اندر تمام اسکیموں پر یا تو ساری پلاننگ مکمل ہو' PC-1 complete ہوں اور ان کی duration, planning, PC-1 and implementation کی basic stage سال میں چھ ماہ specially رکھی جائے۔ جب تک یہ نہیں ہوگا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

Mr. Chairman: Minister for Information.

Mr. Mushahid Hussain: Mr. Chairman, sir, I totally agree with him

یہ واقعی lapse کا چکر بڑا عجیب سا ہے کیونکہ وہ پیسے پھر جلدی خرچ ہو جاتے ہیں۔ I agree with him کہ یہ فضول خرچی ہوتی ہے and I think, it is a very positive suggestion and I will take it up with the Ministry of Finance.

Mr. Chairman: Yes, please Bhinder Sahib.

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! ایک وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ saving اس لئے ہوئی کہ پالیسی میں change کی گئی اور وہ یہ تھی کہ Split Ph.D. Programme کی بجائے اب scholars کو local university میں training دینے کا پروگرام بنا۔ تو جناب والا! کیا یہ بجٹ کے وقت پروگرام نہیں تھا یا یہ پالیسی جو تھی budget formation کے بعد تبدیل ہوئی یا بعد میں بنائی گئی یا پہلے ہی موجود تھی۔ اگر موجود تھی تو پھر بجٹ میں کیوں provide کیا گیا اور نہیں بنی تھی تو پھر کب پالیسی بنی ہے؟

Mr. Chairman: Minister for Information.

Mr. Mushahid Hussain: Sir, this is a very clear, common and sensible question and I think, it is answered by itself because it just doesn't make sense and I agree with him.

Mr. Chairman: Yes, please Zahid Khan Sahib.

جناب محمد زاہد خان۔ جناب والا! میرے سوال کا صحیح جواب نہیں آیا، میں پوچھوں گا اگر آپ اجازت دیں گے تو۔

جناب چیئرمین۔ آپ کا سوال تو گزر گیا۔ کیا سوال ہے۔

جناب محمد زاہد خان۔ جناب والا! صرف دو points ان سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ ایک یہ کہ کیا حکومت مانتی ہے کہ اس post پر illegality ہوئی ہے۔ اگر ہوئی ہے تو کیا آپ اس post کو

advertise کر رہے ہیں کہ نہیں۔

Mr. Chairman: Minister for Information.

Mr. Mushahid Hussain: I had said discrepancy

چونکہ میں قانون دان نہیں ، میں legal expert نہیں ہوں ، اگر کوئی legal issues ہیں they should be referred to the Ministry of Law.

جناب چیئرمین ۔ آپ ہی کریں گے ناں۔

جناب مشاہد حسین ۔ جی میں کر دوں گا۔

جناب محمد زاہد خان۔ ٹھیک ۔

Mr. Chairman: O.K. Next question No. 54, Dr. Muhammad Ismail Buledi.

54. * Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) the number, names and place of domicile of the persons working in the Pakistani Embassies at U.S.A., U.K., Canada and France; and

(b) details of expenditures of the said Embassies during 1996-97 and 1998-99?

Mr. Sartaj Aziz: (a) There are 46 officers and 75 officials of the Ministryof Foreign Affairs who are working in the Pakistan Embassies at U.S.A., U.K., Canada and france. Their province-wise break-up is as under:-

**1. (A) Pakistan Mission in USA**

| Province of Domicile | Officers | Officials | Total |
|---|---|---|---|
| Punjab | 13 | 22 | 35 |
| Sindh | 1 | 3 | 4 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| NWFP | 3 | 4 | 7 |
| Balochistan | 1 | ----- | 1 |
| AJK | 2 | 1 | 1 |
| FATA | 1 | ------ | 1 |
| Total: | 21 | 30 | 51 |

(2) **Pakistan Missions in UK**

| Province of Domicile | Officers | Officials | Total |
|---|---|---|---|
| Punjab | 14 | 15 | 29 |
| Sindh | ------ | 5 | 5 |
| NWFP | 1 | 5 | 6 |
| Balochistan | ------ | 1 | 1 |
| AJK | ------ | 1 | 1 |
| Total: | 15 | 27 | 42 |

(3) **Pakistan Missions in Canada**

| Province of Domicile | Officers | Officials | Total |
|---|---|---|---|
| Punjab | 1 | 7 | 8 |
| Sindh | 3 | 2 | 5 |
| NWFP | 1 | 2 | 3 |
| FATA | ------ | ------ | ------- |
| Total: | 5 | 12 | 17 |

(4) **Pakistan Missions in France**

| Province of Domicile | Officers | Officials | Total |
|---|---|---|---|
| Punjab | 1 | 4 | 5 |
| Sindh | 1 | ------ | 1 |
| NWFP | 2 | 2 | 4 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Islamabad | 1 | ------ | 1 |
| Total: | 5 | 6 | 11 |

Their names and place of domicile are given at Annexure "A".

(b) Details of expenditure of Pakistan Embassies at USA, UK, Canada and France during 1996-97 and 1998-99 are also given as under:

| Name of the Mission | 1996-97 (figures in Rupees) | 1998-99 (figures in Rupees) | Increase in percentage |
|---|---|---|---|
| Embassy of Pakistan, Washington. | 77,537,000 | 88,998,000 | 14.78% |
| Permanent Mission, New York. | 74,695,000 | 86,331,000 | 15.58% |
| Consulate General of Pakistan, New York. | 27,329,000 | 32,508,000 | 18.95% |
| Consulate General of Pakistan, Los Angeles. | 10,461,000 | 15,137,000 | 44.70% |
| Embassy of Pakistan, Paris. | 33,773,000 | 37,513,000 | 11.07% |
| High Commission for Pakistan, Ottawa. | 19,728,000 | 24,260,000 | 22.97% |
| Consulate General of Pakistan, Toronto. | 11,508,000 | 16,063,000 | 39.58% |
| High Commission for Pakistan, London. | 119,515,000 | 138,608,000 | 15.98% |

Annexure A

## USA (NEW YORK) (UNITED NATIONS)

| S. No. | Name | Designation | Domicile |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Ahmad A. Kamal | Permanent Representative | Sindh(U) |
| 2. | Mr. Alamgir Babar | Deputy PR | NWFP |
| 3. | Mr. Munawar S. Bhatti | Counsellor | Punjab |
| 4. | Mr. Amjad H.B. Sial | Counsellor | Sindh(R) |
| 5. | Mr. Burhanul Islam | First Secretary | Punjab |
| 6. | Mr. Navid Hanif | First Secretary | Punjab |
| 7. | Mr. Moinul Haque | Second Secretary | Balochistan |
| 8. | Mr. Shafqat Ali Khan | Third Secretary | FATA |
| 9. | Mrs. Mariam Madiha Aftab | Third Secretary | Punjab |
| 10. | Mr. Faqir Zia Masoom | Minister | NWFP |
| 11. | Mr. Muhammad Javed | Stenographer | NWFP |
| 12. | Mr. S. Iqbal Hussain Jafri | Stenographer | Punjab |
| 13. | Mr. Abdul Rashid | Stenographer | Punjab |
| 14. | Mr. Masood Akhtar Hussain | Stenographer | Punjab |
| 15. | Mr. Abdul Rashid | Communication Asstt. | Punjab |
| 16. | Mr. Mubeen Hussain | Accountant | Punjab |
| 17. | Mr. Niaz Hussain | Assistant | Punjab |
| 18. | Mr. S. Mahmoodul Hassan | Additional Assistant | Punjab |
| 19. | Mr. Abdul Hussain | Security Guard | Punjab |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 20. | Mr. Muhammad Iqbal | Security Guard | AJK |

**Washington**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Riaz Hussain Khokhar | Ambassador | Punjab |
| 2. | Mr. Shahid A Kamal | Minister | Punjab |
| 3. | Mr. Masood Khan | Counsellor | AJK |
| 4. | Mr. Muhammad Naeem Khan | Counsellor | Punjab |
| 5. | Mr. Aizaz Ahmad | Counsellor | Punjab |
| 6. | Mr. Sohail Mahmood | First Secretary | Punjab |
| 7. | Mr. Javed Jalil Khattak | Second Secretary | Punjab |
| 8. | Mr. Muhammad Riaz Saqi | Third Secretary(Cypher) | Punjab |
| 9. | Mr. M.Farooq Bhatti | Stenographer | Punjab |
| 10. | Mr. Fayad Ahmad | Stenographer | Punjab |
| 11. | Mr. Ejaz Ahmad | Stenographer | NWFP |
| 12. | Mr. Azizul Haq | Stenographer | Punjab |
| 13. | Mr. Nazimuddin Qureshi | Communication Asstt. | Punjab |
| 14. | Mr. M. Siddiq Kalhoro | Superintendent | Sindh(R) |
| 15. | Ch. Abdul Latif | Accountant | Punjab |
| 16. | Mir Wali Shah | Accountant | NWFP |
| 17. | Mr. Shaukat Ali | Assistant | Punjab |
| 18. | Mr. Abudl Sattar | Assistant | Punjab |
| 19. | Mr. Muhammad Haroon | Additional Assistnat | NWFP |
| 20. | Mr. Shabbir Hussain Shah | DMO | Punjab |
| 21. | Mr. Amjad Hussain | Security Guard | Punjab |
| 22. | Mr. Azizur Rehman | Security Guard | Punjab |

## Los Angeles

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Tariq Azizuddin | Consul General | NWFP |
| 2. | Mr. Imran Siddiqi | Vice Consul | Punjab |
| 3. | Mr. S. Mahmoodul Hassan | Stenographer | Punjab |
| 4. | Mr. Fayyazuddin | Superintendent | Sindh(U) |
| 5. | Mr. Muhammad Sharif | Accountant | Sindh(R) |

## Consulate General of Pakistan, New York

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Abbas Haider Zaidi | Consul General | Punjab |
| 2. | Mr. Saqib Mahmood | Third Secretary | AJK |
| 3. | Mr. Muhammad Idress | Stenographer | Punjab |
| 4. | Mr. Abdul Khaliq | Accountant | Punjab |
| 5. | Mr. M. Jamil | Assistant | NWFP |

## Pakistan High Commission, London

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mian Riaz Sam | High Commissioner | Punjab |
| 2. | Mr. Javed Iqbal | Deputy High Commissioner | Punjab |
| 3. | Mr. Khalid Usman Qaiser | HOC/First Secretay | Punjab |
| 4. | Mr. Tassadaq Hussain | Frist Secretary | Punjab |
| 5. | Raja Ali Ejaz | Second Secretary | Punjab |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6. | Mr. Hamid Asghar Khan | Second Secretary | Punjab |
| 7. | Mr. Liaqat Ali | Second Secretary (Cypher) | Punjab |
| 8. | Mr. Arif Latif Khan | Counsellor | Punjab |
| 9. | Mr. Muhammad | Counsellor | Punjab |
| 10. | Mr. Abdul Rauf Raja | First Secretary | Punjab |
| 11. | Dr. Matin A. Malik | Third Secretary | Punjab |
| 12. | Mr. Rabnawaz Alivi | Stenographer | Punjab |
| 13. | Mr. Khalid Mahmood Siddiqui | Stenographer | Punjab |
| 14. | Mr. Muhammad Aslam | Stenographer | Punjab |
| 15. | Mr. Haq Nawaz | Stenographer | Punjab |
| 16. | Sh.Khawaj Muhammad | Stenotypist | NWFP |
| 17. | Mr. Khalid Hussain | Stenotypist | NWFP |
| 18. | Mr. Muhammad Arif Abbasi | Communication Asstt. | Punjab |
| 19. | Mr. M. Mushtaq Bhatti | Superintendent | Punjab |
| 20. | Mr. S. Atiq Ahmad | Superintendent | Sindh(U) |
| 21. | Mr. Ghulam Rasool | Assistant | Punjab |
| 22. | Mr. Muhammad Farooq | Assistant | NWFP |
| 23. | Mrs. Shazia Jamil | Assistant | Sindh(U) |
| 24. | Mr. Rashid Akhtar | Additional Assistant | NWFP |
| 25. | Mrs. Farhat Shahnawaz | UDC | Punjab |
| 26. | Shaheen Nawaz | LDC | Punjab |
| 27. | Mr. Zulfiqar Ali | LDC | Punjab |
| 28. | Mr. S. Abad Hussain | LDC | Punjab |
| 29. | Syed Aly Raza | LDC | Punjab |
| 30. | Mr. Subhan Ali Hisbani | LDC | Sindh(R) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 31. | Malik Haq Nawaz | LDC | AJK |
| 32. | Malik M. Ramzan | Driver | Punjab |

**(a) BRADORD**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. S. Khalid Mahmood | Frist Secretary | Punjab |
| 2. | Mr. Razaur Rehman | Suprintendent | Sindh(U) |
| 3. | Mr. Munir Ahmad Bhatti | Accountant | Punjab |
| 4. | Mr. Muhammad Sadiq | LDC | Sindh(U) |

**(b) Birmingham**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Arshad Saud Khosa | Frist Secretary | Punjab |
| 2. | Mr. Muhammad Iqbal | UDC | Punjab |

**(c) Manchester**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Jamil Ahmad | First Secretary | NWFP |
| 2. | Mr. Aurangzeb Khan | Accountant | NWFP |

**(d) Glasgow**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Mushtaq Ahmad | Second Secretary | Punjab |
| 2. | Mr. Muhammad Amin | UDC | Balochistan |

## Pakistan High Commission, Canada

### (a) Ottawa

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Rafat Mahdi | High Commissioner | Punjab |
| 2. | Mr. Khurshid Anwar | Minister | NWFP |
| 3. | Mr. Tanveer A. Khaskheli | First Secretary | Sindh(R) |
| 4. | Mr. M. Badruddin | Stenographer | Punjab |
| 5. | Mr. Khurshid Ahmad | Stenotypist | Punjab |
| 6. | Mr. S.M. Zulqarnain Taqvi | Accountant | Punjab |
| 7. | Mr. S. Ghazanfar Ali Naqvi | Assistant | Punjab |
| 8. | Mr. Mateen A. Mubeen | Aditional Assistant | Punjab |
| 9. | Mr. Gohar Shah | Driver | NWFP |
| 10. | Mr. Zafar Ali | Security Guard | Sindh |
| 11. | Mr. Shujat Hussain | Security Guard | FATA |

### (b) Toronto

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Iftikhar A. Arain | Counsellor | Sindh(R) |
| 2. | Mr. Nisarullah Baluch | First Secretary | Sindh(R) |
| 3. | Mr. Shamim Akhtar | Stenographe | Sindh(U) |
| 4. | Mr. M. Mukkaram Khan | Accountant | Punjab |
| 5. | Mr. Gul Khatab Abbasi | Assistant | NWFP |

### (c) Montreal

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Muhammad Ramzan | Assistant | Punjab |

## Embassy of Pakistan, France

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Shahryar M. Khan | Ambassador | Sindh(U) |
| 2. | Ms. Asma Anisa | Minister | Punjab |
| 3. | Mr. Aitzaz Ahmad | Frist Secretary | Islamabad |
| 4. | Mrs. Raffat Masood | Second Secretary | NWFP |
| 5. | Mr. Akhunzada Qabil Saeed | Third Secretary | NWFP |
| 6. | Mr. Abdul Wahid | Stenographer | NWFP |
| 7. | Malik Rashid | Stenographer | Punjab |
| 8. | Mr. Muhammad Yar Awan | Communication Asstt. | Punjab |
| 9. | Mr. Sarfaraz Khan | Accountant | NWFP |
| 10. | Mrs. Wakeela Khatoon | Assistant | Punjab |
| 11. | Mr. Muhammad Ashraf | Security Guard | Punjab |

Mr. Chairman: Supplementary question?

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** جناب! سوال میں پھر وہی پوچھا گیا ہے کہ USA, UK, Canada and France Embassies میں officials, provicne-wisebreak-up کیا ہے۔ USA, Punjab سے ۱۳ آفیسرز، ۲۲ آفیشلز، ٹوٹل ۳۵ ہیں۔ سندھ سے ایک آفیسر ہیں، آفیشلز ۳ ہیں اور ٹوٹل ۴ ہیں۔ NWFP, Pakhtoon Khwa سے ۳ آفیسرز، ۴ آفیشلز ہیں اور ٹوٹل ۷ ہیں۔ بلوچستان سے ایک آفیسر ہے، ٹوٹل ایک ہے۔ تو اسی طرح اگر UK کو لے لیں، بلوچستان سے صرف ایک آفیشل ہے۔ اسی طرح پنجاب کے علاوہ جو دوسرے صوبے ہیں خصوصاً بلوچستان اور دیگر، فرانس کے مشن میں بلوچستان اور دیگر علاقوں کا نام تک کا ذکر نہیں ہے، تو مسئلہ بنیادی طور پر یہ ہے کہ ظاہر ہے پاکستان کی خارجہ پالیسی depend کرتی ہے کہ ملک socio-economically کتنا developed ہے، science & technology کس حد تک developed ہے اور کس حد تک یہ ایک powerful ملک region کے

حوالے سے ہے ۔ اس سے foreign policy کا تعین کسی حد تک ہو جاتا ہے ۔ National interest اور ارد گرد کے interests کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی ملک کی مکمل بہترین خارجہ پالیسی کو international diplomacy میں handle کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اس ملک کے اپنے different regions کی بھی نمائندگی ہو۔ جب مختلف regions کی نمائندگی ہوگی تو پھر بہتر انداز میں international diplomacy ہوگی۔ تو یہ diplomacy میں جو officials discrepancy کے حوالے سے ہے کیا وہ اسے درست گرداتے ہیں ۔ اگر درست نہیں گرداتے ہیں تو federation کی spirit پھر کیا ہے اور کیا ہونی چاہیے۔

Mr. Chairman: Minister of State for Foreign Affairs.

Mr. Muhammad Siddiq Khan Kanju: Thank you Mr. Chairman. I think, you will be aware that there is no quota criteria as such whenthese postings are made abroad. In fact, during their appointment, yes, there is a definite quota but for posting, sir...

Mr. Bashir Ahmed Matta: Sir, if it is not written in the book, does it mean that they will be excluded from all upper echelons of the bureaucracy?

Mr. Chairman: Minister of State for Foreign Affairs.

Mr. Muhammad Siddique Khan Kanju: There is no question of excluding anybody or including anybody as I have said earlier. The basic criteria during postings abroad, quota system as such is not there, it is not in the rules, it is not in the book.

Mr. Bashir Ahmad Matta: Excuse me sir, but in the spirit of the federalism when the quota system is not there, then they will ignore the officials or the officers, diplomats of the smaller provinces and they looked at Pakistan through binocular of Raiwind. They will always down grade that, the people from

the smaller provinces, will it mean interest of the Federation is duly served?

**Mr. Chairman:** Yes, Minister of State for Foreign Affairs.

**Mr. Muhammad Siddique Khan Kanju:** What is the question binocular part or the operative part of the question.

*(interruption)*

**Mr. Bashir Ahmad Matta:** Because your are not answering in the question. Yes, both are parts.

**Mr. Muhammad Siddique Khan Kanju:** I have already very humblysubmitted through you Mr. Chairman, to the honourable Member that while postings of certain officers and officials take place, there is no quota as such.

یہ different criteria ہے Please, bear with me for a moment please. اسی کے مطابق حضور والا! وہ کیا جاتا ہے ۔پوسٹنگ کے وقت قطعاً قطعاً کوٹہ سسٹم نہیں دیکھا جاتا ہے ۔جو صحیح بات ہے وہی میں آپ کو عرض کر رہا ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** ان کا کہنا ہے کہ اس کا خیال رکھا جائے۔جی مختار صاحب آپ نے سوال نہیں پوچھا آپ فرمائیے۔

**Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmad:** He is saying,

کہ criteria ہوتا ہے۔ آفیسر کا، آفیشل کا کیا critria ہوتا ہے ہمیں بھی تو بتائیں we don't know about this criteria

**جناب چیئرمین۔** جی criteria کیا ہوتا ہے۔

**جناب محمد صدیق خان کانجو۔** یہ بہت ہی valid میجر صاحب کا سوال ہے ۔اس میں بنیادی طور پر آفیشل اور آفیسر کی پرفارمنس اس کے سینیئرز کی رپورٹ کے مطابق positng ہوتی ہے۔ اس کا ہیڈکوارٹر پر اور یہاں رہنا، اس کی باہر پوسٹنگ جہاں ساروں کو equal opportunities

دی جائیں۔ جو کہ ان کی اپنی capability کے تحت، جنہوں نے مختلف جگہوں پہ پہلے کام کیا ہو، اس میں قطعاً کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ کسی کو آنکھیں بند کرکے بھیجیں اور کس کو آنکھیں کھول کر بھیجیں۔ بنیادی طور پہ اسی criteria کے مطابق پوسٹنگ ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب مسعود کوثر صاحب۔

سید مسعود کوثر ۔ جناب You know, he has been shifting from his stance

پہلے انہوں نے کہا کہ یہ صرف پوسٹنگ ہے۔ جناب ان کو خود پتہ ہے کہ پاکستان مشن in U.S.A پاکستان مشن ان یو۔کے، پاکستان مشن ان کینیڈا۔ اب یہ صرف پوسٹنگ نہیں ہے۔ بلکہ آپ ٹوٹل نمبر دیکھیئے کہ کس صوبے کے کتنے لوگ کس کس جگہ پہ ہیں۔ اگر آپ دیکھیں تو پاکستان مشن ان یو ایس اے total from Punjab is 35, the highest اور اس کے بعد پنجاب یو۔کے میں دیکھیں is again 29, the highest اس کے نیچے جو ہیں وہ پانچ ہیں۔ اس طرح پاکستان مشن کنیڈا میں وہ 8 ہے جو کہ highest ہے تو ان کا یہ argument درست نہیں ہے کہ یہ صرف پوسٹنگ ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ total employment دی گئی ہے foreign service اور missions میں، اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ فیڈریشن کے جو باقی units ہیں ان کو ٹوٹل نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اور فیڈریشن کے ایک یونٹ کے لوگ ہر جگہ پہ ان کو ایمپلائمنٹ دی گئی ہے which is very unfair in it, it is provided by the Constitution itself, you are talking of Rules and quota system and all that. Your Constitution says, all the less developed areas have to be developed, have to be given proper opportunity of serving in Pakistan and all spheres of life.

Mr. Chairman: O.K. Minister of State for Foreign Affairs.

Mr. Muhammad Siddique Khan Kanju: Thank you, Mr. Chairman, this is a very very valid question

اس میں۔ میں اپنے بھائی سے اتفاق کرتے ہوئے اتنا یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ region-wise quotas appointment کے وقت through the CSS وہاں پبلک سروس کمیشن نے کیا ہوا ہے اور وہ میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔---------

(مداخلت)

جناب محمد صدیق خان کانجو۔ پہلے اپوائنٹ ہوں گے تو پھر ان کی پوسٹنگ کا آگے آتا ہے ۔میں آفیسرز کی بات کر رہا ہوں وہ تو آپ سن لیں۔اس میں بنیادی طور پر میرٹ پر ۱۰ فیصد ' پنجاب ۵ فیصد ' سندھ ۱۹ فیصد ہے جس طرح ۱۹ فیصد 40% is urban, 60% is rural that is the break-up of 19%, NWFP is 11.5%, Balochistan 3.5%, FATA is 4%, AJK 2% یہ تو ہیں آپ کے ریجن وائز کوٹہ جو سی ایس ایس کے امتحانات کے وقت فیڈرل پبلک سروس کمیشن اس چیز کے مطابق کرتی ہے۔ جہاں تک پوسٹنگ کا تعلق ہے جناب چیئرمین اس میں جس طرح میں نے پہلے عرض کیا - اس میں کوٹہ سسٹم نہیں ہے - Performance of official or anofficer is always kept under consideration while posting him from one to another Embassy , sir. Thank you.

جناب چیئرمین۔ جی رضا ربانی صاحب۔

Mian Raza Rabbani : Sir, I am grateful to you. I would like to just draw the attention of the honourable Minister to the fact that I conceive straight away that in postings, the quota system is taken into consideration. ButI would like to draw his attention to one thing and then I would like to ask him if he agrees with the inference that can be drawn from this observation. If from the chart that he has given, as have been pointed out by the honourble Senator, in USA from Punjab is 35, from NWFP the next highest number is 7. Look at the discrepancy in the first and second, its more than about 30 officers. Similarly in U.K. is 29 and 5, and a dicrepancy of more than 22 to 23 officers. Similarly ,in Canada ,well ,its there, its a discrepancy of about 2 or 3, and again in France its a 5 and 4. So, would it then be correct to presume that the quota system is being violated interms of the foreign service at the time of employment, that the other three federating units are not being given their due quota , at the time of employment and that Punjab is taking lion's share once again in the

foreign service. Because from these figures this is what it appears. I conceive that , yes, as far as transfers and postings criteria is concerned quota is not applicable, but then it would mean that the overall number of officers in the Foreign Office is predominantly from the Punjab and that in the initial stages the quota system is being violated.

Mr. Chairman: Minister for State and Foreign Afffairs.

Mr. Muhammad Siddique Khan Kanjo: Thank you Mr. Chairman. Sir, let me assure my honourable friend from the other side, that as far as the officers are concerned it is a Federal Public Service Commission which under the Constitution and the rules is bound for the appointment of the officers if they qualify the CSS exam. So, there is no question of the Foreign Office or any other department putting the fingers into that. About the officials sir, we totally go according to the laid down procddures and keeping in mind the provincial quotas, that is at the time of the appointment I am talking about. Because what they have listed here , there are certain observations for example in Canada and France 5 or 4, 8 or 5, 8 or 3, in a case of USA it is yes 35 and 7. جو انہوں نے quote کئے۔ بنیادی طور پر یہ پوری جو میں نے پہلے 3.4%, 4%, 19%,50%,10% اور 2% کی detail آپ کے ذریعے honourable House کی خدمت میں جو عرض کی ہے وہ ایک پورا 50سال کا accumulated طریقہ ہے جس سے یہ لوگ کافی عرصہ میں سروس میں آتے رہے ہیں اور اسی کے مطابق آگے پھر سلسلہ کیا گیا ہے۔ شکریہ جناب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ جی رضا ربانی صاحب۔

میاں رضا ربانی۔ جناب میں یہ عرض کر دوں کہ ایک تو وزیر صاحب نے یہ جواب clear نہیں دیا۔ دوسری بات وزیر صاحب نے یہ فرمائی کہ postings کی جو بنیاد ہے وہ reports پر ہو رہی

ہے۔ جب reports پر بنیاد بن رہی ہے تو کیونکہ top postings تو UK اور USA کی ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ کیونکہ فرق اتنا ہے کہ کہاں پر 35 اور کہاں پر 7، کہاں پر 29اور کہاں پر 5۔ آئے ہوئے ہیں۔ وہ totally redundant ہیں نااہل ہیں اور ان میں سے کسی کی بھی رپورٹ upto the markنہیں ہے کہ USA ان کا تبادلہ ہو یا UK تبادلہ ہو۔ نہ انہوں نے پہلی بات کا جواب دیا، کوٹہ کی فگر تو مجھے بھی پتا ہے۔ یہ بھی مجھے پتا ہے کہ Federal Public Service Commission کرتی ہے، یہ نہیں کر رہے لیکن میں یہی کہہ رہا ہوں کہ کیا Federal Public Service Commission کے اندر Federal Public Service Commission جہاں سے ان کے امتحانات ہوتے ہیں وہاں پر چھوٹے صوبوں کا جو کوٹہ ہے وہ ان کو نہیں دیا جا رہا اور تمام کے تمام افسران جو ہیں وہ پنجاب کے فارن سروس میں آ گئے ہیں یہ تو ہوئی ایک بات۔ دوسری بات جو میں ان سے نہایت مودبانہ طریقہ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ابھی فرمایا کہ basis جو ہے وہ بنتی ہے رپورٹ، تو کیا ان دو جگہوں کے لئے یہ ہم assume کرنے میں حق بجانب ہوں گے کہ سندھ بلوچستان اور فرنٹیئر سے تعلق رکھنے والے افسر فارن آفس میں نا اہل ہیں اس لئے ان کی پوسٹنگ ان دو missions میں نہیں ہو سکتی۔

Mr. Chairman: Minister for State for Foreign Affairs.

**جناب محمد صدیق خان کانجو۔** جناب چیئرمین! مجھے نہایت ہی افسوس ہے کہ اگر میں اپنی بات واضح نہیں کر سکوں۔

**جناب محمد زاہد خان۔** آپ کر بھی نہیں سکتے۔

**جناب محمد صدیق خان کانجو۔** زاہد خان صاحب کے ہوتے ہوئے واقعی کوئی چیز عقل والی نہیں کہیجا سکتی۔ چیئرمین صاحب! گزارش یہ ہے اس میں confusion تو کوئی ہے نہیں۔ میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ Federal Public Service Commission selection کرتی ہے وہ کوٹہ سسٹم کو disturb نہیں کر سکتے، ان پر آئین کے مطابق لازم ہے۔ they cannot differentiate اگر اور اس میں سے کوئی کہیں نظر آئے کہ total service میں سے جو quotas provinces کے ہیں وہ نہیں adhere کئے گئے anybody could go to the court straight away and that could get the remedy وہ تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ دوسرا حصہ جو محترم رضا صاحب نے فرمایا میں اس کے متعلق اتنا عرض کرتا ہوں کہ یہاں پر جتنی یہ postings دی گئی ہیں۔ جناب اگر آپ بنیادی طور پر

19%,3.5% پھر 10%, 50% appointments کا ratio دیکھ لیں کہ جو CSS کے ذریعے آتے ہیں۔ اور 4% کے حساب سے جو آپ کا Federal Public Service Commission کا طریقہ کار laid out ہے۔ اس کے مطابق ان کی appointments ہوں گی اور آگے ان کی posting بھی اسی طریقہ سے ہے۔ یہ کہنا کہ فلاں جگہ پر یہ نہیں ہے اور وہ کوٹہ کے مطابق نہیں ہیں، وہ ممکن نہیں ہے، جس طرح میں نے پہلے عرض کیا وہ ممکن ہے اسی حساب سے ہے جو کہ criteria transfers اور postings کا ہے۔ Appointment کا علیحدہ ہے، CSS کا علیحدہ ہے اور اس کے مطابق ہم چل رہے ہیں۔ اس میں قطعاً کسی قانونی خلاف ورزی نہیں کی گئی۔

**جناب چیئرمین۔** عاقل شاہ صاحب، اس پر ہی سوال پوچھتے جانا ہے آگے نہیں چلیں گے۔

**سید عاقل شاہ۔** جناب میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہ رہا تھا کہ کیا یہ حقیقت ہے کہ اس بے انصافی کو دور کرنے کے لئے حکومت consider کر رہی ہے کہ تمام صوبوں کو فارن آفس میں برابر کی postings دی جائیں گی۔

**جناب محمد صدیق خان کانجو۔** کیا کرنے کے لئے۔

**جناب چیئرمین۔** کہ تمام صوبوں کو برابر کی postings دی جائیں گی۔ یعنی کوٹہ سسٹم کو تبدیل کر کے برابر کا کوٹہ کر دیا جائے۔

**سید عاقل شاہ۔** جناب ہم نے یہ سنا ہے کہ گورنمنٹ یہ consider کر رہی ہے کیونکہ گزشتہ 50 سالوں میں بے انصافی بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ کیا اس میں کوئی حقیقت ہے۔

**جناب چیئرمین۔** جی منسٹر صاحب۔

**جناب محمد صدیق خان کانجو۔** ایسی کوئی تجویز نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین۔** جی ڈاکٹر حئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** شکریہ چیئرمین صاحب! میں بڑے افسوس سے یہ بات کہوں گا کہ آئین کی خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ 42 آدمی برطانیہ میں، 31 امریکہ میں اور 17 کنیڈا میں اور 11 کے قریب فرانس میں۔ آپ خود دیکھیں ان میں ایک آدمی بلوچستان سے نہیں ہے۔ ایک آدمی نہیں ہے، جناب یہ دنیا کے سب سے اہم ترین ممالک ہیں۔ اس میں سے ایک آدمی بھی بلوچستان کا مجھے دکھائیں۔ چیئرمین

صاحب دوسری بڑی بات یہ ہے کہ-----

**جناب چیئرمین۔** ایک ہے' ایک ہے گلاسگو میں ہے

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** جناب چیئرمین صاحب یہ ظلم دیکھیں سوال یہ ہے کہ------

**جناب چیئرمین۔** ایک United Nations میں بھی ہے۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** چیئرمین صاحب! یہ بے انصافی دیکھیں کہ ہمارا جو کوٹہ ہے 1981ء کی مردم شماری کے مطابق ہمارا کوٹہ بنتا ہے 5.4 فیصد' یہ دیکھیں ہم انصاف کر رہے ہیں کہ 1971 کی مردم شماری کے مطابق یہ ہمارے 3.5% کوٹہ پر عمل کر رہے ہیں۔ 1971 کا 3.5% فیصد یہ نہیں بھولتے' ہمارا تو خدا کے بندے 1981 کی مردم شماری کے مطابق 5.4 فیصد بنتا ہے۔

**جناب چیئرمین ۔** اب نئی مردم شماری بھی ہو گئی ہے اب یہ صحیح ہو جائے گا۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔** نہیں کب ٹھیک کریں گے۔ اس سے پھر احساس محرومیت بڑھے گی کہ نہیں بڑھے گی۔ جب آپ آئین کے مطابق بھی عملدرآمد نہیں کرتے اور ہمیں ٹرخاتے ہیں۔ فیڈرل پبلک سروس کمیشن میں ہمارا کوٹہ 5.4 فیصد بنتا ہے آپ اس کو 3.5 فیصد پراور وہ بھی آپ ہمیں نہیں دیتے۔ ہمارا آپ سے ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ جو آئین ہے یا تو آئین کوایک طرف رکھ دیں ۔ پھر اپنی من مانی کریں یا اگر آئین ہے تو اس پر عملدرآمد کرتے ہوئے ہمارے ساتھ کتنی بھی بے انصافی ہوئی ہے' پچاس سال میں اس کا ازالہ آپ کریں' کب اسکا علاج کریں گے۔

**جناب چیئرمین ۔** ان کے ساتھ جو زیادتی ہو رہی ہے آپ اس کا ازالہ کب کریں گے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین ۔** بیٹھیں ناں جی سوال کا جواب آنے دیں' ان کا سوال یہ تھا کہ بہتزیادتی ہو رہی ہے اس کا ازالہ کب کریں گے۔

**چوہدری محمد انور بھنڈر ۔** اسی سوال میں آجائے گا کہ پانچ آفیسرز میں سے کینیڈا میںپنجاب کو صرف ایک دیا ہے۔ فرانس میں پچاس آفیسرز میں سے پنجاب کو صرف ایک ملا ہے۔ کیوںپنجاب کے ساتھ ناانصافی ہو رہی یہ بھی جواب دیں۔

(مداخلت)

**Mian Raza Rabbani** : Sir, smaller province that is Sindh, from Sindh there is a superintendent. In Washington the highest ranking officer from any other province, that is the province of Sindh, that is a superintendent and I draw your attention in the Pakistan High Commission in London, the highest ranking officer from any other province, that is the N.W.F.P., is a stenographer.

اور بلوچستان کی بات کرتے ہیں گلاسگو کی۔ گلاسگو میں یو ڈی سی ہے بلوچستان کا اور یہ بات کر رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جرمنی میں ایمبیسڈر بلوچستان سے ہے۔ سپین میں ایمبیسڈر بلوچستان سے ہے۔ اعتزاز صاحب کا سوال۔

**چوہدری اعتزاز احسن:** جناب چیئرمین، وزیر صاحب نے اول تو یہ فرمایا ہے کہ اپوائنٹمنٹ کے وقت کوٹہ سسٹم پبلک سروس کمیشن نافذ کرتی ہے اور اس کے نفاذ کے ذریعے تقرریاں ہوتی ہیں آپ نے یہ فرمایا ہے کسی خاص عہدے پر کوئی پوسٹنگ ہوتی ہے، تقرری ہوتی ہے سروس میں آجانے کے بعد اس میں کوٹہ سسٹم کو خاطر میں رکھنا، آئین کا یا قانون کا تقاضہ نہیں ہے۔ پہلے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ وزیر صاحب کو یہ کہنا چاہیئے تھا کہ آئین کا تقاضہ ہو یا نہیں اس عدم توازن کو کسی حد تک حکومت کوشش کرے گی کہ اس کو کم کرے۔ یہ عدم توازن یقیناً ہے اور یہ صاف نظر آرہا ہے۔ ان کو چاہیئے تھا کہ وہ کہتے کہ ہم اس کو کم کریں گے آپ کو صاف کہہ دینا چاہیئے۔ سپریم کورٹ ہے آپ جانتے ہیں جناب چیئرمین! کوئی وہاں کوٹہ سسٹم نہیں ہے، کوئی ریجن نہیں ہے؛ پاکستان کی سب سے بڑی عدلیہ ہے اور آپ جانتے ہیں کہ تمام صوبوں سے ججز کی جب تقرری ہوتی ہے تو فاضل جج صاحبان تمام صوبوں سے لئے جاتے ہیں۔ بلوچستان سے کبھی ایک یا دو رہ جائیں------

**جناب چیئرمین:** سینٹ میں تو کوٹہ سسٹم ہے ناں۔

**چوہدری اعتزاز احسن:** ہوتا ہے۔ یہ آئین کا تقاضہ نہیں ہے لیکن حکومت اس کو مدنظر رکھتی ہے خاطر میں لاتی ہے، اور میرا خیال تھا کہ وفاق کے اس ادارے کو وزیر خارجہ خود کہہ دیتے کہ آئندہ ہم کوشش کریں گے۔ میںآپ کو صرف یہ کہوں مجھے فکر ہے اور میں جو سوال کرنا چاہتا ہوں وہ تھوڑا سا اس سے مختلف ہے سر مجھے فکر ہے کہ ان میں سے زیادہ تر پنجاب کے بھی نہیں ہونگے ان کے ڈومیسائل اگر آپ دیکھیں گے تو کئی لوگوں کے ڈومیسائل رائے ونڈ کے نکلیں گے۔ پنجاب یونہی بدنام ہو رہا ہے۔

لیکن میں سوال جو کرنا چاہ رہا ہوں تھی۔ ب صفحہ آٹھ پر ہے یہ ہماری وہ ایمبیسیاں ہیں وہ سفارتخانے ہیں وہ کونصلیٹ ہیں جہاں پاکستان کو سب سے زیادہ امداد ملنی چاہیئے پاکستان کی داخلی پالیسی پر ۔ آج دنیا کہہ رہی ہے جناب چیئرمین! کہ پاکستان تنہا رہ گیا ہے۔ آج دنیا کہہ رہی ہے ہم نہیں کہہ رہے ہیں۔ ہر ایک کہہ رہا ہے جس میڈیا پر جس جس ادارے پر نشریاتی ادارے پر' جب ہماری گورنمنٹ تھی تو یہ تکیہ کرتے تھے بی بی سی پر تکیہ کرتے تھے سی این این پر تکیہ کرتے تھے' امریکہ کی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ پر یہ تکیہ کرتے تھے' برطانیہ پر یہ تکیہ کرتے تھے وہاں کی عدالتوں اور مجسٹریٹ پر یہ تکیہ کرتے تھے۔ وہاں کی حکومتوں کے بیانات پر یہ تکیہ کرتے تھے آج وہ سب کے سب کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کی حکومت آج کڑے امتحان کے وقت دنیا میں تن تنہا ہے اور چین سے بھی یہ بھاگ کر واپس آئے ہیں تو جواز کیا ہے کہ آپ دیکھیں آخری کالم میں کیا جواز ہے؟ کیا وزیر صاحب بتا سکتے ہیں کہ ان سب سفارت خانوں کے اخراجات میں پاکستان کے ڈیفنس بجٹ سے بھی زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ ڈیفنس میں ہم نے اتنا اضافہ نہیں کیا ہے۔ وہاں freeze کیا ہوا ہے۔ وہاں صرف ہم کہتے ہیں کہ actual اضافہ ہے یہاں آپ دیکھیں واشنگٹن میں تقریباً 15 % نیویارک میں 16% تقریباً میں کہہ رہا ہوں۔ نیویارک میں دوسرا اپنا مشن ہے اس میں 19% جو لاس اینجلس والا ہے یہاں 45% اضافہ ہے ہمارے اخراجات کا۔ یہ میرا خیال ہے وزیراعظم صاحب بھی وہاں پر گئے تھے ایمبیسی آف پیرس میں 11% ہائی کمیشن اٹاوا میں 23% ہے کونصلیٹ ٹورنٹو والے میں چالیس فیصد اضافہ ہے اور 16% لندن میں اضافہ ہے۔ ہمارے دور سے اب اتنا اتنا اضافہ ہے اور جو خارجہ پالیسی ہے وہ زخمی حالت میں فرش پر تڑپ رہی ہے' قالین پر تڑپ رہی ہے اور اخراجات بڑھتے جا رہے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے کیا جواز اس کا یہ پیش کر سکتے ہیں۔

**جناب چیئرمین** ۔جی منسٹر آف سٹیٹ برائے فارن فیئر۔

**جناب محمد صدیق خان کانجو** ۔ شکریہ جناب چیئرمین' یہ سوال کے روپ میں ایک اچھی تقریر تھی اس پر سٹیٹمنٹ اگر آپ اجازت دیں تو وہ میں بعد میں دوں گا۔ بنیادی طور پر اگر آپ actually دیکھیں کہ جتنی رقومات ہمیں زیادہ incur کرنی پڑیں اس میں چونکہ سارے اخراجات ہمارے فارن کرنسی میں ہیں اس کا ایک بہت بڑا عمل دخل اس میں ہے۔ میں گزارش یہ کرتا ہوں کہ ٹوٹل بجٹ بیٹھ کر اگر ہمارا دیکھیں تو آپ کو خود اندازہ ہوگا اور مجھے پورا یقین ہے کہ میرے محترم سینئر حضرات یہاں پر خود کھڑے ہو کر کہیں کہ یہ first defence line جو ملک کی ہے اس کو بہت زیادہ دیا جائے ۔ یہ ٹوٹل

amount آپ دیکھ رہے ہیں اس کی increases بنیادی طور پر اس وجہ سے ہوئی ہیں جو کہ کرنسی کا اتار چڑھاؤ ہے۔

جناب چیئرمین ۔جی بشیر احمد مٹہ۔

جناب بشیر احمد مٹہ، محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے۔ کہ یہ جو پوسٹنگز ہیں اس میں فیڈرل پبلک سروس کمیشن کوٹہ مقرر کرتی ہے اور وہ آتے ہیں۔ مجھے پتہ ہے میں خود اس میں آیا ہوں اور میں فارن سروس میں رہا بھی ہوں۔ ہوتا یہ ہے کہ وہ select کرتے ہیں and then they hand them over to the Foreign Ministry. After that they are posted in different Embassies.

ایک شخص مثلاً الف ہے بیس سال اس کی سروس ہے

He has come to Federal Public Service Commission and he is employed by the Foreign Ministry. Now, one (a), when he came into the service he was at the top and there is a person who came in the same year and at the bottom but through this process of jugglery of reporting of ingrained bias against the people of smaller provinces. Then income, who, those who are incompetent, they are promoted over their heads and then in their eyes they say they are more competent. I challgened them, you can see sir the competence that they are giving the nation. As Leader of the Opposition said, what is your situation today? Where is your Foreign Office and where are your missions? This because of the jaundiced eyes, I said, I have experienced it. Sir, you know it very well, because you go in the high circles. Seats, postings in Paris, Jeneva, Washington and the WAPDA are reserved for the sons of Foreign Secretaries and the higher Embassadors and they are very well connected politically and they are all congrigated in the *Jimkhana* club of Lahore. So, now I want to tell the honourable Minister that he should treat the question seriously. We do not know more, we

are not prepared to live in kingdom, this is Federal Republic and all the smaller provinces of this country want justice and this should not be the treatment, we have experienced it, we have gone through it and I challenge him, let himbring the leading lights of the Foreign Office and you will see what intellegence they have. But in there eyes, they are competent and people of Balochistan, of Pakhtoonkhaw and of Sindh, they are incompetent. Will we have to change the judges or we will have to evolveanother system for the judgements?

**Mr. Chairman:** O.K. Yes Minister of State for Foreign Affairs.

**جناب محمد صدیق خان کانجو:** جناب والا! عرض یہ ہے کہ میں نے جس طرح عرض کیا ہے، میں یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان کا ہر صوبہ، اس ملک کا ہر باشندہ، ہر صوبے سے رہنے والا باشندہ، بہت ہی عزیز ہے، بہت ہی پیارا ہے، ہمیں اس کا بہت ہی احترام ہے---

(مداخلت)

**جناب محمد صدیق خان کانجو:** جناب والا! گزارش یہ ہے کہ ہمیں بہت احترام ہے اور ہم اسی کے مطابق سب کچھ کرتے ہیں۔ آج یہ بھول گئے ہیں کہ مثال کے طور پر آج ان کو Bon نظر نہیں آتا، آج دہلی جو ہمارے لئے top پر تھا، آپ سمجھتے ہیں کہ سب سے بہترین posting، سب سے important posting جہاں ہم سمجھتے ہیں کہ بہت زیادہ اہل لوگ ہونے چاہئیں------

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** وہ جان کر آپ کو تنگ کرتے ہیں،

**جناب محمد صدیق خان کانجو:** نہیں جناب زاہد خان تو میرا بھائی ہے، اس سے زیادہ بھی کرے۔ میری گزارش یہ ہے کہ قطعاً ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی اگلا سوال نمبر 55۔

55. * **Mr. Nisar Muhammad Khan:** Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state the number, names and place of domicile of Pakistani

Ambassadors and High Commissioners working in Western Europe and South Africa?

Mr . Sartaj Aziz: There are ten Career and six non-Career Ambassadors/High Commissioners of Pakistan presently working in Western Europe and South Africa. Their province-wise break-up is as under:

| | |
|---|---|
| Punjab | 7 |
| Sindh | 4 |
| NWFP | 3 |
| Balochistan | 2 |

Their name and countries of posting are given below:

### (i) WESTERN EUROPE

**Career Ambasadors**

| | Country | Name | Domicile |
|---|---|---|---|
| 1. | Austria | Mr. Shaukat Umar | Punjab |
| 2. | Greece | Mr. Javed Hafeez | Punjab |
| 3. | Sweden | Mr. Naeem U. Hassan | Punjab |
| 4. | Switzerlan | | |
| | (a) Berne | Mr. Tayyeb Siddiqui | N.W.F.P. |
| 5. | (b) Geneva | Mr. Munir Akram | Sindh |
| 6. | Denmark | Mr. Salman Bashir | N.W.F.P. |
| 7. | Belgium | Mr. S.K. Dehlavi | Sindh |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 8. | Italy | Mr. Arif Ayub | NWFP |
| 9. | Germany | Mr. Gul Haneef | Balochistan |

**Non-Career Ambasadors**

| | Country | Name | Domicile |
|---|---|---|---|
| 1. | Netherlands | Adm. (Retd.) Saeed M. Khan | Punjab |
| 2. | Norway | Mr. Atta-ul-Haq Qasmi | Punjab |
| 3. | U. K. | Mian Riaz Samee | Punjab |
| 4. | Spain | Lt. Col. (Retd.) Khawar Rashid Pirzada | Balochistan |
| 5. | France | Mr. Shahrayar M. Khan | Sindh |
| 6. | Portugal | Mr. Akhtar Ali G. Qazi | Sindh |

**(ii) SOUTH AFRICA**

**Career Ambasadors**

| | Country | Name | Domicile |
|---|---|---|---|
| 1. | South Africa | Mr. Shafqat Saeed | Punjab |

جناب چیئرمین - جی ضمنی سوال، جی خدائے نور صاحب۔ جی پہلے خدائے نور اس کے بعد

صفدر عباسی۔

جناب خدائے نور: جناب چیئرمین! اس پر میرا مختصر سا سوال ہے، جہاں پر انہوں نے دو نام دیئے ہیں یورپ میں ایک گل امیر صاحب جو بالکل صحیح ہے، بلوچستان کا ہے، لیکن دوسرے میں جہاں انہوں نے دیا ہے سپین میں لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) خاور رشید پیرزادہ، بلوچستان سے ہے، میں آپ سے چھوٹا سا سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ کہاں کا ڈومیسائل ہے، کیا وہاں کا مقامی ہے؟ ڈومیسائل اگر ہے تو کہاں کا ہے؟ صرف یہ سوال ہے اور اس سے زیادہ میں کچھ نہیں پوچھنا چاہتا۔

جناب چیئرمین: جی وزیر مملکت برائے خارجہ امور۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دیکھیں so, for that he needs a fresh question باپ دادا کا نام، تحصیل کا نام، ڈاکخانے کا نام، اس کے لئے ---

جناب خدائے نور: جناب والا! گر ڈومیسائل ہے تو کہاں کا ڈومیسائل ہے۔

(مداخلت)

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب والا! ہمارا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین: جی پہلے جواب آنے دیں، پھر آپ کو بتاتے ہیں۔

جناب محمد صدیق خان کانجو۔ ان کا domicile بلوچستان صوبے سے ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی۔

جناب محمد صدیق خان کانجو۔ جس ضلع سے، جس یونین کونسل میں، جس دایا نے ان کا جنم کیا وہ سارا میں خدائے نور صاحب کی خدمت میں پیش کر دوں گا ۔ اس وقت میرے پاس اس کی تفصیل نہیں ہے کہ کون سی تحصیل ہے، کون سا تھانہ ہے، کون سا ضلع ہے۔

جناب چیئرمین۔ یہ ہونا چاہئیے۔ جی صفدر عباسی صاحب، صفدر عباسی نے سوال نہیں پوچھا۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب! میں کانجو صاحب کی توجہ اس طرف دلاؤں گا کہ ان سے کچھ بنیادی غلطی ہو گئی ہے۔ آپ نے لکھا ہے کہ Norway میں عطاء الحق قاسمی صاحب ambassador ہیں

جبکہ میں کل ہی اخبار میں پڑھ رہا تھا کہ کوئی آغا عبد الکریم خان صاحب ہیں جن کا تعارف یہ کرایا گیا ہے کہ he is a landlord, settled in Switzerland ان کو آپ نے appoint کیا ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ نے یہ غلط بیانی کیوں کی ہے اور دوسرا یہ کہ ان صاحب کا ذرا تعارف کرائیں کہ وہ کون ہیں اور کہاں سے آئے اور ان کی کیا lands ہیں اور Switzerland میں کیسے جا کر settle ہوئے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** جی. Minister of State for Foreign Affairs.

**جناب محمد صدیق خان کانجو۔** جناب اس وقت قاسمی صاحب Norway میں ہیں۔ ان کی posting بنکاک، تھائی لینڈ میں ہوئی ہے مگر ابھی اس وقت پاکستان کی نمائندگی بطور سفیر عطاء الحق قاسمی صاحب ہی کر رہے ہیں۔ جن دوسرے صاحب کے متعلق کہا گیا ہے، جب یہ سوال کریں گے تو میں اس کی تفصیل پیش کر دوں گا۔

**Mr. Chairman:** Fresh notice, fresh question.

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔** جناب پہلی تو appointment ہوئی ہے۔

**جناب چیئرمین۔** جی Correct لیکن ان کو سر دست کیسے پتا ہو گا کہ کون ہے، he is living in Switzerland, how would you know

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔** وہ ہمارا سفیر بن گیا ہے، یہی تو ہمارے ملک کا المیہ ہے۔ رضا ایک منٹ۔ جناب میری بات سنیں۔

**جناب چیئرمین۔** جی، فرمائیے۔

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔** جناب یہی تو ہمارا المیہ ہے کہ here is a person who is known as a landlord, settled in Switzerland and he becomes an Ambassador of Pakistan to Norway اور وزیر صاحب کو اس کے بارے میں کچھ پتا ہی نہیں ہے۔

**Mr. Muhammad Siddique Khan Knaju:** Mr. Chairman, I am really surprised, how could we take up a gentleman's name who has no relevance whatsoever with the question here, if he would just come and ask me according to the Senate Rule, about that particular person, I think, I will be able to satisfy

the honourable member.

جناب چیئرمین۔ صحیح بات ہے۔ I think, this is a fair comment.

Mian Raza Rabbani: Sir, just see the honourable Minister, does he not know, this gentleman has been appointed as ambassador to Norway, this is what it means. The summary should have gone through him, he should know.

جناب محمد صدیق خان کانجو۔ مجھے حیرانگی ہے کہ رضا صاحب جو فرما رہے ہیں، اس آدمی کی detials پوچھ رہے ہیں کہ کہاں پر زمینیں ہیں، کہاں پر کاروبار ہے، کہاں پر رہتا ہے do they expect, کہ میں وہیں ان کو بتا دوں، specifically میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا۔

Mr. Chairman: I think, Minister is justified in making these comments.

جی سیف اللہ خان پراچہ صاحب۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ۔ جناب یہ پہلے بھی مسئلہ آیا ہے کہ بلوچستان کی population 3.5% نہیں ہے بلکہ it is 5.4% میں وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ یہ 1971 کا census آپ کب تک لگاتے رہیں گے، when will you amend this to 5.4%.

Mr. Chairman: Minister of State for Foreign Affairs.

جناب محمد صدیق خان کانجو۔ جناب یہ بڑی valid بات ہے کہ جو نیا census ہے اس کے مطابق جب details work out ہو کے آئیں گی تو بلوچستان کی percentage بنتی ہے، وہ ان کا حق ہے اور انشاء اللہ موجودہ حکومت وہ حق ضرور ادا کرے گی۔

جناب چیئرمین۔ علامہ جواد ہادی صاحب۔

سید محمد جواد ہادی۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ اس سوال کے جواب میں انہوں نے فرمایا ہے کہ سفراء کی دو قسمیں ہیں ایک پیشہ ور سفراء اور ایک غیر پیشہ ور سفراء۔

جناب چیئرمین۔ جی۔

سید محمد جواد ہادی۔ Minister صاحب فرمائیں کہ غیر پیشہ ور سفراء کا کس معیار کے تحت تعین کیا جاتا ہے' ان کا معیار کیا ہوتا ہے؟ کیا ان کی ذاتی صلاحیتیں ہیں یا پارٹی کے ساتھ تعلقات یا کسی اور بنیاد پر ان کو سفیر بنایا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی Minister of State for Foreign Affairs.

جناب محمد صدیق خان کانجو۔ جناب اس میں جو non-career ہیں اس میں سے ex-services کے لوگ بھی ہیں' senior, political people بھی ہیں' ان کا ایک ratio ہے' اس کے مطابق ان کی appointment competent authority کرتے ہیں اور وہ اپنے ملک کی خدمت بطور سفیر کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ جی مختار صاحب۔

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد۔ خدائے نور صاحب نے جو سوال پوچھا تھا Spain کے ambassador کا basically, he is Punjabi speaking میرے خیال میں وہ لاہور کے ہیں' I don't know. I don't know from where his domicile has come from. He was also a Secretary Defence Society in Lahore. They can check it.

Mr Muhammad Siddique Khan Kanju: I have already answered that question. I will tell Major Mukhtar the details about it. But I think, there are lot many people from different provinces who speak other languages.

یہ کوئی ایسی بات نہیں' migrate کرکے بھی جاسکتے ہیں' وہاں کا ڈومیسائل ہو سکتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ زاہد خان صاحب! آپ پنڈی میں رہتے ہیں اور دیر کے رہنے والے ہیں۔

جناب محمد زاہد خان۔ میرا ڈومیسائل بھی دیر کا ہے اور میں سینیٹر بھی وہاں سے بنا ہوں اور میں کبھی بھی غلط بیانی سے کام نہیں لوں گا۔ جناب والا! non-career ambassadors میں ہمارے صوبے کا تو نمائندہ ہی نہیں ہے اور جو یورپ اور افریقہ کے فگرز دیئے گئے ہیں 1997 to 1999, جو appointments کی گئی ہیں' 18 پنجاب سے ہیں' ایک بلوچستان سے ہے جو معلوم نہیں ہے بھی

یا نہیں ' دو سندھ سے ہیں ' ہمارے صوبے سے کوئی نہیں ہے - جناب والا! ہمارے ساتھی پختون جو آپ کے ساتھ پختون خواہ کے نام پر لڑتے ہیں کیا ان میں سے کوئی اس قابل نہیں ہے کہ آپ اسے سفیر بنا کر بھیجیں - آپ کو ہمارے صوبے سے کوئی بندہ ہی نظر نہیں آ رہا - دوسری بات یہ ہے عطاء الحق قاسمی کو ہٹایا گیا' کیوں؟ اس لئے کہ پی ٹی وی کا جو چیئرمین بنایا گیا اس میں کچھ لوگ شامل تھے اور اسی وجہ سے اس کو ہٹایا گیا- ڈاکٹر صفدر عباسی ٹھیک کہتے ہیں' آپ نے کل appointment کی- آپ کیوں چھپاتے ہیں - آپ ہر ایک بات کو چھپا لیتے ہیں - آپ ظلم کرتے ہیں' آپ پنجاب کو بدنام کرتے ہیں - آپ کے سربراہ پنجاب کو چھوٹے صوبوں کے خلاف بدنام کر رہے ہیں -

**جناب محمد صدیق خان کانجو** - زاہد صاحب فرما رہے ہیں کہ صوبہ سرحد سے non-career میں کوئی سفیر نہیں لیا گیا- میں زاہد خان صاحب کو کہوں گا کیونکہ وہ زیادہ تر لاہور یا پنڈی میں رہتے ہیں اور نمائندگی وہ اپنے صوبے کی کرتے ہیں' رہنے والے دیر کے ہیں' اگر وہ ملک کی نمائندگی کرنا چاہیں تو میں پرزور طریقے سے ان کو اپیل کروں گا کہ وہ یہاں آئیں ہم ان کو نمائندگی کے لئے باہر بھیج دیتے ہیں-

**جناب چیئرمین**- ڈاکٹر عبدالحئی-

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ** - میرا وزیر موصوف سے ضمنی سوال ہے کہ سوال نمبر 55 & 54 کے تحت یہ واضح ہو گیا ہے کہ ہمارے آئینی کوٹے پر عملدرآمد نہیں ہو رہا - میرا ان سے ضمنی سوال ہے کہ اس معزز ایوان میں ہمارے بلوچستان کے تمام سینیٹرز کو یہ یقین دہانی کرائیں کہ وزارت خارجہ میں ہمارے ساتھ جو ناانصافی ہوئی ہے اس کا وہ ازالہ کریں گے اور کب تک کریں گے - اپنے دور حکومت میں اس کا ازالہ کریں گے یا نہیں کریں گے اور ہمارے ساتھ یہ ظلم جاری و ساری رہے گا - صاف بات کریں- اگر یہ یقین دہانی نہیں کراتے تو ہم واک آؤٹ کرتے ہیں - یہ ہمارے ساتھ مذاق ہے کہ ہماری نمائندگی نہ ہو- کیا ہمارے پاس پڑھے لکھے لوگ نہیں ہیں؟

**جناب محمد صدیق خان کانجو**- جناب چیئرمین! بلوچستان یا صوبہ سرحد یا سندھ یا پنجاب سے ہم کسی ناانصافی کا تصور بھی نہیں کر سکتے - یہ ہمارے بزرگ ہیں' ہمارے بھائی ہیں -

(مداخلت)

**جناب محمد صدیق خان کانجو**- اب اس کا تو میرے پاس کوئی علاج نہیں- جناب والا!

زاہد خان صاحب سے میری آواز بھی اونچی ہے اور میں جسم میں بھی زیادہ بھاری بھرکم ہوں تو وہ آواز کا رعب تو مجھ پر کم از کم نہ ڈالیں ۔ میں مودبانہ آپ کے ذریعے ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو کچھ میں عرض کر رہا ہوں، جس طرح کہ ڈاکٹر عبدالحئی صاحب نے فرمایا، میں یقین دلاتا ہوں کہ قطعاً کسی قسم کی کوئی نا انصافی نہیں ہو گی ۔ اگر آپ کسی مخصوص کیس میں سمجھتے ہیں کہ انصاف کا تقاضہ پورا نہیں ہوا تو as such ڈاکٹر صاحب بزرگ ہیں، مجھے حکم کریں، آپ کے حکم کی تعمیل ہوگی، ناانصافی نہیں ہو گی۔

@56. * **Malik Abdur Rauf:** Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that an extension is being carried out in the buildingof the Pakistan international School, Damscus, Syria, if so, whether tenders were called forthe said work; and

(b) the amount spent so far on that project?

**Mr. Sartaj Aziz:** (a) There was no construction/extension of the School premises carried out, except for a minor temporary shed made on the rooftops last year. Asthe construction work was of minor nature, therefore, no tender was called.

(b) There was no project for construction as such, therefore, spending of any major amount does not arise.

57. * **Malik Abdur Rauf:** Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) the composition of the staff working in the Pakistan

---

@[ All the other questions and answers are taken as read and placed on the table of the House ]

international School, Damascus, Syria, especially with reference to the number of lady teachers who arewives/daughters of the persons working in the Pakistan Embassy in Syria; and

(b) the emoluments and other facilities being given to the said staff?

**Mr. Sartaj Aziz:** (a) There are 55 lady teachers employed in the school, belonging to Pakistani, Syrian, British American and Palestinian nationalities. The wife of Counsellor and Additional Assistant are employed as per prescribed rules.

(b) Emoluments of Pakistan teachers:

1. Wife of Counsellor$ 685/- per month
2. Wife of Addl. Assistant $ 465/- per month

Except for the pay the aforementioned Pakistani teachers do not enjoy any other facilities

58. * **Syed Aqil Shah:** Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) the composition of the Board of Governors of the Pakistan International School, Damascus, Syria; and

(b) whether it is a fact that there is no Pakistani on the board of Governors; if so, its reasons?

**Mr. Sartaj Aziz:** Composition of the Board of Governors is given below:

(a) 1. Mr. Sibte Yahya Naqvi, Ambassador . Chairman

2. S. Ziauddin Ali, Counsellor. Member

3. Mr. Shamshad Ali Rana, 3rd Secretary Member

4. Mr. Pervaiz Akhtar Kianni, Principal Ex-officio Member/Secretary

5. Rana Muhammad Fayyaz Accountant Member.

(b) All members of the Board of Governors of the School are Pakistanis as mentioned above.

59. * **Malik Abdur Rauf**: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state whether it is a fact that audit of the accounts of Pakistan International School, Damascus, Syria has not been conducted since its inception, if so, its, reasons and if not, the authority which conducted the said audit?

**Mr. Sartaj Aziz**: The school accounts have been audited periodically in relation to the grant-in-aid which the institutions received from Ministry of education. In this context, the government audit teams visiting Damascus for the Mission Audit had undertaken the task in March 1993 and July 1995. The grant has now been discontinued.

The Mission has carried out an internal audit of the School account in 1997-98. However, while reviewing the charter of the school, the plan of hiring external auditors will be considered.

60. * **Dr. Abdul Hayee Baloch**: Will the Minister for Health be pleased to state the number of students admitted for post graduate course in PIMS during the last five years with province-wise break-up?

**Makhdoom Muhammad Javed Hashmi**: The number of

postgraduate studetns with their province-wise break-up enrolled in Quaid Postgraduate Medical College (QPGMC) PMS, Islamabad during the last five years is as under:-

| Year | Enrolled Students | Punjab | NWFP | Sindh | Bal. | FA/NA | AJK |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1994 | 108 | 74 | 11 | 09 | 02 | 10 | 02 |
| 1995 | 132 | 71 | 18 | 12 | 06 | 16 | 09 |
| 1996 | 132 | 80 | 21 | 08 | 05 | 10 | 08 |
| 1997 | 86 | 57 | 07 | 07 | 01 | 08 | 06 |
| 1998 | 137 | 83 | 19 | 05 | 05 | 14 | 11 |
| Grand Total: | 595 | 365 | 76 | 41 | 19 | 58 | 36 |

62. * **Mr. Muhammad Tahir Bizenjo:** Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state the quantity of fish produced and exported during the last 2 years with province-wise break-up?

**Mian Abdul Sattar Lalika:** 589,731 and 604,255 m. tons of fish were produced in Pakistan in 1997 and 1998 respectively. The province-wise break-up is given as under:-

Quantity in Metric Tons

| Province | 1997 | 1998 |
|---|---|---|
| Sindh. | 388,275 | 402,259 |
| | (Marine: 285,767) | (Marine: 295,648) |
| | (Inland: 102,,508) | (Inland: 106,611) |

| | | |
|---|---|---|
| Balochistan. | 130,406 | 130,799 |
| EEZ | 6,028 | 6,651 |
| Punjab | 61,098 | 61,5000 |
| N.W.F.P. | 853 | 980 |
| Dams | 3,071 | 2,066 |
| Total: | 589,731 | 604,255 |

Export of fish and fisheries products is carried out through Karachi only and hence no province-wise break-up of export is available 83,138 m. tons and 73, 710 m. tons of fisheries products were exported in 1977 and 1998 respetively.

63. * **Mr. Muhammad Tahir Bizenjo:** Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state the quantity of Apples produced and exported during the last 2 years wih province-wise break-up?

**Mian Abdul Sattar Lalika:** A statement showing production and export of apples during the year 1996-97 and 1997-98 is annexed.

**ANNEX**

**PRODUCTION OF APPLES**

**(000 TONS)**

| Year | Punjab | Sindh | NWFP | Balochistan | Pakistan |
|---|---|---|---|---|---|
| 1996-97 | 2.3 | 0.2 | 85.7 | 480.2 | 568.5 |
| 1997-98 | 2.4 | 0.2 | 87.9 | 492.6 | 573.1 |
| 1998-99(P) | 2.4 | 0.2 | 87.5 | 479.9 | 570.0 |

**EXPORT OF APPLES**

| YEAR | QUANTITY IN KGS |
|---|---|
| 1996-97 | 536025 |
| 1997-98 | 2119594 |
| July ,1998 - April, 1999 | 5123877 |

*The province-wise exports are not collected.

64. * **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state:

(a) whether the Government has achieved its target of production of the wheat this year; and

(b) whether there is any proposal under consideration of government the increase the support price of wheat?

**Mian Abdul Sattar Lalika:** (a) Hopefully the target of 19 million tons will be achieved.

(b) there is no such proposal under consideration by the Government at present.

65. * **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state:

(a) the present stock of fertilizers in the country with province-wise break-up; and

(b) the steps taken by the Government to ensure timely supply of the fertilizers all over the country?

**Mian Abdul Sattar Lalika:** (a) The country-wise stock position of fertilizers is 735,225 M/Tons in the following break-up:-

(M/Tons)

| Fertilizers | Punjab | Sindh | NWFP | Balo-chistan | Importers and Factories | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Urea | 483 | 7,292 | 1,857 | 3,261 | 474,063 | 486,956 |
| DAP/TSP | 36,717 | 63,188 | 7,191 | 6,704 | 119,457 | 233,257 |
| SOP | — | 14,803 | 160 | 49 | — | 15,012 |
| Total : | 37,200 | 85,283 | 9,208 | 10,014 | 593,520 | 735,225 |

(b) Fertilizer Review Committee Meetings are regularly held in the Ministry of Food, Agriculture and Livestock to monitor the fertilizer situation in the country. These meetings are attended by representatives of both the Public Sector and Private Sector and the remedial measures, if necessary, are taken accordingly.

68. * **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Health be pleased to state:

(a) the funds allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the Bolan Medical College, Quetta; and

(b) the funds released for the project during 1998-99?

**Makhdoom Muhammad Javed Hashmi:** (a) In the Public Sector Development Programme 1998-99 allocation for the Bolan Medical College (revised Estimates) was Rs.69.00 million.

(b) Rs. 69.00 million.

69. * **Mr. Habib Jalib Baloch:** Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state:

(a) the funds allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the Oil Palm Development Pilot Project in Sindh and Balochistan; and

(b) the funds released for the project during the said period?

**Mian Abdul Sattar Lalika:** (a) Oil Palm Development Project was allocated of Rs. 40.00 million.

(b) During the period 1998-99, Rs. 3,582 million were released to the project.

## "UNSTARRED QUESTION AND ITS REPLY"

1. Mr. Safullah Khan Paracha: Will the Minister for Industries and Production be pleased to refer to the Senate starred question No. 53 replied on 4th June 1999 and state:

(a) the details of the steps proposed to be taken by the Government for producing fruit juices concertrate fo apricot, plum, peach, grape date and specially apple;and

(b) the details of the reasons PIDC has not made a provision for making apple juice concentrate in the APPLE TREATMENT PLANT proposed to be set-up in Quetta?

Minister for Industries and Production: (a) At present, the highest priority is being assigned to establishing a Post Harvest Apple Treatment Project as it would be export oriented. The Juice Project could however, be considered after successful implementation of the Apple Treatment Project.

(b) The apple juice concentrate project, is a separate project involving substantial capital expenditure which cannot be arranged at this stage. Also the Apple Treatment Plant would be supplied with sorted premium quality apples for the export market form the farms which would contain a very small quality of 3rd grade apple required for production of apple juice. As such integration of the two projects at this stage is not considered feasible.

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین- End of question hour. رخصت کی درخواستیں-

جناب چیئرمین۔ پروفیسر ساجد میر صاحب ذاتی وجوہ کی بنا پر مورخہ 28th June کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور ہوئی)

جناب چیئرمین۔ رخصت منظور ہوئی۔ جی رضا ربانی صاحب! آج کیا کرنا ہے۔

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین! واپڈا کی royalty کا مسئلہ ادھورا رہ گیا تھا thatis on No. 1.

جناب چیئرمین۔ یہ تو وزارت خزانہ سے متعلق ہے۔

میاں رضا ربانی۔ جی اس کا تعلق وزارت خزانہ سے ہے۔ Sir we are just coming.

(اس موقع پر اپوزیشن نے واک آؤٹ کیا)

Mr. Chairman: They are walking out because of the Government's inability to correct the quota situation.

وہ کہتے ہیں کہ کوٹہ پر آپ assurance دیں کہ اس میں جو خامی رہ گئی ہے آئندہ اس کو آپ پوری کریں گے۔ بہر حال ہمیشہ یہ problem رہا ہے and I think, you should look into it, what is called proactive discrimination. So that people from the provinces which have less representation than they deserve, you should try and give them more.

(اس موقع پر اپوزیشن کے ارکان واک آؤٹ ختم کر کے ایوان میں دوبارہ واپس آئے)

جناب چیئرمین ، جی رضا ربانی صاحب۔

میاں رضا ربانی ، جناب چیئرمین! یہ رائیلٹی کا مسئلہ ہے۔ آپ فنانس منسٹر اور واپڈا کے منسٹر کو بلالیں۔

جناب چیئرمین ، راجہ صاحب، فنانس منسٹر کو ذرا بلالیں۔ جی۔

میاں رضا ربانی ، باقی ۲ ایشوز رہتے ہیں۔ بلوچستان کی coal mines کا مسئلہ ہے۔ سندھ کا مسئلہ ہے اور سینٹ کو جو bypass کر رہے ہیں اس کا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین : ابھی وزیر صاحب آجائیں۔ میرے خیال میں وہ مسئلہ کچھ حل ہو گیا ہے۔ فیڈرل گورنمنٹ نے کوئی finances release کرنے تھے۔ وزیر صاحب آ جائیں تو پھر بات ہوگی۔ جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : جناب چیئرمین ! یہ coal mines کا جو مسئلہ ہے یہ ہمارے بلوچستان کے لوگوں کے لئے بہت اہم ہے۔

جناب چیئرمین : یہ جو مسئلہ چل رہا ہے پہلے یہ ہو جائے۔ پھر اس کو لے لیں گے۔ باری باری لیتے ہیں۔ جی بشیر مٹہ صاحب۔

## POINTS OF ORDER

### (i) RE: THE PAYMENT OF ROYALTY TO NWFP BY THE WAPDA

جناب بشیر احمد مٹہ : جناب چیئرمین ! اس کے آنے سے پہلے میں آپ کی خدمت میں کچھ عرض کروں گا تو ہاؤس کا ٹائم بھی بچ جائے گا۔ سب سے پہلے تو جناب ! میں کہنا چاہتا ہوں کہ کل دونوں وزراء صاحبان موجود تھے لیکن جان بوجھ کر اس چیز کو ایک طرف کرنے کے لئے ایسا ماحول پیدا کیا گیا کہ ہاؤس کا decorum خراب کیا گیا اور ڈپٹی چیئرمین صاحب کو جنہیں آپ نے اپنی جگہ پہ بٹھایا تھا اجلاس adjourn کرنا پڑا۔ تو جناب ! بات اس سے شروع ہوئی کہ

The very first step of taking up the issue of the default of the money which WAPDA owes, net profit, which the WAPDA owes to my province Pakhtoonkhwa. That was delayed intentionally, deliberately and through a malicious attitude. And I am sorry that very senior people of the Government for whom I had big regard, they were also a party to it. I must register this because you know when we sit in parliament, we know how things happen, how they are manoeuvred, how they are managed. So, sir, I want to register this reservation

with you and with the Leader of the House who is busy with another thing. I want to register this because another thing is sir, that when yesterday, before I come to that, I will explain this thing to you sir, we are Muslims and we stand in this House as Muslims and will you kindly tell me whether 'Kaaba' or Makkah or Madina or even the Prophet's father or his wife, are they mentioned in the Constitution? When we talk about Vajpayee and we discuss policies about Chinawho eat even frogs and who are non believers, when we take the name of China, nobody protests and we talk about idolators and about christians, they are your friends. But when we talk about the name of Pakhtoonkhwa, then people are agitated, this is not written in the Constitution. I see even the Prophet's father'sname is not written in the Constitution. Even the name of Gabrail, the angel, is not written in the Constitution. And the name of Sialkot is not there where your troops are now facing the Indian troops. These names are not there. But the name is there in history. The name is there on earth. The name is there in our hearts. It flows in our spirit and our blood.

**Mr. Chairman**: This is not really the issue at the moment.

**Mr. Bashir Ahmed Matta**: This is the issue, you conveniently.....

*(interruption)*

**Mr. Bashir Ahmed Matta**: You listen to me sir. Please bear with me. You decided, we came to your office, we decided these matters amicably. We always cooperated with you and out of the way I cooperated with the Leader of the House, but then when our turn came in these two and a half years this was the first time when the interest of Pakhtoonkhwa was concerned and you wanted

to sidetrack it.

جناب چیئرمین۔ Interests جو ہیں اس پہ آئیں۔

Mr. Bashir Ahmed Matta: No, sir. This is not the way.

*(interruption)*

Mr. Bashir Ahmed Matta: You don't be just a spokesman. They have many spokesmen here. But you please, you are impartial. You are supposed to be impartial.

Mr. Chairman: No, no, what I am saying is

issue جو ہے وہ آپ کی royalty کا ہے۔ نام کا issue تو یہاں پہ نہیں ہے۔ royalty کا issue ہے۔ تو اس پہ بات کریں۔ تا کہ اس پہ بات ہو جائے۔

جناب بشیر احمد مٹہ۔ جناب جب ہم بات کرتے ہیں تو محترم بھنڈر صاحب بھی اٹھ کر ہمیں قانون پڑھاتے ہیں۔ ہمیں قانون یاد ہے۔ ہم قانون کو observe بھی کرتے ہیں۔ ہم sense of propriety کو بھی observe کرتے ہیں لیکن ہم expect کرتے ہیں کہ اور بھی ایسا ہی کریں۔ One sided business ابھی نہیں چلے گا۔ میں سب سے پہلے اسی لئے اٹھا ہوں۔ اس کے بعد میں آپ کے سامنے وہ بات پیش کرتا ہوں جو، کیونکہ Constitution 1973 آپ خود expert ہیں اس میں لکھا ہوا ہے کہ net profits جو ہیں وہ ان صوبوں کو دیئے جائیں گے جہاں پہ generation ہوتی ہے۔ اچھا! اس کے لئے آپ کو پتہ ہے کہ جب یہ Constitution 1973 آگیا تو اس وقت جناب ملک کی حالت، آپ کو پتہ تھا کہ کیا تھی، ہمارے Foreign Minister Sahib بیٹھے ہیں ان کے جو leading lives of the foreign office ہیں اور ان کی کارکردگی ہم نے دیکھی ہے، اس وقت ملک کی حالت خراب تھی۔ ملک تباہی کے دہانے پہ جا چکا تھا۔ بلکہ اس کا آدھا بڑا بازو ٹوٹ بھی چکا تھا۔ تو ہم نے مروت سے کام لیتے ہوئے جیسے ہر وقت ہم لیتے ہیں اور جسے ہر وقت ہمارے خلاف abuse کیا جاتا ہے۔ ہم نے Constitution 1973 کو unanimously پاس کیا تھا کیونکہ یہ ملک کے مفاد میں ہے۔ اس میں یہ تھا کہ اس میں provincial autonomy کا quantum بڑھایا جائے گا۔

It was a gentlemens' agreement. All the gentlemens' agreements are

broken with us, sir. Look at it. You believe in the written words and we believe in the spoken words.

اس وقت gentlemens' agreement ہوا' وہ gentlemen کہاں گئے۔ ابھی دو سال پہلے اس سلسلے میں ہمارے ساتھ agreement کیا' اس سے مکر گیا۔ بہرحال یہ تھا کہ اس کی quantum کو بڑھایا جائے گا اور net profit جو ہے وہ صوبوں کو دیا جائے گا۔ جناب آپ کو پتہ ہے کہ روزانہ اخباروں میں آتا ہے کہ ہمارا جو net profit ہے' جو Mr. AGN Qazi نے ایک فارمولا دیا تھا اور Council of Common Interest نے اس میں intervene کیا تھا اس کے مطابق ہمیں وہ net profit چاہیئے۔ واپڈا اور سنٹرل حکومت کیا کرتی ہے۔ وہ یہ کرتی ہے کہ اس کی قیمت جو ہے وہ ایک لگاتی ہے' surcharge اس کے بعد دوسرا' اور super additional surchage تیسرا' تو وہ کیا کرتے ہیں کہ ایک روپیہ اگر اس کی قیمت ہے تو چار روپے یہ surcharges ہیں۔ surcharges کس جیب میں جاتے ہیں۔ آپ کسی واپڈا کے SDO کے گھر میں جائیں' وزیر صاحب واپڈا کے یہاں نہیں ہیں' وہ وائسرائیز کی طرح رہتے ہیں۔ جناب آپ کا آفس کیا ہے یہاں تو air-conditioner بھی ٹھیک نہیں کرا سکتے۔ ان کے گھروں میں جو ریل پیل ہوتی ہے' جو چیزیں بنتی ہیں I wish, I think you know it, sir. وہ سارا خرچہ اس پر کر کے' وہ نکال کر پھر ہمیں pictures دیتے ہیں' وہ کیسے دیتے ہیں۔ اس طرح کہ وہ ہمارا بارہ بلین ہوتا ہے تو کہتے ہیں کہ جی دو بلین دیں گے۔ جھگڑا یہاں سے شروع ہوتا ہے۔ اس طرح ہمارے جو محترم دوست ہیں وہ کہتے ہیں کہ نہیں حق تلفی نہیں کرتے' آپ تو ہمارے بھائی ہیں لہٰذا دو بلین لے لیں ناں۔ آپ تو کم لوگ ہیں۔ پھر روتے ہیں' چلاتے ہیں پھر وہ آخر پانچ بلین پر چھوڑ کر ہمیں بجٹ کے آخری دن

when they protest and postpone the passage of the Budget for a day and we raise this question which was a check Budget, because we wanted to raise it day before yesterday but through the process which works by and it is put into motion by the powers they feel, no

اب پھر ایسے نہیں ہو گا شاید now we will be very alert and we will be watchful. لیکن اس کو تو کر دیا گیا۔ اب بھی جو ہمیں دیا ہے خیرات کے طور پہ' مثال کے طور پر وہ ہمارا جو ابھی اس سال کا بنتا' اس سے چھ بلین تقریباً کم ہے۔ باقی ہمارا جو بیس سال کا پہلے 1973 کے بعد 93 میں تھا۔ وہ 80

billion ہے - ہم کہتے ہیں کہ واپڈا ہمیں دے- گورنمنٹ کہتی ہے کہ واپڈا کے پاس وہ نہیں ہے- بھئی
واپڈا کے پاس اگر نہیں ہے تو you are the central government. You should transfer this
money from the Federal Consolidated Fund to Provincial Government. کیسے آپ ان
سے بات کر سکتے ہیں جی- ایک قانون آئین میں موجود ہے-

(اس موقعے پر اذان برائے نماز عصر کی آواز سنائی دی)

**Mr. Chairman:** The House is adjourned for 10 minutes.

(The House then was adjourned for Asar Prayers)

[The House reassembled after break with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair].

**جناب چیئرمین:** بلائیں جی کدھر ہیں بشیر مٹہ صاحب' انہوں نے وہ point raise کیا تھا-
وہ آ گئے ہیں بشیر مٹہ صاحب-

So, Bashir Matta Sahib had raised a point regarding the net profits payable to the Provincial Government the profits on the hydel electric station, he said that by virtue of the Constitution the netprofits are payable, the Federal Government did not do so. As a result thebudget of the Frontier Assembly was postponed for a day, so they want a resolution on this problem.

کیوں جی یہی بات ہے in a nut shell. جی فرمائیے بشیر مٹہ صاحب-

**Mr. Bashir Ahmed Matta:** Sir, the other thing is that in principle, it was agreed when the Constitution was formulated that this net profit will be paid. But it was not paid to us for 20 years and after 20 years this net profit is being paid on yearly basis. But that back log, sir, of the 20 years and some of the money which they owe to us but they don't give. The default that they commit, sir, it has now accumulated to the tune of about 80 billion rupees.

Now, for a province like ours, sir, which is a small province, which is

without any big resource, hydle power is a big resource and we can leave of this resource if we are treated judiciously.

But now, the question is that what to speak of paying towards that back log, that over due money from years, even every year, for instance, this year , under the restricted calculation, they were owing us something like 12 billion. But now, after much pursuation, much haggling and fighting and quarrelling and postponement they have now paid us six million. So every year this default accumulates and it goes towards fattening and enlarging that over all default, sir.

So, what I would request is, sir, that as the Constitution stipulates, this money, the charge should be placed on the federal consolidated fund and it should be transferred to the province from that fund. Sir, we asked the WAPDA, the Minister for Water and Power, he is a very nice man, he will say, I will try mylevel best to get you the money. Then he will ring up the WAPDA Chairman, the Chairman will say, no, I am already short of money, where can I give you the money. Now, this problem which pertains to the Central Government, why should it be transferred to us, sir? They should put their house in order and if at source which belongs to us, a property which belongs to us is being taken away from us by them, then they should give us the money they have promised. If they mismanaged it or they bungle their affairs, why should we be penalised for this?

Now, the other thing is, sir, that the rate of calculating this profit. You know very well, sir, that the original price of the electricity which they show thatis very small. What is big? Is the surcharge and the additional surcharge. Now, there is a trickery, sir. I can't use another word because it is a clear trickery . Now, the trickery is that they say that we will pay you that amount which is

levied on the original price minus the expenses and the expenses I spoke to you, sir, what expenses, they are the surcharge and the additional surcharge, they go to the kitty of the Central Government.

Now, my resource, my property having been taken away from me, is in his hands. He is the arbiter of the State now. But then he levies more money on that, earns out of it and does not give to me.

So, in my opinion, sir, this is a sort of mala fide contravention of the Constitution. So, I would request, sir, with great respect, the Finance Minister that we should be paid according to the A. G. N. Kazi formula and we should be paid the net profit on the whole money which is realised as a cost of the electricity. No matter under what nomenclature, sir, and we should be paid this money regularly from now onward every year and that back log, sir, for that essential provision must be made in the central budget. I understand that they cannot pay it in one year. It is a lot of money. So, they must stagger it but in such a way that every year they must pay us our own accruing net profit plus that which is owing to them from earlier on. That is my submission, sir.

**جناب چیئرمین:** جی جناب وزیر صاحب۔ نہیں اس پہ بات تو ہوگئی ہے۔ اگر کوئی نئی بات ہے تو بتادیں۔

**جناب خدائے نور:** نئی بات نہیں ہے مگر ان کے ریکارڈ کی درستگی کے لئے میں ایک بات بتا رہا ہوں۔ مجھے اختلاف نہیں ہے ان کی باتوں سے۔ لیکن انہوں نے یہ کہا تھا کہ 1973ء کا جو سمجھوتا ہے وہ متفقہ تھا۔ میں اس پہ یہ کہتا ہوں کہ وہ متفقہ نہیں تھا، بلوچستان کے تین ممبروں نے اس پہ دستخط نہیں کئے تھے اور سندھ سے ایک قومی اسمبلی کے ممبر تالپور صاحب نے دستخط نہیں کئے تھے۔ میں صرف یہ درستگی ان کے علم میں لانا چاہتا تھا۔

**جناب چیئرمین۔** حبیب جالب صاحب بھی net profit پہ بات کر رہے ہیں۔

## (ii) RE: FUNDS ARE NOT RELEASED TO THE SMALLER PROVINCES AS ACCORDING TO THE NFC AWARD.

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد- جناب this relates to us اس کے دو پہلو تھے۔

One was the immediate relief that was required by the amount, that kept amount because the actual amount to be paid to the province was 11.6 million per year

اورجو انہوں نے calculate کیا تھا یہ جو fomula کو چھوڑ کر جو کچھ بھی کہیں گے' 11.6 calculate کیا تھا- اس پر انہوں نے 6.00 دیئے تھے' اب 5.6 کا تو پھر بھی gape رہ گیا ہے- یہ کہاں سے پورا کریں گے- پہلی بات تو یہ ہے- Sir, for a minute to let me get on to another thing اس دن میں نے point raise کیا تھا- وہ octroi کے بارے if you remember.

جناب چیئرمین- اب آپ نے یہ نئی بات شروع کر دی ہے-

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد- نہیں' نہیں نئی بات نہیں I am going to link this, I will link this sir.

جناب چیئرمین- اچھا-

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد- وہ بات اس طرح کی کہ انہوں نے کہا تھا کہ 760 million ہمارے صوبے کا یہ صوبہ پیدا کرے گا- 97 NFC کا جو Award تھا اس میں ہمیں grant in aid ملی تھی- ہمارے صوبے پختونخواہ کو ملی تھی' بلوچستان کو ملی تھی' ہمیں 3.3 ملی تھی ' ان کو four point something billion ملا تھا- اب جناب وہ کس لئے ملا تھا' وہ اس لئے ملا تھا کہ یہ دونوں provinces backward ہیں and they need that money اب وہ octroi کا جو 7.6 million تھا وہ ہمارے اوپر ڈال دیا گیا کہ یہ بھی آپ پیدا کریں اور جو WAPDA کے arrears ہیں یہ بھی ہمیں نہیں دے رہے ہیں یعنی مطلب یہ ہوا کہ ایک ہاتھ سے ہمیں دے رہے ہیں اور actually دوسرے ہاتھ سے ہم سے لے رہے ہیں- یہ جناب جس وقت profit کا طے ہوا تھا تواسوقت Constitutionally یہ سب کچھ guarantee کیا تھا and besides that the Federal Government is the guarantor in this

اب جناب جب لوگ بینک میں قرضہ لیتے ہیں تو ایکے بھی guarantor ہوتے ہیں جب وہ قرضہ واپس نہیں دیتے ہیتو جناب جب اصلی آدمی نہیں ملتے تو وہ guarantor کو اندر کر ڈالتے ہیں' ہم ادھر کیا کریں' Federal Government کو کہاں سے پکڑیں' WAPDA defaulter ہے' guarantor یہ ہیں now, if WAPDA is not paying because they say, they are bankrupt and they don't have the money, what duty does the Federal Government has to do انہوں نے تو ہمیں یہ پیسے provide کرنے ہیں۔ They are not doing that and the result is that the arrears are adding, adding, adding and adding اس سے پہلے before the Federal Government took over this subject اس سے پہلے power generation بھی ہماری تھی' distribution بھی ہماری تھی' electricity کا tariff اپنا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ ہماری industrial development جو تھی that took place in Haripur, in Mardan and in Noshera, if you remember in those sides یہ ہماری ساری industry ان تین جگہوں میں تھی۔ That was just because we are doing it our own, they daily took it over. انہوں نے تو ہمارے ساتھ یہ بھی زیادتی کی ہے کہ وہ assets ہم سے لے گئے تھے at that time, when they were taken over اس کا ایک percentage بھی واپس pay کرتا تھا' وہ بھی انہوں نے نہیں دیا ہے' that is something, like 4 to 6% of the total assets at that time, they have not even paid us that, they are defaulting on each and every count sir, اور ان کو یہ پتا ہے کہ ہمارا province ایک پسماندہ province ہے what have we got. جناب ہماری تین we have got hydles, we have got minerals, we have got forests اس کے علاوہ تو ہمارا کچھ نہیں ہے۔ And hydle is our main stay یہ hydle اپنا ہو ہم بھی وہ کر سکتے ہیں we can develop our industry ہماری development ہوسکتی ہے۔ جو وہ روکے ہوئے ہیں۔

جناب اپنوں کے لئے یہ ٹریکٹر بھی کم قیمت پر دیتے ہیں' آٹا بھی یہ کم قیمت پر دیتے ہیں' ہم پر وہ بھی لگا دیتے ہیں یہ Constitution کی violation ہے کہ inter-provincial trade بند کر دیتے ہیں۔ گندم کی ایک صوبے سے دوسرے صوبے تک رسائی بھی بند کر دیتے ہیں۔ وہاں تو ہمارے ساتھ یہ کرتے ہیں اور یہاں پر ہمارے پیسے کے اوپر بیٹھے ہوئے ہیں they are just not giving us the money. So, sir what is to be done, what actually is to be done but what is

needed to be done, is reconciliation of royalties یہ جناب جن کو arrear کہتے ہیں ہمارے departments پر، ہماری گورنمنٹ پر بھی arrears ہوں گے لیکن ہمارے ان کے اوپر ہیں۔ So, there should be a reconciliation ان کو بیٹھنا چاہئیے Federal Government, WAPDA اور ہمارا صوبہ جو ہے۔ ان کو reconcile کرنا چاہئیے۔ ٹھیک ہے اگر ہمارے ہوں کچھ ہم اپنے arrears بھی دے دیں گے but something has to happen۔ یہ arbitrator مقرر کریں۔

**جناب چیئرمین ۔** جی۔ O.K thank you. جی حبیب جالب صاحب what you have to add. پہلے بات آ جائے ناں، آپ کی تشریح تو بعد میں آئے گی if you don't agree with۔

**سید مسعود کوثر ۔** جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ unfortunately , problem اتنا گمبھیر نہ ہوتا اگر 1994 میں جو نیشنل فنانس کمیشن بنایا گیا تھا اور اس میں تمام صوبوں کی نمائندگی تھی ۔ اس نیشنل فنانس کمیشن کی سفارشات کے مطابق اگر یہ ایوارڈ دیا جاتا تو وہ ایک healthy award ہوتا اور ہم سمجھتے ہیں کہ اس ملک کے ساتھ یہ بڑی بدقسمتی ہے کہ جب بھی غیرجمہوری قسم کے فیصلے ہوتے ہیں تو اس میں جو بڑا ہاتھ ہوتا ہے وہ بڑے صوبے کا ہوتا ہے ۔ آپ اندازہ لگائیں کہ اس کمیشن میں پختونخواہ کے ممبرز تھے ، اس میں پنجاب کے نمائندے تھے ، بلوچستان کے نمائندے تھے ، اس میں سندھ کے نمائندے تھے ان سب نے ، چاروں نے بیٹھ کر amicably settlement کیا تھا sign کیا تھا اور ہم نے اس میں کچھ departure کیا تھا ۔ نمبر ایک کہ یہ جو گارنٹر تھا ہم اس پر متفق نہیں تھے ہم نے کہا تھا کہ consolidated fund پر first charge رکھا جائے ، net profit کے بارے میں ہم نے یہ بھی کہا تھا کہ جناب یہ واپڈا کا کیا چکر ہے یہ جو جہازوں وغیرہ پر پھرتے رہتے ہیں اور آخر میں اتنا خرچہ بتا دیتے ہیں کہ جو net profits ہیں ، اصل میں تو ہمارے net profits ہیں جو کہ adversely affect ہوتے ہیں ۔ ہم نے یہ بھی کہا تھا کہ یہ کیا ہم تمام زندگی غلام بنے رہیں گے کہ جی population should be the only criterion for distribution of divisible pool. Population is a negative issue اب لوگ کہتے ہیں کہ پاپولیشن کم کرو اور for the first time ہم نے یہ بھی incentive دیا تھا کہ جو صوبہ اپنی آبادی کم کرے گا اس کو ہم extra پیسے دیں گے تاکہ اور صوبوں کو population کم کرنے کا ایک incentive ملے ۔ ہم نے اس میں یہ بھی کہا تھا کہ یہ جو اے جی این قاضی فارمولہ تھا اسی کو ہی بھلے آپ چلا کر دیکھیں وہ ایک اتنا comprehensive ایک اتنا

اور سب کچھ ہوا تھا اور اس وقت کی جو caretaker democratically agreed upon formula
حکومت بنی انہوں نے اس چیز کو پھینک دیا اور ایک لغو ، واہیات قسم کا نیشنل ایوارڈ دیا جس کینہ کوئی
قانونی حیثیت تھی نہ اخلاقی حیثیت تھی نہ اس میں فیڈریشن کے اصولوں کو مدنظر رکھا گیا کہ ظلم کا ایک
کارنامہ اس فیڈریشن میں نہ ہو ۔ اور اس حکومت کو چاہیئے تھا کہ اس کو reopen کرتی یا وہی جو ہمارا ایوارڈ
تھا اسی کو announce کر دیتے تو آج یہ inequities & injustice جو یہاں ہو رہا ہے کبھی نہ ہوتا ۔
آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ جناب حبیب جالب بلوچ۔

*(interruption)*

Mr. Chairman: Because I want to finish this matter and go to the next one, that's why I am in a hurry. It is on the agenda, but agenda, items don't have to go on and on. Agenda items have to finish. Agenda items are there to be disposed of.

میں کہتا ہوں کہ اس item پر کوئی بات کہنی ہے تو کہیں تاکہ میں اس کو dispose of
کروں and go on to the next item۔ جالب صاحب۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** جناب چیئرمین! میں پختونخواہ کے دوستوں سے اس مسئلے پر
مکمل طور پر متفق ہوں اور میں اس پر زور دینا چاہتا ہوں کہ ایک تو یہ آئینی مسئلہ ہے اور آئین کے آرٹیکل
161 کے تحت net profit ان کو دیا جائے جہاں ہائیڈروالیکٹرک سٹیشن ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ آئین کی
پاسداری کیسے ہوگی۔ آئین ملک کا supreme law ہے اور جب اس کی پاسداری نہیں ہوگی تو جو وعدے یا
یقین دہانیاں یہاں کرائی جاتی ہیں ان کی کیا اہمیت رہ جاتی ہے۔ جبکہ ایک آئین گو کہ متفقہ نہیں تھا لیکن
پھر بھی جو آئین ملک کے اندر مروج ہے وہ آئینکہتا ہے کہ net profit of hydel power station
کاٹ کر وہ net profits اس صوبے کو دے دیں اور وہ دے نہیں رہے تو کیا آئین کی خلاف ورزی
کرنے والوں کے لئے کوئی سزا ہے کہ نہیں ۔ سزا کے طور پر یہ ہے کہ اس سلسلے میں ان کے جو net
profit بنتے ہیں ان کیلیے اس ایوان میں ہم مکمل assurance چاہتے ہیں کہ وہ بقایا جات جو پچیس سالوں
سے نہیں دیئے جا رہے صوبہ پختونخواہ کو ، اس ایوان کو بتائیں کہ وہ آپ کس ترتیب سے دیں گے ۔ اب

تو آپ کو دینا پڑے گا کیوں کہ مسئلہ پچیس سال سے pending پڑا ہوا ہے اور اس پر کوئی پیش رفت نہیں ہو رہی ہے ۔ این ایف سی ایوارڈ کی بات ہو رہی ہے گو کہ ہم اس سے متفق نہیں ہیں کیونکہ elected لوگوں کا NFC Award سے تعلق نہیں ہے۔ اس میں بھی جو بلوچستان کے لئے رکھا گیا' جو پختونخواہ کے لئے رکھا گیا۔ اس میں بھی انہوں نے pay نہیں کیا۔ انہوں نے صرف ۴۵ فیصد pay کیا تھا۔ اس میں بھی انہوں نے کم pay کیا ہے۔ اس لئے میں net profit پر متفق ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ اس ہاؤس میں مکمل assurance دی جائے پھر ہم مطمئن ہوں گے۔

**جناب چیئرمین** : جی ڈاکٹر حئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ** : جناب چیئرمین ! دیکھیں یہ ایک فیڈریشن ہے اور اگر اس کو فیڈریشن کے طور پر چلایا جائے تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ بلوچستان میں اس وقت مسلم لیگ کی حکومت ہے۔ پختونخواہ میں بھی مسلم لیگ کی حکومت ہے۔ سندھ میں اس سے پہلے حکومت تھی۔ یہ آئے دن اخبارات میں ہم پڑھتے ہیں کہ ان کو یہ شکایات ہر وقت رہتی ہیں۔ اگر اپوزیشن والے واویلا کرتے ہیں تو پھر بات سمجھ میں آتی ہے۔ مگر ان کی اپنی حکومت ہے، مسلم لیگ کی حکومت ہے۔ تینوں صوبوں میں مسلم لیگ کی حکومتیں تھی۔ یہ اور بات ہے کہ ابھی تک سندھ میں گورنر راج ہے اور جس کا ابھی تک خاتمہ نہیں ہو رہا ہے۔ وہاں پر ظلم کر رہے ہیں۔ اسمبلی موجود ہے۔ گورنر راج جاری ہے۔ ہم NFC Award پر متفق نہیں ہیں۔ NFC Award جب آئینی مسئلہ ہے۔ یہ جو ان کی اپنی شرائط ہیں ان کے مطابق بھی ان کو پیسہ نہیں دیتے ہیں۔

**جناب چیئرمین** : میں نہیں سمجھتا کہ اس مسئلے کا NFC Award سے تعلق ہے۔ Is the NFC Award connective with the distribution of profits under Artcle 161? NFC Award probably deals with the distribution of taxes. یہ جو مسئلہ انہوں نے raise کیا ہے یہ ہے about distribution of net profit.

**چوہدری اعتزاز احسن** : جناب چیئرمین ! یہ تو ان کا exclusively ہے۔ It is not dependent upon any award.

**جناب بشیر احمد مٹہ** : جناب ! AGN Qazi formula ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اس نے کیا تھا mediation کے لئے۔ تو اس کے لئے ایک فارمولا دیا ہے اور CCI بھی اس میں involve تھا۔

جناب چیئرمین : نہیں میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ یہ ایشو NFC Award سے متعلق ہے یا علیحدہ ایشو ہے۔ جی تاج حیدر صاحب۔

Mr. Taj Haider: Sir, there are two kinds of transfers. One are direct transfers and the other are from the divisible pool. This is a tranfer under Article 161 of the Constitution which is a direct transfer. Article 161 of the Constitution covers royalty on gas and the net profit on hydel projects. The Constitution also gives an explanation, how to calculate these net profits in the light of whichthe AGN Qazi formula and the four provinces as well as Senator Masood Kausar has referred, had signed a document and submitted it to the Federation stating there in that the direct transfers of the net profits and the gas royalty would be made, would have the first charge on the divisible pool and they would be directly transferred to the provincial Government and whatever royalty divided according to the formula arrived in.

جناب چیئرمین : سمجھ آ گئی جی۔ ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : جناب چیئرمین! یہ جو آئینی مسئلہ ہے اس پر عمل تو ہونا چاہیئے۔ یہ hydel net profit کا تو باقاعدہ Constitution میں واضح ذکر ہے کہ اس کا total net profit پختونخواہ صوبے کو ملے گا۔ ہم بلوچستان والے تو سادہ لوگ ہیں۔ ہمارے ساتھ تو گڑبڑ کر دی گئی۔ غلام اسحاق خان نے ان کی مدد کی۔ ہمارے ساتھ انہوں نے گیس میں ۲ چکر چلائے۔

جناب چیئرمین : نہیں ابھی گیس کی بات نہ کریں۔ جب یہ مسئلہ ختم ہو جائے تو پھر اس پر بات کریں گے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : میں جنرل بات کر رہا ہوں۔ میں اس پر عمل درآمد کی بات کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین : جی جناب اکرم شاہ صاحب۔

جناب اکرم شاہ خان: شکریہ جناب چیئرمین! میں صرف اپنے دوستوں کی حمایت میں کھڑا ہوا ہوں کہ واقعی یہ فیڈریشن کی طرف سے صوبوں کے ساتھ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ اب یہ حالت ہو گئی ہے کہ کوئی صوبہ اپنا بجٹ نہیں بنا سکتا۔ ہمارے صوبے کا یہ مسئلہ تھا۔ پختونخواہ صوبے میں یہ مسئلہ ہو گیا کہ وہ بجٹ بنانے کے قابل نہیں ہیں۔ کوئی پیسے واپڈا کی طرف ہیں، کوئی سوئی گیس کی طرف ہیں۔ تو یہ انتہائی تشویشناک مسئلہ ہے اور ہمارے صوبے میں مشکلات ہیں۔ پچھلے ایک سال سے ہمارے وزیر اعلیٰ کو اخبارات والے باقاعدہ کیشئر لکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ صاحب تنخواہ لینے چلے گئے، وزیر اعلیٰ صاحب تنخواہ لے کر آ گئے۔ لکھتے ہیں کہ ہمارے کیشئر صاحب تنخواہ لے کر آ گئے۔ اس سلسلے میں، میں دوستوں کی حمایت کرتا ہوں۔ یہ ایک تشویشناک صورت حال ہے اور اس کا کوئی حل نکالا جائے۔ شکریہ۔

**Mr. Chairman:** Minister for Finance. So, you heard the problem in detail.

**Mr. Muhammad Ishaq Dar:** Thank you, Mr. Chairman. I will try to cover all the points raised on the floor.

Mr. Chairman! The first thing is that I will deal with the current year and I will go back on various comments about the accumulative problems. One thing is sure sir, it is a constitutional matter and the Qazi Committee submitted its report which was approved in the Council of Common Interests in 1991. Now fundamentally, this report covers three major areas where there is a difference exists between WAPDA and the Frontier Government. Now why I am referring to WAPDA, because primarily the responsibility to pay this money is of WAPDA and not the Federal Government. The Federal Government is a guarantor, no doubt. So, the Federal Government has given a guarantee, that the WAPDA will pay. Having said that, the three major areas of difference between the Frontier , the Government and the WAPDA, one is the basis of competition of net hydel profit. Second one is the definition of revenues. I am

talking of the Qazi Committee Report and the third one Mr. Chairman, is the definition of depreciation.

Now, also added with this three points problem, there is also a difference of opinion, which accounts for the basis of calculation. The WAPDA's contention is that it should be audited through financial statements which are rather more reliable whereas the Frontier Government believes that it should not be audited but it should be the Annual Financial Statement of WAPDA which is only a projection and estimates. Sir, having said that, according to the Qazi report, which gave a methodology, in para 6 of the Report, I am sure my colleagues have access to that copy. He also illustrated with the report a practical figure demonstration, how it should be done. Now, there is a variation in the two interpretations and obviously, Mr. Chairman, nobody knows better than you in this House on the legal interpretations. The text differs with the Annexure, obviously the main text will prevail according to my understanding. The accumulative figures which have been referred to, that 20 years' accumulative figure is about 80 million or 70 million or any amount.

Mr. Chairman, as per the Auditor General of Pakistan, this matter has been referred because it is not new. It has been there since last 8 years and this problem is going on. There is one interpretation, there is a second interpretation. The matter has been referred to various professional bodies to calculate. There is Auditor General's version and there is WAPDA's version. Now let me share with the House what the Auditor General of Pakistan has calculated and what isthe figure of WAPDA upto 1970-98. I will come to current year 1998-99 in a moment.

Mr. Chairman, according to the WAPDA's calculations, the total

amount upto 1997-98 turns out to be sixty seven thousand fifty nine billion and against this amount, they have paid according to the figure which is not controversial between any department, 72.355 billion. So, they claimed that upto 97-98, according to WAPDA's interpretation of these three major areas of the report and the illustrations, they say that they have over paid upto the end of 30th June, 1998, 4995 billion, so that is their figure. 72355 billion paid upto 30th June, 1999. The calculation, according to WAPDA, whether it is right or wrong that is a later question, is 67359 billions.

Now, I come to Auditor General of Pakistan. According to the Auditor General of Pakistan complete calculations and working papers, they claimed that the total due amount was 7156 billion, the amount which should have been paid to Frontier on this account is against WAPDA's figure of 67359 billion and the actual payment, as I said there is no difference towards the actual payment that is 72355 billion. So, that, according to even Auditor General, there is an over payment of 1299 billions upto 30th June, 1998. I fully agree and endorse the honourable member's view that this issue must be deliberated at the right forum and the controversies must be dealt with once and for all. So the interpretation questions, which are prevailing in the last 8, 9 years -- every year there is a problem and there is no solution. At the end of the year, the Federal Government then, agrees, pays something and for your benefit Mr. Chairman and benefit of the House, for the last 8 years the figure has been 6 billion on average. There is only one year where it was around 5.38 billion and in one year five and a half billion, roughly but that five and a half was made up. So, I would say out of 9 or 8 years, these 6 billion has been paid on account, per annum on hydel account. Though WAPDA claims around 4.4 or 4.5 billion per annum and according to the

Auditor General's formula, it should be 4.75.

Sir, the current year, the payment upto last week based on the Auditor General of Pakistan formula , roughly 4.75 billion was already paid by the Federal Government. I must clarify that the payment was made as a guarantor because it did not pay a penny in the current year because of their bleeding position of the IPPs and other problems. They are running into a loss and we all know what is the position of WAPDA. So, WAPDA did not pay a penny and Federal Government continued to cooperate as a guarantor so that provincial government should land into any financial difficulty. The provincial government was sent money regularly on this account without recovering a penny in the current year 1998-99.

I was told that the province also needs the balance of 1.25 billion and the provincial assembly indicated that this money should also be paid. That is the difference between, Mr. Chairman, for your information, 6 billion the figure of last 8 years and 4.75, what the Auditor General claims should be. So, though earlier we had paid as guarantor 4.75 billion, when I was informed of the interest of the provincial assembly that they would be keen to see this 1.25 also to be sent. So, in the last week, we also sent 1.25 billion to the province of Frontier to make it 6 billion. Now, 6 billion has been paid since 1st of July 1991. This is an average figure except one year there is an exception of about 600 million less and another year which was made up in the following year. So, in the last 9 years there is an outflow of 6 billion.

Sometime WAPDA has been paying whole amount, sometime 50 per cent, sometime 40 per cent and Federal Government has been chipping in for thedifferential to make up 6 billion. So, this year also, unfortunately I would say,

because obviously the Federal Budget also has a lot of constraints and there is adecline in revenue and a lot of expenditure is to be met. But despite all the constraints what we faced last year, we made sure that though WAPDA first time did not pay a penny, the entire amount of 6 billion during 1998-99 has been transferred. That is the factual position. I fully agree that this is a very serious problem and it should be sorted out once and for all. I have requested the provincial government and I have also requested the Prime Minister that needful action should be taken to address this problem for all times to come.

I think, it has become a sort of ritual that towards the end of financial year, there is some sort of claim on one side, there is a dispute on the other and then Federal Government has to chip in. So, that, once the liability is established according to the Qazi Formula and there is a clear verdict on that, at least, WAPDA should be responsible to make that payment regularly and not to create any financial difficulty for the province. But as I said sir, November 1998 onwards I made sure that all the amount of current year , 6 billion has been totally paid. This is the figure which has been there since the last year and the province has been happy over this. They might have a higher claim but I have also explained to you the position of the Auditor General of Pakistan, position of WAPDA and position of the Frontier government. We have listened that they claim, that it should be much higher.

Now sir, I come to the other question of the octroi and the" zila" tax. Mr. Chairman, as we all know that this was a very bad menace in our country and this is no longer a secret that though the total amount collected by 577 local bodies, is around 50,000 collection points , throughout the country from millions of Pakistanis every year, standing for hours and hours in queues and I would

say, money being extorted out of them against the schedule, what should have been. Sir, there is an estimate that collection from the people of Pakistan is around 120 billion as against a net amount which was in flow to the local bodies for their development and expenditure, 19.54 billion. Mr. Chairman, our government decided that this abuse and this mishandling of people of Pakistan should be dispensed with and should be abolished for all times to come from 1st of July, 1999. Certainly, with resources contained, we had to find some formula how to raise this money to sort out this problem of 19.54 billion.

آپ کو resource کی ضرورت ہے to finish an expenditure, لہذا اس کے لئے IPPs کی میٹنگ ہوئی - all theprovinces were represented including the Frontier Province through its Chief Minister and other Ministers and it was decided that there should be a levy of two and a half percent as additional in the sales tax, if you recall Mr. Chairman, the sales tax used to be 12 and a half and it was proposed کہ اگر پندرہ فیصد اس کو کر لیں، اڑھائی فیصد جو extra collection ہے - that can be used for eliminating this Octroi and Zila Tax throughout the country as you knowabout collection points. اس کے لئے جو next year کی projection ہے

Mr. Chairman: That works out to be only 15.279 billion based on our 12 and a halfprojection for the next year.

یہ جو اڑھائی فیصد ہے - it will not give us 19.54 billion, it will only give us 15.279 billion. تو طے ہوا کہ اس amount کو آپ use کریں in order to eliminate this problem and the difference should be then taken care of between the provinces and the Federal Government. Sir, I will give you the actual figures of 1998-99 which is the basis of distribution and elimination of this problem.

یہ 1998-99 کے پنجاب کے اعداد و شمار دس بلین ہیں - جو سندھ کا ہے وہ آٹھ بلین ہے - سرحد کا 760 million تھا اور بلوچستان کا 780 million. تھا -

This is the actual collection of Octroi and Zila tax in four provinces which add up to 19.54 billion. So, sir instead of using 15.279 billion straight away for this purpose which would have been against the Constitution spirits and against the NFC Award because you cannot have a federal levy and then start distribution for other purposes. It has got to go through the normal transfer formula to the provinces, though it was decided that it should be raised from 12 and a half to 15 to take care of this menace in the country.

ہم نے سب سے پہلے یہ کیا کہ

this money first of all should be distributed according to the NFC award and everybody must have its legal and constitutional share and if there is any shortfall in any provinces that shortfall will be taken care of.

projected share is for next 1999-2000 is 9. کا فیڈرل گورنمنٹ میں سے 15.279 billion تو اس

7. ہے کا فرنٹیئر ، 1.33 billion ہے کا سندھ ، 3.316 billion ہے کا پنجاب 549 billion. Then

758 million

چوہدری محمد انور بھنڈر۔بہت تیز ہوئے ہیں ذرا یہ اعداد و شمار دہرا دیں۔

collection of 1998-99 from جو ۔ جناب محمد اسحاق ڈار ۔ جی میں عرض کرتا ہوں

Punjab is 10 billion, Sind is 8 billion, Frontier is 760 million and Balochistan is

نے ہم خلاف کے اس 780 million. Sir, this will add up to, Mr. Chairman, 19.54 billion.

کر with the intention and having all the provinces on board کیا increase جو سیلز ٹیکس

جی ہم اڑھائی فیصد سیلز ٹیکس بڑھاتے ہیں ساڑھے بارہ سے ۔ لیکن اس کو use کریں گے اس کام کو ختم

15. اس So, that amount for next year is projected to be 15.279 billion. کرنے کے لئے ۔

279 کو

instead of using this straightaway to eliminate that thing, it was my suggestion and everybody agreed that first of all we must use any federal collection under

the NFC Award which is constitutional legal requirement.

اس کے تحت جناب چیئرمین،

Federal Government got in the next year projectioin 9.549 billion, Punjab 3.316 billion, Sindh 1.333 billion and NWFP 775 million and Balochistan 303 million. Sir this adds up that the total four provinces would get 5.729 billion and the Federal Government 9.549 billion.

لیکن وہ مسئلہ حل نہیں ہوا

obviously, this was the constitutional and legal transfer which was projected in the Budget documents for the next year but it left us with three provinces still short. Luckily Frontier

in Balochistan 330 million. and then we had a short fall in حل ہو گیا problem کا

فیڈرل گورنمنٹ Sindh we had a short fall of 4.611 billion and in Punjab 4.623 billion

9.549 billion, we will even give away this amount. ہے share نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ جو ہمارا

there is a اس کے باوجود بھی you know to finish this problem in the four provinces

4.26 billion جو ہے اس میں سے جو صوبوں نے 4.26 billion یہ short fall of 4260 million یا

251 million اور سندھ نے 531 million وہ پنجاب نے contribute کریں گے agree کیا کہ وہ

بلوچستان نے صرف ساڑھے چار ملین -

So, sir after this contribution Federal Government, No. 1, given up its share 62. 5% of the 2 and half percent additional sales tax the entire amount was surrendered, then Federal Government has also contributed from its other resources 3.473 billion. So, the total contribution by the Federal Government on account of Octroi and Zila tax abolition in country is 13.039 billion

Sindh is the ' 6.414 billion ہے سندھ کو ' 6.152 billion ہے اس میں سے جو پنجاب کو ہے وہ

------ biggest recipient and Balochistan کو

(مداخلت)

جناب چیئرمین - دیکھیں یہ بعد میں آپ جھگڑا کریں- صدر صاحب آپ بات سن لیں پھر اس کے بعد جو کہنا ہے کہیں- جی اسحاق ڈار صاحب-

جناب محمد اسحاق ڈار - جناب چیئرمین! تو اس طرح یہ جو 13.039 billion کی جو فیڈرل گورنمنٹ grant ہے ' either... the confusion started becasue in the budget docusment,

you take 15.979 billion جو extra 2 and half percent sales tax ہے اور یہ فیڈرل گورنمنٹ share of 3.473 billion and Provincial contribution of 787 million and you prepare or present a new block which has never been there because the grants were never there, Zila tax was never abolished in the past, in the last fifty years. So, instead of creating new accounts what is permitted under AGP rules the Constitution and the NFC Award, what we take first of all is to, distribute this according to NFC Award which exists in the country. When we handed over this money and grant of 13.038 billion were shown in the grants to the provinces in the separate item, that is where the confusion started in the National Assembly we explained to our friends and they were satisfied

یہ تو جناب بات یہ ہے کہ

basically it is not in proportion to population, this grant is not in proportion to any other NFC Award. It is something to eradicate this problem which was throughout the country, that problem existed in the biggest proportion in two provinces, that is Sindh and Punjab, it was much less in magnitude in Forntier and Balochistan. But we are distributing this money, the constitutional and legal rights would not disturb

یہ نہیں تھا کہ ان کے constitutional rights بن گئے ہیں ایک بلین کے کہا نہیں جی کہ آپ کے 760ہیں- تو آپ یہ تو 760 لے لیں اور اس کے بعد آپ چھوڑ دیں

because this money is to be used or not. Forntier actually had 60 million surplus

on the NFC division and after that the load has been taken by the Federal Government that have given their share of this collection 9 and the half billion, they have given away 3.47 billion additional from their resources and that is all

جناب والا! یہ تو وہی ہے اس پہ نیشنل اسمبلی میں میرے ساتھیوں نے کہا تھا کہ یہ جو آپ کی payment

that means that Federal Government is dishing out grant perhaps to look ہے

cancer type ایک جگہ پہ کہہ لیں کہ after a small province also, this problem like

problem تھی، ایک جگہ پہ TB ہے، ایک جگہ پہ ہے

So, after having dealt with according to the Constitution then whatever residual amount was required those have been paid, and this is nothing new, about of the subvention grant in this country, let me give you sir figures

last year اس کو under the previous arrangement, Frontier gets چھوٹے صوبے جو ہیں

3.674 billion subvention grant, and this year in the same budget document ملا ہے

according to the formula agreed in NFC, they are getting 4.078 billion again, and so is the case with, Balochistan they are getting for the last year 452 million and this year 4.528 billion and this year 5.026 billion. Sir, these subvention grants are only meant for smaller provinces. The Federal Government is not giving any

sir, the problem تھا تو میری گزارش یہ ہے کہ جو ایک such grant to Sindh or to Punjab.

people of Pakistan are so happy. I mean there are hundreds of thousands of taxes, may be the 'bhatta' receivers, may be the grafter, recipient or the contractors, they may not be happy. But they may be only few dozens of people

19.5 ہمارا in country and entire country is happy and everybody is appreciating.

تو people are relieved of 120 billion of additional taxes. billion کا نقصان تو ہے لیکن

Frontier has not been deprived of any Constitutional, legal میری گزارش یہ ہے کہ

right. They have first been provided under the NFC Award their due share.

Luckily, the fund required to finish this problem they had, more than enough, 16

million surplus and the rest of the money Federal Government gave back to the three provinces, that was even not enough and then 3.4 billion. تو جناب یہ اس کے facts and figures ہیں۔ Thank you very much.

جناب چیئرمین ، تو آپ جو یہ فرما رہے تھے to finally end this matter, what is your proposal جو آپ کہہ رہے تھے کہ کمیٹی بنائی جائے گی۔ میاں صاحب کہہ رہے ہیں کہ ایک ایڈہاک طریقہ ہو رہا ہے کہ ہر سال چھ بلین دے دیا۔

جناب محمد اسحاق ڈار ، تو میں عرض کر رہا ہوں کہ جہاں تک octroi یا ضلع ٹیکس کا تعلق ہے---

جناب چیئرمین ، نہیں ، نہیں۔ ضلع ٹیکس کی بات میں نہیں کر رہا ہوں۔ میں یہ کہہ رہا ہوں---

جناب محمد اسحاق ڈار ، جہاں تک hydle کا تعلق ہے I have alreadyproposed that the provincial government and the Federal Government should sit together and they should sort out this problem once and for all میں نے گزارش یہ کیے کہ یہ پرابلم 1991ء سے چلا آرہا ہے۔ ہر سال یہ پرابلم اٹھتا ہے اور چھ بلین پر جا کر ختم ہوتا ہے۔ اس سال بھی چھ بلین دیا ہے۔ There was a misreporting in the press کہ it was 4.75.

جناب چیئرمین ، جی جناب مٹہ صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹہ ، میں ان کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمارا مسئلہ seriously لیا ہے، ان کا مشکور ہوں، thoroughly لیا۔ میں صرف یہ عرض کروں گا کہ آپ جو یہ فورم بنانا چاہتے ہیں تو ذرا یہ announce کریں کہ گورنمنٹ اس فورم کو بنائے گی تاکہ یہ مسئلہ حل ہو جائے اے جی این قاضی کی recommendations کے مطابق اور اگلا سال آنے سے پہلے یہ مسئلہ حل ہو جائے۔ بجٹ آنے سے پہلے یہ مسئلہ حل ہو جائے۔

Mr. Chairman: Correct. This is what he said کہ ہر سال آخر میں یہ مسئلہ آتا ہے، ہم چھ بلین دے دیتے ہیں لیکن مسئلہ وہیں کا وہیں رہتا ہے۔

جناب بشیر احمد مٹھ ، تو یہ ذرا فرما دیں کہ ایسا کریں گے۔

جناب محمد اسحاق ڈار ، میں نے تو عرض کیا ہے کہ

I have already requested the Prime Minister to setup this. Actually it is a Constitutional matter, it has to be sorted out as early as possible and Council of Common Interest is to be involved, experts are to be involved, Qazi formula is available, illustration is there. Sir, it is a matter of professional work. It should be ratified by the Council of Common Interest.

اس بار بار کی بدمزگی کو ختم ہونا چاہئیے۔

جناب چیئرمین ، جی جناب اعتزاز صاحب۔

## (iii) RE: ABOLITION OF OCTROI, TOOL TAX AND EXPORT TAX.

چوہدری اعتزاز احسن ، جناب چیئرمین ! جناب وزیر خزانہ نے ایک معاملہ تو سلجھایا ہے ، کم از کم اس کو سلجھانے کا عندیہ تو دیا ہے لیکن ساتھ ساتھ ایک بہت بڑے اور الجھے ہوئے معاملے پر اعداد و شمار کے گورکھ دھندے کی داستان شروع کر دی ہے اور وہ ہے octroi, ضلع ٹیکس۔ یہ جتنا اس کو آسان اور سہل بتا رہے ہیں ایسے نہیں ہے۔ بنیادی طور پر یہ مسئلہ صرف فگرز کا نہیں ہے کہ سندھ کو اتنا مل گیا' پنجاب کو اتنا مل گیا' بلوچستان کو اتنا مل گیا' اتنا یہ سیلز ٹیکس آئے گا ' اس میں سے ہم اس کو اس طرح distribute کریں گے۔ جناب ! بنیادی طور پر اس میں کچھ لوگ ہیں ' کچھ مفادات ہیں' کچھ فائدہ اٹھائیں گے یقیناً اور کچھ عوام اور ادارے ہیں جن کو سخت نقصان ہوگا۔ بنیادی طور پر یہ وہ ٹیکس ہے جو ضلع کی باؤنڈری کراس کرنے پر عائد ہوتا ہے ۔ اب ضلع کی باؤنڈری کراس کرنے کی کس کو ضرورت پڑتی ہے۔ ہاں ' شہریوں کو بھی پڑتی ہے ' تھوڑا بہت کبھی مال لے کر جاتے ہیں ۔ لیکن سب سے بڑا beneficiary اس میں وہ industrialist ہے ' خاص طور پر پنجاب کا کہ جس کا گنا ایک ضلعے سے دوسرے ضلعے میں جاتا ہے' سینکڑوں ٹرک آ رہے ہیں ' ان پر octroi لگتی ہے ' ان پر ضلع ٹیکس لگتا ہے ۔ ہزاروں ٹن شوگر وہاں سے جا رہی ہے ' اس پر octroi لگتی ہے' اس پر ضلع ٹیکس لگتا ہے' ان کو یکدم یہ چھوٹ ہے تو یہ ہیں

یکدم یہ جھوٹ ہے تو یہ ہیں first beneficiary. Second beneficiary اس میں فیڈرل گورنمنٹ ہے حالانکہ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بالکل غیر آئینی step ہے اور فرض کیجئے کہ آپ نے کنٹریکٹر کے بھتے سے عوام کو نجات دلا دی، فرض کیجئے آپ نے کوئی اچھا کام کر دیا ہے، یہ ایک اچھا اصول ہے لیکن آپ دیکھیں کہ اگر آپ کسی اچھے کام کو کرنے کے لئے بھی غلط راستہ اپنا لیتو وہ ٹھیک نہیں ہوتا۔

پہلی بات یہ ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کو کیا اختیار مل گیا۔ یہ آرٹیکل 161 کی distribution نہیں ہے، یہ این ایف سی کی distribution نہیں ہے، یہ CCI (Council of Common Interests) کے ذریعے distribution نہیں ہے، یہ پارلیمنٹ کی کمیٹی کے ذریعے distribution نہیں ہے۔ یہ جو disbursement اور distribution ہے اس پیسے کی، جو اس مد میں آرہا ہے، وہ صوابدید ہے وفاقی حکومت کی یعنی وزیراعظم اور وزیرخزانہ کی۔ یعنی آپ نے ایک unitary نظام پیدا کر دیا اور arbitrary, unitary, نظام وحدانیت ہے جبکہ یہ ایک وفاق ہے اور مکمل طور پر صوابدیدی نظام لے آئے ہیں کہ جی ہم نے سندھ کو یہ دے دیا، ہم نے پنجاب کو یہ دیا۔ اب وہاں آپ یہ کہیں گے کہ ہم نے اس پیمانے پر بات کی ہے۔ لیکن پیمانہ یہ اپنا لیں، پیمانہ وہ اپنا لیں۔ پیمانے اپنانے میں کئی audit accounts ہوتے ہیں، annual accounts ہوتے، کئی ایسی چیزیں ہوتی ہیں، سیلز ٹیکس کی recovery پر آپ کریں گے۔ need basis پر آپ کریں گے، آپ octroi کی disbursement یا replacement کی بنیاد پر آپ کریں کہ کتنا ان کو نقصان ہو رہا ہے۔ اب ان کی تلافی کی بنیادوں پر کریں گے۔ تو آپ کے پیمانے مختلف ہو سکتے ہیں اور مختلف پیمانوں پر آپ کی صوابدید ہے۔ یہ ایک طرح آئین کی خلاف ورزی ہے۔

میں آخری بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے اتنا بڑا قدم اٹھایا ہے۔ اگر آپ چاہتے، آپ کی حکومت ہے، غیر آئینی حکومت ہے مگر سندھ میں آپ کی حکومت ہے، پنجاب میں آپ کے بھائی صاحب کی حکومت ہے، بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ، سرحد میں آپ کی حکومت ہے، بلوچستان والوں کو آپ منا سکتے ہیں، انہوں نے اچھی بات کی ہے کہ کیبنٹ منسٹر ہیں۔ وہ تو کیبنٹیئر ہیں۔ اب چار صوبوں میں آپ کے لوگ حکومتوں میں بیٹھے ہیں، اس میں کیا مشکل تھی کہ آپ یہی کام اپنے چھوٹے بھائی سے کہتے کہ بھئی کرو۔ آپ اپنے ممنون حسین اورمشکور علی شاہ کو کہتے کہ بھئی کرو۔ ممنون ومشکور ہیں دونوں آپ کے، دونوں آپ کے ممنون ومشکور ہیں۔ آپ ممنون صاحب کو کہتے، مشکور صاحب کو کہتے، حضور آپ یہ کردو۔ آپ عباسی صاحب کو کہتے۔ یہ آپ نے جو براہ راست کیا ہے یہ ایک

بالکل غیر آئینی عمل ہے ۔ کیوں؟ کیونکہ بات یہ ہے جناب چیئرمین! حالانکہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ایک اعتبار سے لوکل باڈیز کے مسائل concurrent ہیں ' ادھر بھی ہیں ادھر بھی ہیں لیکن یہ معاملہ صرف صوبائی نہیں ہے۔ یہ وہ لوکل باڈیز کے فنکشنز ہیں جو delegate ہو کر ' پوری طرح تفویض ہو کر ایم پی اے اور پراونشل اسمبلی کے پاس بھی نہیں رہتے ' یہ ضلع کونسل کے پاس رہ جاتے ہیں۔ وہاں کے جو منتخب ممبر ہیں' سارے آپ کے ہیں ' کم از کم پنجاب میں آپ کی اکثریت ہے ' آپ نے انتخابات کروائے ہوئے ہیں ' یہ تھوڑی power ہے جو empowerment ہوتی ہے ' جو ضلع کونسل کے ممبر ہیں وہ سب کو جانتے ہیں ' بھئی! جو جنس ہمارے ہاں پیدا ہو رہی ہے ' زیادہ پیدا ہو رہی ہے ہم چاہتے ہیں کہ یہ باہر جائے ۔ اس پر ہم ایکسپورٹ ٹیکس نہیں لگائیں گے لیکن باہر کے ضلعوں سے فلاں چیز اگر آئے تو وہ ہمارے تاجر کا raw material ہے ' ہم اس پر لگائیں گے ۔ یہ اتنی basic fundamental taxation ہے ۔ یہی نہیں اگر آپ ضلع سے لے کر صوبے کی اسمبلی میں لے آتے اور حکومت کو یہ صوابدید دے دیتے تو وہ غلط تھا۔ وہ بھی ناجائز تھا لیکن آپ ایک اور درجہ اوپر اس کو وفاقی حکومت کی صوابدید میں لے آئے ہیں۔

جناب چیئرمین! یہ تو بالکل ناجائز اور غیر آئینی ہے ' غیر اخلاقی ہے۔ یہ بھتہ کیا ہے؟ اب یہ بھتہ وہاں کا ٹھیکیدار نہیں لے گا ' اب وزیراعظم خود لے گا۔ اب یہ ہوگا کون سے ضلع کو' کونسے صوبے کو' وزیراعلیٰ خود لے' کتنے پیسے چاہئیں' جو زیادہ ٹھیکہ دے گا جو زیادہ آواز لگائے گا' بولی لگائے گا ادھر ان کی صوابدید کے مطابق پیسہ جائے گا۔ بڑے بھائی اور چھوٹے بھائی ' یہ سیدھا الزام ان پر آئے گا۔ یہ سیدھا الزام ان پر آئے گا ' یہ پیسہ خود بنائیں گے ' جن بنکوں میں یہ پیسہ رکھیں گے ان میں سے بھی پیسہ بنے گا۔ میں نے کہا کہ ان کو پیسہ بنانا آتا ہے۔ میں قطعاً ٹھیکیداروں کا طرف دار نہیں ہوں۔ نہ میں octroi کے سٹاف کا طرف دار ہوں۔

بے شک وزیراعلیٰ پنجاب آپ کے بھائی ہیں' سارے پنجاب میں ' سارے ٹھیکے آپ نے دیئے ہوئے ہیں ۔ اگر آپ سے وہاں کا انتظام درست نہیں ہوسکتا ' ان کو آپ لگام نہیں دے سکتے' ان کو آپ درست نہیں کرسکتے ' رشوت ستانی اور لوگوں کو تکلیف دینا ختم نہیں کرسکتے تو پھر آپ کس لئے وزیراعلیٰ ہیں۔ آپ دستبردار ہوکر بڑے بھائی کو سارے اختیارات دے رہے ہیں ۔ یہ سارا رائے ونڈ فیملی میں ہے ۔ رائے ونڈ کے ٹرکوں کو فائدہ ہوگا آتے جاتے اور رائے ونڈ فیملی کے یہ تمام صوابدیدی اختیارات بنیں گے۔ ہارے گا کون' شہری ۔ شہری اسی طرح پٹے گا۔ اس کے پراجیکٹس نہیں چلیں گے۔ اس کی دادرسی

جو تھوڑی سی ہے جو ضلع میں ہوجاتی ہے، وہ ضلع کے اسمبلی اے کو نہیں پکڑ سکتا، وہ ایم این اے کو نہیں پکڑ سکتا۔ آپ کو پتہ نہیں ہے کہ وہ اپنے ضلع کونسل کے ممبر کو کس طرح پکڑتا ہے اور اس کو کھینچ کر لے جاتا ہے۔ اپنی گلی اور اپنا محلہ دکھاتا ہے اور وہاں پیسے لگواتا ہے اور وہاں ٹیکس دینے کو تیار ہے۔ ان کی آپ ضرور سرکوبی کرتے، آپ کے ساتھ ساری دنیا چلتی، لیکن آپ نے آئین کی خلاف ورزی کی ہے، آپ نے خود پیسہ بنانے کا طریقہ بنایا ہے، آپ سے اپنے آپ کو، اپنی ملوں کو، اپنی فیکٹریوں کو۔۔۔، آپ سب سے بڑے industrial house ہیں، آپ نے سب سے زیادہ فائدہ اپنے آپ کو دیا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی ایک منٹ، ایک منٹ، اس طرح یہ بات کبھی ختم نہیں ہو گی ڈاکٹر صاحب۔ پلیز I want now to wind it up, I am sorry, دیکھیں ناں there are two requests before me میری بات سنیں ناں۔ there are two requests before me, Balochistan's senators want to take up the issue of the Koltak, you want to take up the issue of the Sindh government. Please let me do it اب ضلع ٹیکس کا تو ایشو ہی نہیں تھا۔ یہ سوال جواب کی بات نہیں ہے۔ پلیز پلیز ڈاکٹر صاحب آپ بیٹھ جائیں۔ یہ ایشو ہی نہیں تھا، ہائیڈل پاور پر بات ہو رہی تھے۔ یہ آفتاب صاحب نے بات کی ہے، لیکن یہ ایشو نہیں ہے۔ جی you want to say anything on this ایک منٹ جی، let me finish it first جی وزیر صاحب۔

**جناب محمد اسحاق ڈار:** جناب اس سلسلہ میں گذارش یہ ہے کہ اپوزیشن لیڈر نے کچھ issues raise کئے ہیں، I think I owed to explain few things, I think there has been wild allegations andcertainly not based on facts یہ کہنا کہ عوام اور لوگوں کو اور اداروکو نقصان ہو گا۔ I failed to understand, is it meant for a selective people in this country or is it uplifting the people.... from the entire country. جناب والا! غریب آدمی جو اپنا گھی اٹھا کر لے جاتا تھا، عورت کو کلاشنکوف، gun point پر پیسے دینے پڑتے تھے۔ ان کو کبھی وہاں سے گزرنا نہیں پڑا۔۔۔۔۔۔

**جناب چیئرمین:** جناب یہ کوئی گرمی کھانے کی بات ہے، اس میں غصے کی کیا بات ہے؟ اگر آپ بات میری مانیں تو دیکھیں۔

**میاں عبدالستار لالیکا:** جناب والا! اگر گلا پھاڑنے کی بات ہے تو پھر سب پھاڑیں گے۔

لیڈر آف دی اپوزیشن کی بات سنی گئی ہے،

**جناب چیئرمین:** میری بات سنیں ناں، اس میں غصے کی کیا بات ہے، supposing you disagree کیا غصے کی بات ہے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** جی اسحاق ڈار صاحب۔ let him finish his statemnet ' I am requesting you, please, I will not give you even one minute. Yes Minister sahib.

**جناب محمد اسحاق ڈار:** جناب والا! یہ کہنا کہ یہ قدم غیرآئینی تھا، اب اگر آپ نے 13.038 billion اپنے وفاقی بجٹ کے ذریعے صوبوں کو دیئے ہیں تو we have given special grant to Balochistan, we have given other special grant جیسا میں نے عرض کیا ہے کہ وفاقی بجٹ میں اگر یہ amount allocate ہی نہ ہوتی تو ، اگر اس کو وہاں mention ہی نہ کیا جاتا، اگر اس کو explain ہی نہ کیا جاتا ہے کہ یہ 13.038 billion کس کام کے لئے اس میں allocate کئے گئے ہیں تو obviously this has been fit یہ کہنا کہ federal government نے کیا ہے ' federal government has not done it, it is provincial budget آپ سارے صوبوں کا بجٹ اٹھا کر دیکھیں، یہ انہوں نے کیا ہے، ہم نے قومی اسمبلی کو explain کیا ہے کہ یہ 13.038 billion کس کام کے لئے رکھے گئے ہیں۔ I think sir, to say کہ یہ کوئی غیر قانونی کام کیا گیا ہے------

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** ڈاکٹر صاحب یہ کوئی طریقہ نہیں ہے، نہ ہی یہ گرمی والی بات ہے، نہ ہی غصے والی بات ہے۔ ایک بحث ہو رہی ہے، ایک بہت ہی ٹیکنیکل ایشو ہے، جی شیخ صاحب، پلیز ڈاکٹر صاحب گرمی کی کوئی بات نہیں ہے ' I do not know what has gone wrong with you today ' اس میں کیا بات ہے ایسی، اچھا نہ کریں، نہ کریں، لیکن بات سن لیں۔ جی شیخ صاحب آپ فرمائیے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** ڈاکٹر صاحب پلیز اس میں غصے والی کوئی بات نہیں ہے۔ پلیز ڈاکٹر صاحب، پلیز پلیز۔ جی جناب شیخ صاحب۔ ٹیکس لگانا اور ٹیکس ہٹانا،

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب' کتنا پرانا اورسنجیدہ ایشو ہے یہ ہائیڈل پراجیکٹ کا' کسینے کوئی شور ہنگامہ نہیں کیا' effectively بات کی'جواب دیا گیا۔ تو اس میں غصے والی ایسی کونسی بات ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اعتراز صاحب! جب وکیل کا کیس کمزور ہوتا ہے تو وہ غصہ کرتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب ہمارا تجربہ یہ ہے کہ وکیل کا کیس کمزور ہو تو اسے غصہ آتا ہے۔ آپ سگریٹ پی کر کیوں نہیں آ جاتے۔ چائے پی کر آ جائیں۔ آپ بیٹھ جائیں' اقبال حیدر صاحب بیٹھیں' I have given floor جی to the Aftab Sheikh sahib, you have been here, I do not know how many years آفتاب شیخ صاحب۔ ہر کوئی وہی بات کر رہا ہے۔

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Sir, I am really sorry that such an issue of the zila tax and export tax and .....

جناب چیئرمین: اچھا ایشو کیا ہے بات تو کوئی اور ہو رہی ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ: اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم منہ بند کر کے چلے جائیں تو وہ آپ کی مرضی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں آپ بولیں' you have requested one minute, I will give you three minutes

جناب آفتاب احمد شیخ: ایک منٹ نہیں' this is subject on which I have already said

جناب چیئرمین۔ شیخ صاحب آپ ریکارڈ دیکھیں' آپ نے وقت مانگا تھا۔ آپ نے کیا وقت مانگا تھا؟ what do you ask for آپ نے کیا time مانگا تھا؟

جناب آفتاب احمد شیخ۔ میں خاموش بیٹھا تھا۔

جناب چیئرمین۔ نہیں آپ نے وقت کیا مانگا تھا؟

جناب آفتاب احمد شیخ۔ میں آپ سے ایک منٹ کے لئے کچھ عرض کر رہا تھا۔

جناب چیئرمین- میں آپ کو تین منٹ دے رہا ہوں-

جناب آفتاب احمد شیخ- مجھے آپ بات کرنے دیں-

جناب چیئرمین- اچھا جی-

جناب آفتاب احمد شیخ- یہ ضلع ٹیکس اور octroi tax کا مسئلہ ہے- میں آپ کے سامنے کچھ حقائق رکھنا چاہتا ہوں- میں خاموش تھا- میں بالکل بات نہیں کر رہا تھا- آپ دیکھ رہے تھے میں خاموش بیٹھا ہوا تھا- میں بالکل interfere نہیں کر رہا تھا-

جناب چیئرمین- دیکھیں! بلوچستان والا ایک issue پڑا ہوا ہے I would like to take it up.

جناب آفتاب احمد شیخ- تو میرا right بنتا ہے کہ اس میں کیا ہوا ہے-

جناب چیئرمین- ڈاکٹر صاحب-

Mr. Aftab Ahmad Sheikh: Mr. Chairman, I will only talk about the real issue.

Mr. Chairman: O.K.

Mr. Aftab Ahmad Sheikh: Mr. Chairman, this is an issue which concerned with both , I have got "Dawn" of 12th of June with me which reports that on the 3rd of June, a decision was taken by the Inter-provincial CoordinationCommittee to abolish the octroi and export tax. This is a reported news, which I read from a newspaper of the standing, "Dawn".

Mr. Chairman, before proceeding further, my submission is that what is this Inter-provincial Coordination Committee, IPCC, it hasn't got the status of Coucil of Common Interests. It is not Constitutional body. It hasn't got the status of the Council of Islamic Ideology or the Federal Public Service Commission or the Election Commission or anyother body which is found or

mentioned in the Constitution. It has found no mention anywhere in the Constitution. Now , this takes a decision that hereafter the 'Zila' Tax, Export Tax and the Octroi Tax shall be done away with. I am not talking of the other provinces but so far as, the province of Sindh is concerned, we have got 907 local councils functioning at various tiers, these include 9 municipal corporations ,17 district councils and 70 town committees inside union coucils. All of them have been deprived of their only main source of income and the Finance Minister is on record having said that these are 'ghunda' taxes. I have myself read that statement of Finance Minister. He said that this octroi tax, the 'zila' tax and the octroi is a 'ghunda' tax collected by the councils.

Now, if it is a 'ghunda' tax , it is a 'ghunda' tax because the Finance Minister is a businessman and the present cabinet member, most of the people who are the members of the cabinet including the Prime Minister, they are all businessmen and they may have their grievances against the local councils, 'zila'councils and the municipal corporations. I am not confront at this moment, with this aspect of the matter. My submission is that I examined this issue from 1935 Act onwards upto 1962 Constitution, 1956 Constitution, then 1972 Interim Constitution, then 1973 Constitution. I have not found anywhere this subject to be totally and exclusively the subject of Centre. It has always been a provincial subject. To do away with such a matter where the Centre has no say except that a decision has been taken in the meeting in the Inter-Provincial Coordination Committee, which has no constitutional mandate . It has no constitutional status . It does not find mention anywhere in the Constitution.

Now, the effect of the decision Mr. Chairman is at least, from the point of view of Sindh I am saying 1,50,000 families have been displaced. Those

were employed in these 907 union councils. They are all affected because the doors are shut, the offices are shut and we do not know as to what will happen to those people who are now unemployed because the 'zila' council octroi tax, it is not to be collected by the local councils and the municipal corporations. Now, Mr. Chairman you see daily in the newspapers that the people who are commiting suicides due to unemployment. Those who have got the employment, you are taking away the employment from them. You are snatching the bread from their mouth. This is the problem and I say without fear of contradiction that this has been done only to hit Karachi Metropolitan Corporation. That was the main target. I will give you the figures Mr. Chairman. I have got the figures also and I was not raising this issue. I was not rising on apoint of order but when the minister got up to state ,Mr. Chairman, what has been done with the province of Sindh.The province of Sindh, in the previous years, I am giving you the figures of NFC Award 1997-98, 39 billion were to be given to Sindh. Then, out of this, we were given only 32 billion. We suffered a loss of 7 billion. Then in 1998-99, 46 billion were to be given to us, we were given 35 billion. We suffered a loss of 11 billion. Now, Mr. Chairman, throughout this year also, 1998-99, this is 35 billion, the amount which has been earmarked, the amount which is to be given is 26 billion, again there is a shortfall of 9 billion.

اب سوال یہ ہے کہ۔

The Centre and one party government which is being formed and the total centralization of power in Islamabad , they are heading not towards a federation. The Constitution talks of federation. We are compounded of the federation. We have certain rights under this Constitution. If you are taking refuge under Article232(2)(c) and you are now legislating. You have not even legislated. You

have not even legislated, this is just an executive decision that you have taken. This istotally unconstitutional, this is totally illegal and violative of the Provincial autonomy of the provinces. Something which was not taken away by even the English people, by 1935 Act, but it has been taken away by you from the provinces and those provinces have to just beg and borrow from you.

My submission is that one aspect of it, I have just said, is unemployment, then total violation of Constitution. You are heading towards one party rule, deposit all power in one man, in total. All power in one man and from here you distribute the alms, charities among the three smaller provinces. Mr. Chairman! this should be rejected and you are on the top of it, Mr. Chairman, you are not permiting us to speak on it.

Mr. Chairman: I am not permiting you yet.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: I have in fact wrestled out my chance of speaking here because this is something which is raised by the Finance Minister and we had to reply on this subject. Thank you.

I gave him time جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب' اس چیز کے آپ گواہ رہیں ناں کہ

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: بالکل ٹائم دیا ہے۔

جناب چیئرمین: میں نے صرف کہا ہے کہ آپ گواہ رہیں۔

(مداخلت)

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: میں اس پر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: O.K.. I think we should conclude this matter.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Yes. I am concluding. Now, they have said that after imposition of 15% sales tax, they said 12.5%, they will get,

the centre , and they will distribute only 2.5% amongst the smaller provinces. The provinces from which the money has been taken.

Now, Mr. Chairman, upto this day the corporations have not been able to formulate their bugdets. They are not known as to how much money and when, this money is going to be given to them. Now every corporation and every province is dependent on the alms that are to be given by the centre. So, my submission is that this should be rejected totally by this House. This attempt of the centre to rule the provinces indirectly is an attempt which is totally in violation of the Constitution and Mr. Chairman, we must reject it. Thank you, sir.

جناب چیئرمین ، جی فنانس منسٹر صاحب' انہوں نے ۳ پوائنٹ بتائے ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ

He says that this has led to unemployment of 150 thousand families . No.2 , it is his contention that this has led to centrelization of the process. It is against the Federal principles. No. 3. He says that the corporations are now in a difficulty, they do not know how to frame their budgets and they are waiting for the orders from the Federal Government.

*(interruption)*

جناب چیئرمین، سارے کا لُب لُباب تو یہی ہے ناں کہ یہ unconstitutional ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ، جی ہاں۔

## (iv) RE: SMALLER PROVINCES ARE ALLOCATED LESS FUNDSTHAN ARE AGREED UPON IN THE DIVISIBLE POOL

ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب چیئرمین! میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کا بھی وہی حشر تو نہیں ہو گا جو divisible pool کا ہو رہا ہے۔ جہاں commit کرتے ہیں 54 billion دیتے ہیں آپ 35 billion تو کیا اس کا بھی یہی حشر ہو گا۔

جناب چیئرمین : یہ ایشو بھی نہیں تھا مگر اب یہ ایشو بن گیا۔ this was not an issue
over here جی فنانس منسٹر صاحب۔

جناب محمد اسحاق ڈار : جناب چیئرمین! جہاں تک یہ غیر آئینی بات ہے۔ میں نے آگے بھی عرض کیا ہے۔ کہ اس میں کوئی غیر آئینی چیز نہیں تھی۔ یہ بجٹ میں چونکہ 13.03 billion کی allocation ہے۔ which is to go from Federal Government out of its own share to the provinces to finish this problem. It had to be mentioned
اس کے علاوہ بجٹ کے document میں اور کوئی reference نہیں ہے۔

It is the Provincial Governments, own Finance Bills, which have decided to eliminate this problem. So اگر وہ نہ کرتے تو ان کو یہ grant which is meant for this purpose نہ ملتی۔ اور وہ ختم نہ کرتے۔ It is not the case. The entire amount is going to a divisible pool. For Hevens sake, don't misuderstand me. آپ facts کو کم از کم نوٹ کر لیں۔ پھر جو آپ کا فیصلہ، جو مرضی کہیں۔ جناب یہ کہنا کہ discretionary powers اس میں ہونگی۔ کس کو کیا ملے گا۔ Arbitrary system ہوگا۔ جو لوکل باڈیز ہیں وہ کس طرح لوگوں کو رکھیں گے اور یہ issue بھی ہے کہ یہ صرف businessmen کو ہی فائدہ ہو گا۔ جناب اس میں عرض کروں کہ mechanism is very simple. کہ 1998-99 کے local bodies actual revenues تھے جو صوبوں نے collect کر کے خود دیئے ہیں۔ کہ جی ہمارے صوبے میں یہ collection, contracts, یہ ٹھیکے ہیں، یہ ہمیں آمدنی ہے۔ اسی آمدنی میں سے خرچے ہوتے ہیں۔ اسی آمدنی میں سے آپ employees رکھتے ہیں۔ اسی آمدنی میں سے development کا کام کرتے ہیں۔ That has been protected. That money is being given to them. The Provinces are receiving the full amount. یہ کہنا کہ جی وہ اپنی بجٹ نہیں بنا سکیں گے۔ وہ اپنا پلان نہیں کر سکیں گے۔ جناب والا! no other amount is disbursed in advance. Every amount is disbursedafter collection. یہ جو گرانٹ ہے
that has already reached them today. If onetwelvth of this grant has gone to all the four Provinces in accordance with their share, so how can they say
کہ بجٹ نہیں بنا سکتے۔

The Budget is the same, the revenue is the same. So, how they have made people unemployed? How they have stopped the civic and the other amenities and services to the community, I can't understand. They are guaranteed revenues. So, one can say

کہ اس دفعہ شاید 5% اور اکٹھا ہو جاتا یا 5% کم ہو جاتا لیکن the bottom line is کہ جو revenue ان کو

that has been guaranteed. Sir, the federal Government has suffered for that and ملتا

there is no discretionary power. The figures are کھلا یہ yo discretionary powers,

available. Every province has given the figure کہ یہ ہمارے اس سال کی collection ہے۔

اس میں تمام local bodies listed ہیں۔ The lists are available. ان کو amount guarantee

کر دیا گیا ہے۔

They are receiving that amount either from the divisible pool of the two and a half percent share. The rest of the money which is about 4.7 plus 913.38 million that has been given by the Federal Government. Sir,

یہ misunderstanding ہے کہ یہ discretionary ہو گا

it can't be discretionary. The basis is available. Every local council, local body which are almost 575 in number in the entire Pakistan , in the four provinces. They are receiving a guaranteed amount of revenue which they had collected through 'Thekedar' last year. So, I don't see how it affects the common men in any province or any local points. They have guaranteed the revenues. They are getting every point sir, every penny they are getting through the Federal Government.

اگر لوگوں کی یہ تکلیف دور ہو گئی، جو لائنوں میں کھڑے ہوتے تھے

I must clarify it is the extra illegal component which is written as 'Goondha Tax'. The octroi Zila Tax is 19.5 billion but the actual amount collected, various reports , various surveys are available in this country, they indicate

کہ 120 ارب لوگوں کی جیبوں سے جاتا تھا۔ اگر 19.54 billion ان local bodies کو اکھٹا ہوتا تھا اور

it could be ایک عام آدمی Sir it is Zamindar, ۔ پاکستان کے عوام دیتے تھے 120 billion

businessman also, it could be everybody but it includes the poorest of the poor

also بے چارہ جو اپنی ٹرالی پہ گنا لے کر جا رہا ہے، جو اپنے ۴ کپڑے کے تھان خرید کر لاتا ہے اپنے

دیہات کی دکان میں بیچنے کے لئے

he was stopped at many points from Karachi to, may be interior Sindh, from Lahore to may be interior Punjab, from Peshawar tointerior Frontier and from Quetta to interior Balochistan. Sir

I think the Opposition should have hailed it and should have ۔ یہ ایک اچھی بات ہے

acknowledged کہ یہ ایک اچھا کام ہوا ہے۔ میں ان کو assure کرتا ہوں۔

1. There is no discretionary power, let me make a very categoric statement here. It is the basis of 1998-99 actual figures of all the local bodies of the country who have been guaranteed every penny to be ıeimbursed. So, I see no reason why they should sack people because they are still having the revnue.

وہ ٹھیکیدار سے آتا ہے یہ فیڈرل گورنمنٹ سے آتا ہے یا divisible pool سے

it is none of their business. They have still guaranteed the revenue, sir without doing anything. They will be even saving the cost of auctioning of those Thekas. and also the monitoring and retaining the account.

that I would agree with the House and مسئلہ تھا practical اور اس میں ایک بات ضرور ہے جو

کہ آیا فیڈرل گونمنٹ پہلے پیسے اکٹھا کرے گی اسکے بعد، تین ماہ that has been resolved. That was

کے بعد پھر بھی وہ لوگ تین ماہ کیا کریں گے۔

What they would do? Would they suspend the development programme, would they send people home. That is why it is the only item in which Federal Government has guaranteed

within the first four days of every calendar month, your money will be sent in کہ

and I am pleased to ۔ پہ ان کو کوئی مسئلہ نہ ہو local point تاکہ کسی جگہ advance

acknowledge, sir, and tell this House کہ آج صبح اس پہلے مہینے کے پیسے ان کو جا چکے ہیں۔ آگے صوبوں کو بھی کوئی اختیار نہیں ہے، کوئی discretion نہیں ہے۔ They also have to disburse according to the facts and figures which they have given to the Federal Government. Sir, it is a very simple mechanism اور اس میں Federal Government نے ابھی sacrifice کر کے اسے 13.038 million کیا، میرا خیال ہے جناب! it should be appreciated.

جہاں تک یہ سوال ہے کہ یہ 2.5% اور 12.5% تو جناب! یہ 12.5% جو ہے

that goes in the divisible pool. I think, honourable member is probably either in some misunderstanding, that continues to go in divisible pool. Now, the last question arises, sir, that 39 projected

تھا لیکن 32 ملا، 54 projected تھا۔

Sir, what is budget? Budget is an estimate. What happened to last year, a year before or 1993-94, 1994-95, 1995-96, pick up their figures, the projections never materialised. As a result, the shortfall in revenue. What is divisible pool? Divisible pool is the collection of revenue from Federal resources through levy of direct and indirect taxes. Those taxes are distributed according to the Constitutional NFC Award. And if that collection fall short of the projection in the budget, obviously, the amount will go lapse and that happening is not new. In the last ten years, this country has seen that the projections are greater and the actual outflows are lower because of the actual collection of taxes.

اس سال بھی 354 سے ہم 300 پر آ گئے ہیں۔ پچھلے سال بھی یہی تھا۔ اس سے تین سال پہلے بھی یہی تھا ۔ Never any budgetted projection has materialised as a consequence of that. اسی basis پر صوبے اپنا بجٹ بناتے ہیں۔

Sir, if the federal revenue is short, obviously, the transfer to Federal Government 62.5 loose کرتی ہے اور صوبے بھی 37.5 کرتے ہیں۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ

it is not that the Federal Government withholding any money. The Federal

Government has paid by 30th June every penny under the divisible pool. I can assure everybody. They are most welcome to take all the detail. But every penny under the divisible pool upto 30th June, 1999 has been disbursed and sent off. Thank you very much, sir.

**Mr. Chairman:** O.K. now this matter is closed. O.K. Ch. Aitzaz Ahsan Sahib.

چوہدری اعتزاز احسن: جناب! ایک منٹ کا سوال ہے۔ وزیر صاحب نے سارا زور اس بات پر دیا ہے کہ 1998-99 کی base line پر اس مرتبہ کا تمام تخمینہ لگے گا۔ کوئی اس میں صوابدیدی اختیار نہیں ہے۔ وہی صوبوں کو جائے گا، وہی ہر کونسل کو جائے گا۔ یہ انہوں نے فرمایا ہے۔ میرا سوال صرف اتنا ہے کہ یہ 1998-99 کی base line کب تک چلتی رہے گی۔ 1981ء کے census کو ہم آج تک چلا رہے ہیں۔ کئی ضلعے بڑھیں گے، کئی چھوٹے ہوں گے۔ تو کیا کوئی جادو ہے اس base line میں، کیا کوئی جادو ہے کہ اگلے بیس سال تک بھی چلے گی اور اس وقت تک میاں صاحب ہوں گے یا نہیں ہوں گے۔

**Mr. Chairman:** O.K. Do you want to respond to this?

**Mr. Muhammad Ishaq Dar:** Yes, sir, sure.

جناب چیئرمین! اس میں indexation has been inbuilt in this entire mechanism جو ہماری CPI inflation ہوگی not صوابدیدی - The base line is actual. اور جو آپ کی CPI index increase کرے گا that is also automatic to everybody. اگر اگلے سال 10% inflation ہوتی تو automatically the amount has to be increased by 10% تو CPI is a country's index and not an individualpolitical party's index and that index willautomatically give everybody, not with discretion کہ (A) صوبے کو ہوگا اور (B) کو نہیں ہوگا اور صوبے میں (A) Local Body will get and (B) will not get.

**Mr. Chairman:** Yes, Raza Rabbani.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, under Rule 236, I want to move a motion

regarding suspension of the Rules.

Mr. Chairman: No, no, I am not allowing this.

*(interruption)*

Mian Raza Rabbani: Sir, it is my right to move a Motion under 236.

جناب چیئرمین، نہیں، میں نہیں allow کروں گا اس وقت۔

*(interruption)*

Mr. Chairman: You know that I don't allow surprises to be thrown. So, this is rejected.

*(interruption)*

Mr. Chairman: So, this is rejected. Now, there are two more points, one is the Kargil issue and the other is.........

*(interruption)*

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, it is my right to move a Motion under 236.

*(interruption)*

Mr. Chairman: I have rejected it, I have rejected it. I am sorry but I have rejected it.

Mian Raza Rabbani: Sir, the House has to reject it.

جناب چیئرمین! ہاؤس کو reject کرنا ہے۔ جناب میں 232 کی suspension کا motion move کر رہا ہوں------

*(interruption)*

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین صاحب! provincial autonomy کا مسئلہ ہے۔ جناب

چیئرمین صاحب! مہربانی کریں، صوبائی خود مختاری کا مسئلہ ہے---

(مداخلت)

Mr. Chairman: I will explain it to you.

آپ میرے پاس آ جائیں - Now, there are two more issues. One is the Sindhsituation and one is the Kargil issue.

میاں رضا ربانی- جناب! اگر اجازت نہیں دے رہے تو then we are having a token walk out.

Mr. Chairman: Do you want to discuss it or you want to go away?

Mian Raza Rabbani: Sir, we will come back in the House but to register our protest we will have a token walk out.

Mr. Chairman: O.K. Then come back. Yes, Hayee Baloch sahib.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ- جناب! بلوچستان میں کوئلے کی کانوں کا مسئلہ ہے ہم اسے move کرنا چاہتے ہیں-

جناب چیئرمین- کوئلے کی motion move کریں-

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ- آتے ہیں جی، پھر کریں گے-

(اس مرحلہ پر اپوزیشن کے ارکان واک آؤٹ کر گئے)

جناب چیئرمین- ڈاکٹر صاحب! آپ کس چیز پر واک آؤٹ کر رہے ہیں-

*(At this stage the members came back after having a token walk out)*

جناب چیئرمین- اچھا جی، اب بلوچستان کا یا سندھ کا issue take up کرنا ہے؟

آوازیں- بلوچستان کے کوئلے کی کانوں کا مسئلہ-

جناب چیئرمین- بلوچستان، ٹھیک ہے جی move کریں- ڈاکٹر صاحب آپ پہلے مجھے یہ بتائیں کہ آپ نے کیوں واک آؤٹ کیا تھا؟

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب آئینی مسئلے پر واک آؤٹ کیا تھا۔ اختیارات کا مسئلہ وفاق اور صوبوں کے درمیان ہے، اس لئے واک آؤٹ کیا تھا۔

جناب چیئرمین۔ میرا خیال تھا شاید آپ نے میرے فیصلے کے خلاف واک آؤٹ کیا ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ نہیں جناب۔

جناب چیئرمین۔ ہاں، نہیں کیا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ آئندہ جب آئے گی تو دیکھا جائیگا۔ ڈاکٹر صاحب کون بلوچستان پر موشن موو کرے گا؟

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب چیئرمین صاحب! میں پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی move کریں جناب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب رول 236 suspend کرکے بلوچستان کے ایک اہم مسئلے کو لیا جائے۔ کوئلے کی کانوں کے مزدوروں کے منہ سے روزی کا نوالہ چھینا جا رہا ہے۔ اس مسئلے کو زیر بحث لایا جائے۔

جناب چیئرمین۔ موشن کدھر ہے؟ مجھے دیں۔

آوازیں۔ دی ہوئی ہے جناب۔

جناب چیئرمین۔ ان کا ایڈجرنمنٹ موشن ہے یا کال اٹینشن نوٹس ہے۔ راجہ صاحب آپ کو اعتراض تو نہیں۔ ان کا ایک call attention notice ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ یہ move کرنا چاہ رہے ہیں call attention notice کہ صوبہ بلوچستان کی صنعت پر ۱۸ فیصد سیلز ٹیکس لگا دیا گیا ہے۔ تو اس کے لئے they want to move a suspension of rule. They want to discuss the imposition of 18% sales tax on the coal industry in Balochistan.

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب چیئرمین! یہاں جتنا بھی بزنس چلتا ہے ' ہماری روایات یہ رہی ہیں کہ سیشن شروع ہونے سے پہلے آپ کے چیمبر میں آپ تمام پارٹی ہیڈز کو بلواتے ہیں گورنمنٹ اور اپوزیشن کے اور وہاں بیٹھ کر سیشن کے دوران جو business conduct ہونا ہے اس کے بارے میں ایک فیصلہ ہو جاتا ہے ۔ اور گورنمنٹ ہمیشہ liberal view لیتی ہے اور انہی کے اوپر چھوڑتے ہیں کہ جن issues کو وہ discuss کرنا چاہتے ہیں وہ ضرور کریں۔ اس دفعہ بھی یہی ہوا۔ اور ان کی اس مرضی اور منشا کو پیش نظر رکھتے ہوئے ' اگر انہوں نے اپنے صوبے کے مسائل کو اٹھانا ہے ' ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ لیکن یہ کہنا کہ کسی کو bail out کیا گیایا کسی کو نہیں کیا گیا ۔ نہیں ' یہ طریقہ نہیں ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی دن اگر ایک side دیکھے کہ اس کے دو آدمی پانی پینے گئے ہیں تو کہے کہ جی میں ابھی rules suspend کروا کر ووٹنگ کروانا چاہتا ہوں ' یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ بلوچستان کے تمام سینیٹرز کی طرف سے دیا گیا ہے ' ہم بخوشی اس بات کی اجازت دیتے ہیں even without suspension of rules کہ وہ اس کو کریں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ چیئرمین صاحب! میں اس پر ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین ۔ بھئی دیکھیں ' تین آدمی کھڑے ہیں ۔ میں کس کی بات سنوں ' ایک بات کرے ' پھر دوسرا بات کرے اور پھر تیسرا بات کرے۔ جی بھنڈر صاحب آپ فرمائیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ میں ایک بات کہنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ پہلا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ باقاعدہ موشن دی جائے ' وہ تو ٹھیک ہے ' اعتراض نہیں کیا ' آ جائے اور ضرور پاس کریں لیکن جناب! ایک طریقہ یہ ہوتا ہے کہ وہ موشن circulate ہوتی ہے ۔

جناب چیئرمین۔ چلیں جی ' اس کی کاپیاں کرائیں اگر circulate ہوسکتی ہیں تو ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ تا کہ ہر ممبر دیکھ لے کہ موشن کیا ہے۔ ہو سکتا ہے میں ڈاکٹر صاحب کے موقف کی تائید میں ہی کچھ اور ترمیم کرنا چاہوں۔ یہ circulate ہو جانی چاہیئے۔

جناب چیئرمین ۔ بہرحال! کوشش کریں کہ circulate ہو سکے ۔ Now the position is کہ آپ کے موشن کو حکومت oppose نہیں کر رہی جس کا مطلب ہے کہ آپ اس کو لا سکتے ہیں۔ اکرم شاہ صاحب ٹھیک کہہ رہے ہیں کہ اس کو move کیا جائے ۔ So, with the consent of the House,

اس کو کون move کرے گا؟ جی اکرم شاہ صاحب! آپ اس کو پڑھ دیں۔

## CALL ATTENTION NOTICE

## RE: IMPOSITION OF 18% SALES TAX ON COAL MINES INDUSTRY.

**جناب اکرم شاہ خان** ۔ جناب! میں پڑھ دیتا ہوں پھر ڈاکٹر صاحب اس پر بات کریں گے۔ توجہ دلاؤ نوٹس۔ یکم جولائی 1999ء سے صوبہ بلوچستان کے کوئلہ کی صنعت پر 18 فیصد مرکزی سیلز ٹیکس لگایا گیا ہے، جس کی وجہ سے کوئلہ کی کانوں میں کام مکمل طور پر بند ہو چکا ہے اور مرکزی حکومت کے اس اقدام کے باعث صوبے کے لاکھوں افراد کے بیروزگار ہونے کا خدشہ ہے۔ یہ معاملہ انتہائی اہم اور عوامی نوعیت کا ہے لہذا اس کا فوری نوٹس لیا جائے اور سیلز ٹیکس کے نفاذ کو فوری طور پر منسوخ کر دیا جائے۔

Mr. Chairman: This is a 'Call Attention Notice'. I am admitting it in view of the fact that there is no opposition from the Government.

اس پر پہلے کون بات کرے گا جی۔ ڈاکٹر حئی صاحب کریں گے، پھر جالب صاحب کریں گے، پھر اکرم شاہ صاحب کریں گے۔ سیف اللہ پراچہ بھی بات کریں گے۔ ذرا مختصر ہونا پڑے گا۔ جی حئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ** ۔ جناب چیئرمین صاحب! ہم مختصر بات کریں گے۔ اس سے پہلے کہ میں چند گزارشات اس اہم مسئلہ پر پیش کروں، میں سب سے پہلے راجہ ظفر الحق صاحب، لیڈر آف دی ہاؤس کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمیں accommodate کیا اور ہمیں اپنی مشکلات کو یہاں بیان کرنے کی اجازت دی۔

**جناب چیئرمین** ۔ راجہ صاحب! یہ آپ کا شکریہ ادا کر رہے ہیں۔ دیکھیں ڈاکٹر صاحب کا کتنا مہذب اور پارلیمانی طریقہ ہے۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ** ۔ جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ پچھلے بجٹ میں بھی یہ مسئلہ لایا گیا اور اس وقت ملک میں سب سے بڑی صنعت کوئلہ کی بلوچستان میں ہے۔ یہاں پر تقریباً 60 ہزار کے

قریب مزدور اور ان کے علاوہ تقریباً 27 لاکھ کے قریب لوگ اس سے روزگار حاصل کرتے ہیں۔ یہ اپنی جگہ حقیقت ہے کہ نہ صرف بلوچستان کے مزدور وہاں پر کام کرتے ہیں بلکہ پختونخواہ صوبے اور قبائلی علاقوں سے بھی مزدور وہاں پر کام کرتے ہیں۔ یعنی یہ روزی کا ایک ایسا ذریعہ ہے جو کہ بڑا مشکل اور کٹھن ہے۔ اس کے علاوہ لوگ باہر سے بھی آتے ہیں یعنی صوبہ کے علاوہ بھی لوگ یہاں آ کر کام کرتے ہیں۔ یہ نہ صرف کوئلہ کی کان میں کام کرنے والوں کی روزی کا مسئلہ ہے بلکہ indirectly اس میں لاکھوں افراد جو کہ transporter ہیں، جو ڈپو رکھتے ہیں، جو وہاں پر transportation کے لئے ویگن وغیرہ دیتے ہیں، وہ سب involve ہیں۔ پاکستان ریلوے کو کوئلہ سے بڑا منافع ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ صرف یہاں تک محدود نہیں ہے۔ پنجاب کے اینٹ کے تمام بھٹے کوئلے سے چلتے ہیں۔ اینٹ کا بڑا کاروبار ہے۔ کافی بھٹے والے اسی کوئلے کو استعمال کرتے ہیں۔ یہاں بھی ہزاروں افراد کی روزی کا مسئلہ ہے۔ جناب چیئرمین! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ بلوچستان میں روزگار کے مواقع نہیں ہیں، وہاں پر صنعتیں نہیں ہیں، زراعت ہماری برائے نام ہے،

قدرت کی طرف سے بارش ہو تو زراعت کا کچھ گزارا ہوتا ہے۔ جس کو ہم خشک ہوا کہتے ہیں وہ ہوتی ہے۔ ہمارے پاس جو پٹ فیڈر کینال ہے وہاں پر بھی چند لاکھ آدمی مشکل سے آباد ہیں۔ کچھی کینال ابھی تک کھٹائی میں پڑا ہوا ہے اس لئے ہمارے پاس زراعت نہیں ہے۔ میرانی ڈیم ہے، اینگول ڈیم ہے کوئی اور ذریعہ نہیں ہے۔ ہمارے ہاں اس وقت mines کی جو سب سے بڑی انڈسٹری ہے، اس میں سرفہرست کوئلہ ہے۔ سینڈک پروجیکٹ آپ کے سامنے ہے وہ بھی بند پڑا ہے، یعنی کھٹائی میں پڑا ہے۔

جناب چیئرمین، ہمارے لئے سب سے جو بڑی بات ہے کہ اس سیلز ٹیکس کے لگنے کے بعد ہم اس کو جو hesitate کر رہے ہیں حکومت وقت کو گزارش کرنا چاہتے ہیں کہ یہ چند ہزار آدمیوں کا مسئلہ نہیں ہے۔ بلکہ اس کے ذریعے جو indirectly روزی کماتے ہیں وہ سارے بے روزگار ہو جائیں گے۔ مزدور بے روزگار ہو جائیں گے middle men جو کوئلہ کا کاروبار کرتا ہے، تجارت کرتا ہے وہ بے روزگار ہو جائیں گے۔ پنجاب میں ساری بھٹیاں بند ہو جائیں گی۔ اس طرح سے یہ لاکھوں افراد کی روزی کا مسئلہ حل کر رہا ہے۔ پھر چیئرمین صاحب! بڑی بات ہے کہ مائینز میں جو لوگ کام کرتے ہیں وہ جان جوکھوں کی بنیاد پر کام کرتے ہیں وہاں پر کوئی سہولتیں نہیں ہیں۔ safety جو ہے، جس کو ہم safety کہتے ہیں۔ آئے دن اخبارات میں آپ یہ بات دیکھتے ہیں کہ کئی مزدور بیچارے اس کے نیچے آ کر مر جاتے ہیں۔ دیانتداری کی بات یہ ہے کہ سینکڑوں کی تعداد میں مزدور مائینز میں کام کرتے ہوئے لقمہ اجل بن جاتے

ہیں۔ مائین ان کے اوپر گر جاتا ہے کیونکہ وہ سارا طریقہ کار دیسی ہے وہ سائنٹیفک نہیں ہے۔ سیفٹی کا طریقہ کار سائنٹیفک ہونا چاہیئے تھا وہ بھی نہیں ہے۔ تو میری آپ سے عرض یہ ہے کہ اس مشکل کام میں' اس کٹھن کام میں بغیر سیفٹیکے' بغیر سہولتوں کے' نہ ان کے پاس وہاں پر رہائشی سہولتیں ہیں یہ مجبوری سے کام کر رہے ہیں۔ یا جنہوں نے کوئٹہ کے کانوں میں investment کی ہے کیونکہ وہاں پر اور ذریعہ معاش نہیں ہے۔ اگر اور ذریعہ معاش ہو' روزگار کے اور مواقع ہوں۔ تو میرے خیال میں کوئٹہ کی صنعت میں کام کرنے کے لئے بہت کم لوگ تیار ہوں۔ اس لئے ہماری آپ کے توسط سے معزز ایوان میں یہ گزارش ہے' یہ عرض کریں گے کہ یہ اہم مسئلہ ہے کہ اگر کوئی اور متبادل روزگار ہوتا۔ نوکریاں ہمارے پاس نہیں ہیں' ملازمتیں ہمارے پاس نہیں ہیں۔ فیڈرل سروس کوٹہ پر عملدرآمد نہیں ہوتا۔ جناب چیئرمین' ہماری مختصراً ان سے یہ گزارش ہے کہ یہ جو سیلز ٹیکس اٹھارہ فیصد کوئٹہ کی کانوں پر یا کوئلے کے کاروبار پر ہوا اس کو واپس لیا جائے چونکہ اس سے ہماری جو کوئلے کی کانیں یا جو کاروبار ہے وہ ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے۔ ابھی بھی بند ہے مزدور بیچارے ادھر ادھر دھکے کھا رہے ہیں۔ انہی گزارشات کے ساتھ میں حکومت وقت پر زور دوں گا کہ وہ ہماری جو صنعت ہے اس پر جو اٹھارہ فیصد ٹیکس لگایا گیا ہے اس کو واپس لیا جائے شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ جی' جناب اکرم شاہ صاحب۔

**جناب اکرم شاہ خان:** شکریہ جناب چیئرمین' جناب چیئرمین! آپ کے توسط سے خزانے کے وزیر صاحب کی توجہ چاہوں گا۔ جیسے انہوں نے ضلع ٹیکس اور چونگی ٹیکس کو انہوں نے غنڈہ ٹیکس قرار دیا ہے ایمانداری کی بات ہے کہ اسی طریقے سے ہمارے کوئٹہ پر جو ٹیکس لگایا' سارا اسی طرح ہے۔ یکم جولائی سے وہاں پر تمام کانیں بند ہوگئی ہیں۔ کہنے کو تو ساٹھ ہزار مزدور لیکن ان کے خاندانوں کا جب حساب لگایا جائے تو ستائیس لاکھ انسان روزگار سے محروم ہوگئے ہیں۔

جناب چیئرمین' کوئٹہ ہمارے صوبے کی بہت پرانی صنعت ہے۔ لوگوں کے روزگار کا ذریعہ ہے لوگوں کے بچوں کا پیٹ پالنے کا ذریعہ ہے۔ جناب چیئرمین' ایک اندازے کے مطابق پندرہ سے اٹھارہ لاکھ ٹن کوئٹہ ہم سالانہ پیدا کرتے ہیں۔ اب جو اٹھارہ فیصد ٹیکس لگا دیا گیا ہے تو اگر ہم پندرہ سے اٹھارہ لاکھ ٹن کوئٹہ پیدا کرتے ہیں۔ اگر average اٹھارہ ٹن کی ہم لگالیں تو تقریباً 1.8 بلین روپے جو کہ ہمارے یہاں سرکولیٹ ہوتے ہیں۔ لوگوں کا روزگار اور مزدوری اس سے بنتی ہے۔ اس پر اٹھارہ فیصد سیلز

ٹیکس لگا دیا گیا ہے۔ اب جناب چیئرمین! اس میں مشکل کیا ہے ۔ یقیناً ملک میں باقی جگہوں پر بھی ٹیکسز لگے ہیں۔ یعنی ہم کوئلے پر ٹیکس کیوں نہیں دے سکتے۔ جناب چیئرمین' ہزار روپیہ یا آٹھ سو روپیہ جس کوئلے کی قیمت ہے اس کو لاہور تک پہنچانے کے لئے اس کا کرایہ ایک ہزار سے لے کر پندرہ سو روپے تک ہے۔ خدائے نور صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں' راجہ اورنگزیب صاحب نہیں ہیں۔ چالیس میل کا ہم نے سفر کیا ان سڑکوں پر جہاں سے کوئلہ آتا ہے آپ کے حکم سے سپیشل کمیٹی بنی تھی ' خدائے نور صاحب اس کے چیئرمین تھے۔ صبح کو ہم گئے شام کو واپس آئے' راجہ اورنگزیب صاحب کو ہارٹ اٹیک ہوگیا۔ تین دن تک ہم نے کوئٹہ کے ہسپتال میں ان کو داخل کئے رکھا۔ جھگڑا صاحب بھی یہاں پر موجود نہیں ہیں جو ہمارے ساتھ کمیٹی میں تھے انہوں نے کہا کہ خدا کے لئے اس کو چھوڑو' پرائم منسٹر صاحب کے پاس چلتے ہیں یہ خدائے نور صاحب گواہ ہیں ان کو کہتے ہیں کہ آپ یہ سڑکیں بنا دیں۔ جناب کہنے کا مقصد یہ ہے کہ infrastructure وہاں پر موجود نہیں ہے۔ ہزار روپے کا کوئلہ لاہور تک پہنچانے کے لئے پندرہ سو روپیہ اس پر کرایہ دینا پڑتا ہے۔ اسحاق ڈار صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں اگر وہ ہمیں infrastructure بنا دیں ' ایسی سڑکیں بنا دیں جس سے آسانی سے ہمارے مال کی' یا کوئلہ جو کہ ہم اٹھارہ لاکھ پیدا کرتے ہیں وہ لاہور اور کراچی تک پہنچ سکیں تو پھر بے شک اٹھارہ کی بجائے اٹھائیس فیصد ٹیکس لگا دیں۔ لیکن اس وقت پوزیشن یہ ہے میں نے آپ سے گزارش کی کہ تقریباً اٹھارہ لاکھ ٹن کوئلہ پیدا کرتے ہیں ۔ ہزار روپے ایک ٹن کی قیمت اور اس کو لاہور تک پہنچانے کے لئے پندرہ سو روپیہ اس پر کرایہ' ساٹھ ہزار مزدور جو کہ وہاں پر کام کرتے ہیں ۔ یہ مجھے فیصلہ پراچہ صاحب نے سمجھایا کہ فیکٹر آف نائن میں اس کے ساتھ نو اضافی مزدور کام کرتے ہیں ' کوئی load کرتا ہے' کوئی unload کرتا ہے پھر بھٹے کے مزدور کو یہ جلانے کو ملتا ہے۔ اور دوسری بات فیکٹر آف فائیو میں ماں باپ اور دو تین بچے ملا کر' اس طریقے سے ساٹھ ہزار مزدوروں کے حوالے سے ستائیس لاکھ انسان بے روزگار ہو رہے ہیں۔ واحد دو تین ملیں جو کہ ملک بننے سے پہلے ہمارے صوبے میں تھیں وہ اس وقت بند پڑی ہیں۔ لہذا واحد روزگار کا ذریعہ جو تھا وہ بھی ہمارے ہاتھ سے نکل گیا تو یہ ہماری گزارش ہے نہ صرف ہمارے صوبے کے دوستوں کی بلکہ سب لوگ ہماری اس بات کو یقیناً سمجھ رہے ہوں گے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہماری حمایت کریں گے کہ کوئلہ پر یہ سیلز ٹیکس کم کر دیا جائے۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ جی' جی جناب حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ ، شکریہ جناب چیئرمین' یہ ایک اہم مسئلہ ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ بلوچستان میں جس طرح سو سال پرانی کوئلہ کی صنعت ہے۔ ابھی تک کول مائیننگ انڈسٹری نہیں بن سکی۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ پروڈکشن کے حساب سے جیسے کہ فگرز میں بتایا گیا ہے اور مزدوروں کے حساب سے جس میں وہ کام کر رہے ہیں اور exploitation کی nature اور اس کی shifting تک دیگر صوبوں کو کوئلہ شروع سے مہیا کیا جا رہا ہے ۔ اس حوالے سے پروڈکشن کے حوالے سے یہ صنعت رہی ہے ۔ لیکن پریکٹیکل sense میں social and physical infrastructure کے حوالے سے یہ صنعت ابھی تک نہیں بن سکی ۔ اس میں سب سے بڑی خامی فیڈرل گورنمنٹ کی ہے جو وہاں ہمیں infrastructure provide کرنے میں ناکام رہی ہے۔ اس infrastructure میں سب سے پہلا جو سسٹم ہے وہ کوئلہ کی exploitation کا سسٹم ہے۔ یہ انتہائی conservative, traditional, exploitation system ہے حتیٰ کہ اس میں جو لکڑیاں استعمال کی جاتی ہیں وہ بھی پختونخواہ صوبے سے لائی جاتی ہیں ان کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی بھی بہت بڑی قیمت ہوتی ہے اگر آپ ایک شہتیر اور وہ لکڑیاں جو وہاں سے لائی جاتی ہیں فی فٹ کے حساب سے دیکھا جائے تو چھ سو روپیہ پانچ سو روپے فی فٹ وہ لکڑی آتی ہے ۔ اس کو چیر کر دو تین حصے بنائے جاتے ہیں اس طرح کوئلے کی جو بیڈ ہے اس کو shellter دیا جاتا ہے۔ لیکن اس میں ایک تو وہ ماڈرن طریقہ جس میں اندر سے کوئلے کو باہر نکالا اور پھر یہ کوئلہ جو سو سال سے انتہائی گہرائی میں چلا گیا ہے۔ کوئی نو سو میٹر' ہزار میٹر' پندرہ سو میٹر نیچے چلا گیا ہے۔ وہاں سے ایک مزدور جس کا زیادہ تر تعلق پختونخواہ صوبے سے ہے وہاں سے آکر وہ مزدوری کرتے ہیں 90% لوگ وہاں سے آکر مزدوری کرتے ہیں۔ وہ بیچارے وہیں جا کر کوئلے کو extract کرتے ہیں اور گیسز کو کنٹرول کرنے کے لئے بھی یا detect کرنے کے لئے جاری ہے۔ یا انہیں defuse کرنے کے لئے بھی کوئی سسٹم موجود نہیں ہے۔ آپ کو پتہ ہے کہ گزشتہ دنوں ایک دفعہ میں 25 آدمی لقمہ اجل بن گئے۔ جب کوئلہ کان سے باہر نکلتا ہے تو وہ گیسز ایک دفعہ لاوے کی شکل میں آتی ہیں' جتنے مزدور اس کی زد میں آتے ہیں' وہ لاوا ان کو ایک طوفان کی شکل میں جلا کر راکھ کر دیتا ہے۔

اس طرح یہ ایک ہی واقعہ نہیں ہوا ہے ۔ اب تک اگر چالیس سال کی figures کو لیا جائے تو بلوچستان کے کوئلے کی کانوں میں سینکڑوں افراد ناگفتہ بہ حالات میں کام کرتے ہیں ۔ یہ کوئلے کی کان میں ماڈرن طریقہ نہ ہونے کی وجہ ہے ۔ گیسز کی detection اور ان کو counter کرنے کا طریقہ اور حتیٰ کہ بجلی ہمارے پاس نہیں ہے۔ آپ یقین جانیں کہ سورنج جیسا علاقہ' جب میں سورنج گیا تھا کوئلہ کی کان کا

معائنہ کرنے، تو ان کے پاس ٹرانسفارمر تک نہیں تھا۔ انہوں نے ہمیں کہا کہ بھئی آپ روڈ کی بات کرتے ہیں، ہمیں صرف ایک ٹرانسفارمر لادو، وہ بھی ان کے پاس نہیں تھا۔

جناب چیئرمین! جہاں تک taxation کی بات ہے، ہمارے لوگ بالکل ٹیکس دینا چاہتے ہیں، لیکن infrastructure کو develop تو کیا جائے۔ اس پر طرہ یہ کہ انہوں نے 139 افراد PMDC ڈگاری کی کانوں سے نکال دیئے ہیں۔ جس پر میں نے Adjournment Motion بھی پیش کی تھی، جس میں کمیٹی نے یہ ذمہ داری بھی لی تھی کہ یہ جا کر اس شاہ رگ کے علاوہ ڈگاری کا بھی معائنہ کریں گے۔ انہوں نے ڈگاری کے مسئلے کو حل نہیں کیا۔ جس کے بارے میں، میں پھر درخواست کر رہا ہوں۔ اس میں وہ بھی کیس ہے کہ الٹا آپ نے ان لوگوں کو نکالا ہے اور PMDC کہتا ہے کہ جناب ہم نے اس لئے نکالا ہے کہ کوئلہ خسارے میں جا رہا تھا۔ اس نے figures بتائیں کہ خسارے میں اس اس وجہ سے جا رہا تھا۔ جب وہ خسارے میں جا رہا ہے، الٹا اس پر آپ مزید ٹیکس بھی لگا رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ کیا logical بات ہے۔ اس لئے میں پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ یہ سیلز ٹیکس لگانے سے پہلے ان کے تمام infrastructure کو develop کیا جائے اور ان مزدوروں کو بحال کیا جائے جن کو آپ نے نکالا ہے۔ اس کے بعد آپ جتنے فیصد چاہیں، جو nominal rational ہو گا، وہ ٹیکس آپ لگا سکتے ہیں لیکن فوری طور پر اس کو نہ لگایا جائے، اس کو منسوخ کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** یعنی ٹیکس دینے پر اعتراض نہیں ہے، آپ کہتے ہیں کہ معاملات کو پہلے ٹھیک کیا جائے۔ جی جناب خدائے نور صاحب۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** اس وقت تو اس کی ضرورت ہے اس لئے کہ وہ خود کہتے ہیں کہ یہ industry sick ہو رہی ہے۔ جب یہ sick ہو رہی ہے تو آپ اس پر مزید ہتھوڑے کی ایک زد اس کے سر پر مارنا چاہتے ہو۔

**جناب چیئرمین:** ٹھیک ہے جی، جی خدائے نور صاحب۔

**جناب خدائے نور:** جناب چیئرمین! میں بھی بالکل مختصر بات کروں گا۔ ڈار صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ماہر اقتصادیات ہیں، یہاں ائرکنڈیشنڈ دفتر میں بیٹھ کر آرڈر کرنا یا ٹیکس لگانا بڑی آسان بات ہے لیکن میں ان سے صرف یہ کہوں گا کہ آپ میرے ساتھ ایک دفعہ کوئٹہ کی کسی اہم mine پر میرے ساتھ جائیں، وہاں دیکھیں۔ دیکھیں حبیب جالب نے کہا کہ 4000 فٹ کی گہرائی سے، پیٹھ کے اوپر کوئلہ

نکالا جاتا ہے۔ ابھی ہم وہاں گئے تھے، وہاں کے لوگ جو اس وقت اپنی شفٹ مکمل کر کے نکل رہے تھے تو وہ پہچانے نہیں جاتے تھے کہ یہ انسان ہیں یا پتہ نہیں کیا ہیں؟ بالکل پہچانے نہیں جاتے تھے۔ یہ صنعت یہاں پر ٹھیک ٹھاک چل رہی ہے، رائیلٹی ان سے لی جاتی ہے، گورنمنٹ کو وہ ٹیکس پہلے ہی دے رہے ہیں لیکن اس کے باوجود پھر ان کو سیلز ٹیکس میں لا کر ان کے ساتھ یہ ظلم کیا جا رہا ہے۔ ہڑتالیں ہو رہی ہیں، مزدور ہڑتالوں پر ہیں - جناب چیئرمین! صوبائی اسمبلی بلوچستان نے ایک متفقہ قرارداد اس سے متعلق پیش کی ہے، منظور ہوئی ہے وہاں پر۔ میری یہ گزارش ہے ڈار صاحب سے کہ خدا کے لئے یہ جو سیلز ٹیکس آپ نے وہاں کوئلے پر لگایا ہے، یہ ظلم ہے۔ نہ آپ کو اس سے کوئی فائدہ پہنچے گا، نہ ہی آپ کی حکومت پاکستان اسی کوئلے کے سیلز ٹیکس سے چلے گی۔ یہ ناممکن ہے۔ وہ صنعت بند ہو جائے گی۔ لوگ بیروز گار ہو جائیں گے۔ اس پر آپ نظرثانی کریں۔ یہ ہماری آپ سے درخواست ہے، التجا ہے کہ آپ اس پر نظرثانی کریں اور اس کو اس سیلز ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیں۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین،** شکریہ جناب۔ ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خان بلیدی صاحب۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی،** جناب چیئرمین! بہت مہربانی۔ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے، جیسا کہ میرے ساتھیوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلے سے بیروز گاری ہے۔ وہاں جو سیلز ٹیکس ابھی وزیر خزانہ صاحب نے لگایا ہے، اس سے تو ہماری دشواریوں میں مزید اضافہ ہو گا۔ بلوچستان کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ وہ انتہائی پسماندہ صوبہ ہے، وہاں کوئی سہولت موجود نہیں ہے، روز گار کے مواقع نہیں ہیں، تو اس وقت اگر اس ٹیکس کو وہ لاگو کریں گے تو کئی ہزار مزدور وہاں بیروز گار ہو جائیں گے۔ وہاں لوگوں کو کافی نقصان ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ اس پر نظرثانی کریں۔ بلوچستان کی پسماندگی، بیروز گاری اور وہاں کے حالات کو بنیاد بنا کر، وجہ بنا کر کہ وہاں کے لوگوں نے درخواست کی تھی، بلوچستان اسمبلی نے متفقہ طور پر جناب قرار داد پاس کر کے یہاں بھیجی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک قرارداد جو بلوچستان اسمبلی نے پاس کر کے بھیجی ہے، تو ہم درخواست کرتے ہیں کہ اس فیصلے پر نظرثانی کر کے اس کو واپس لیا جائے۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سنائی دی)

**جناب چیئرمین،** مغرب کی نماز کے لئے اجلاس دس منٹ کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اجلاس کی کارروائی نماز مغرب کے لئے دس منٹ کے لئے ملتوی کی گئی)

---

*(The House re-assembled after the Maghrib Prayers under the Chairmanship of Mr. Wasim Sajjad)*

**جناب چیئرمین۔** جواب آیا' technical بحث تفصیل سے ہوئی' سب کچھ ہوا۔

**Syed Masood Kausar:** Sir, do you want me to raise ......

**Mr. Chairman:** No, no.

**سید اقبال حیدر۔** جب تک کانجو صاحب آتے ہیں---

**جناب چیئرمین۔** پہلے ایک مسئلہ ختم کرلیں ۔ پہلے ڈار صاحب تو آجائیں ۔ آ گئے جی ڈار صاحب۔ جی جناب آپ فرمائیں جی سیف اللہ پراچہ صاحب۔

**جناب سیف اللہ خان پراچہ۔** چیئرمین صاحب! میں بڑا مختصراً کروں گا' اس کی وجہ یہ ہے کہ میرے ساتھیوں نے اس پر بڑی تفصیل سے بات چیت کی ہے ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کوئلہ کی سیلز ٹیکس کی جو کولیکشن تھی وہ بھٹوں سے لی جاتی تھی۔ بھٹوں کو انہوں نے سیلز ٹیکس سے مستثنٰی کر دیا تھا اس لئے کہ Government wanted کہ پرائم منسٹر صاحب کی ہاؤسنگ سکیم کے لئے اینٹیں سستے دام ملیں۔ مگرانہوں نے یہ خیال نہیں کیا کہ جب کول مائننگ انڈسٹری پر یہ لوڈ ڈال دیں گے تو یہ بند ہو جائیں گی اور اینٹوں کی قیمت ڈبل ہو جائے گی۔ پرائم منسٹر صاحب کی ہاؤسنگ سکیم کا جو مقصد ہے اس کے بالکل برعکس ہوگا ۔ the price of bircks will be twice or thrice what is today No.1, No.2 ان کو بلوچستان اسمبلی کا بھی احترام کرنا چاہیئے ۔ انہوں نے متفقہ طور پر اس مسئلے کو unanimously پاس کیا۔ اس کی کاپی میں نے ڈار صاحب کو خود دی ۔ اور آج بھی آپ نے دیکھ لیا کہ بلوچستان کے جتنے سینیٹرز ہیں سب نے متفقہ یہ نوٹس آپ کے توسط سے دیا۔ We are very grateful to the Leader of the House کہ انہوں نے اس چیز کی کوئی مخالفت نہیں کی اور اس پر بحث ہوئی۔

جناب! چھوٹے سے صوبے سے ۱۰۵ بلین روپیہ اگر غائب ہو گیا تو آپ خود ہی اندازہ لگائیں کہ اس صوبے کے کاروبار کا کیا حشر ہوگا یعنی ایک مزدور کام کرتا ہے تو اس کے ساتھ ۸ اوروں کا روزگار منسلک ہے ۔ مختلف لوگ ہیں' کوئی ٹرانسپورٹر ہے' کوئی لوڈر ہے' کوئی دوکاندار ہے' کوئی کیا ہے' کوئی کیا ہے ۔ وہ بڑی تفصیلی بات ہے ۔ میں اس پر آپ کا ٹائم ضائع نہیں کروں گا۔ سات ہزار مزدور ہیں۔ فیگر ۹

سے لگائیں تو پانچ لاکھ چالیس ہزار ہو جاتے ہیں۔پھر ہر آدمی کا ایک والد ایک والدہ اور تین بچے کم سے کم بھی لیں تو there is a factor of five, ۲۷ لاکھ آدمیوں کو آپ بیروز گار کریں گے because of only Balochistan. اور پھر میں ان کی خدمت میں عرض کروں گ ا what will you get from یعنی ۲۷ لاکھ لوگوں کو آپ بیروز گار بھی کر دیں گے ' پرائم منسٹر کی ہاوسنگ سکیم the dead industry کو آپ داؤ پر لگا دیں گے کیونکہ اینٹوں کی قیمت دوگنی یا تین گنا ہو جائے گی اور یہ بلوچستان کی سو سال یا ڈیڑھ سو سال پرانی انڈسٹری ہے ۔ کوئی اور انڈسٹری ایسی نہیں ہے ۔اس کو آپ بند کرکے dead industries میں بدلنا چاہتے ہیں اس سے آپ کو کیا حاصل ہوگا۔اس کے اوپر سوچنا چاہیئے ۔ ڈار صاحب بڑے سمجھدار آدمی ہیں ۔ یہ بیوروکریٹ کی باتوں میں نہ آ جائیں۔یہ figures کی jugglery کا کام نہیں ہے ۔یہ بلوچستان کے trible people ہیں۔ان کا روز گار لگا ہوا ہے ۔ مہربانی کرکے ان کو بیروز گار نہ کریں اور ساتھ ساتھ اے پی پی سی انڈسٹری ہے ۔ پنجاب کی کول مائننگ بھی لے لیں سندھ کی بھی کول مائننگ لے لیں تو کل کتنا بنتا ہے۔Nothing much اور ان کے بڑے بڑے مسئلے ہیں۔اسپر زیادہ توجہ دیں بجائے اس کے کہ existing industry کو تباہ کریں Sales Tax is going tobethe last straw to break the camel's back. Thank you very much.

جناب چیئرمین۔ جی طاہر بزنجو صاحب ۔

جناب محمد طاہر بزنجو۔ بیروز گاری اپنے نقطہ عروج پر ہے ۔جیسا کہ پراچہ صاحب فرما رہے تھے کہ اس انڈسٹری پر جو بلوچستان کی سب سے قدیم صنعت ہے ۱۸ فیصد سیلز ٹیکس لگانے سے لاکھوں افراد مزید بیروز گار ہو جائیں گے۔اس کے علاوہ بلوچستان اسمبلی نے بھی مشترکہ طور پر ایک قرار داد پاس کی تھی جس میں یہ کہا گیا ہے کہ چونکہ اس قدیم صنعت سے لاکھوں لوگوں کے بیروز گار ہونے کا خدشہ ہے ۔اس لئے اس ٹیکس پر نظر ثانی کی جائے۔ہماری ڈار صاحب سے بھی یہی گزارش ہے کہ وہ صوبے کے مفادات کو اور بیروز گاری کو مدنظر رکھتے ہوئے اس پر نظر ثانی کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ جی ڈار صاحب ۔

جناب محمد اسحاق ڈار۔ جناب چیئرمین! میں اس پر تھوڑی سی روشنی ڈالنا چاہوں گا ۔ Almost everybody has said کہ یہ ٹیکس ختم کیا جائے لیکن اس پر کچھ fill in the blanks ہونے والے ہیں اور پوری انفارمیشن اس وقت ہاؤس میں نہیں ہے ۔ نمبرا۔ یہ کہ یہ نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔یہ

ٹیکس ۹۵-۹۴ء سے وہاں پر لگا ہوا تھا۔ اس بجٹ میں یہ کوئی نئی چیز نہیں جس کے لئے یہ request کی جائے کہ یہ ٹیکس ختم کر دیا جائے اور ایسی بات تھی تو کم سے کم بجٹ سے پہلے ہمیں یہ حکم کرتے ، اپنی wishes بتاتے۔ یہ کہنا کہ صوبائی اسمبلی نے قرار داد پاس کر دی ہے۔ they will be right to pass as we do, I think, then we talk of Constitutional autonomy and we talk of the territorial jurisdiction and we talk of non-intervention. جناب چیئرمین ! ابھی تھوڑی دیر پہلے آپ نے سنا ہے۔ I think, that we have all the respect for the Balochistan Assembly but nobody can tell the Federal Government or the National Assembly what to levy, what not to levy, that's No.1. نمبر ۲۔ یہ کوئی نیا ٹیکس نہیں ہے۔ یہ ۹۵-۱۹۹۴ء سے لگا ہوا ہے اور بدقسمتی یہ ہے کہ کسی نے آج تک اس کو point out نہیں کیا کہ جناب ! یہ نہ لگائیں۔ اس سے پیسے اکٹھے ہو رہے ہیں۔ جناب چیئرمین ! جیسے کہ آپ کو پتہ ہے کہ ملک میں unfortunately یہ کلچر بن گیا ہے کہ اگر کوئی چھوٹا سا کاروباری ہے تو وہ کہتا ہے کہ میں نے پیسے نہیں دینے ہیں۔ There is no tax culture. بات یہ ہے کہ ایک اچھا بھلا source 130 million کا آ رہا ہے۔ اور پھر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا ' یا تو اس بجٹ میں لگا ہو اور ڈیمانڈ ہے کہ اس کو ختم کر دیں-------

جناب چیئرمین۔ بڑھایا ہے۔ کیا ہوا ہے۔

جناب محمد اسحاق ڈار۔ کچھ بھی نہیں۔ This tax has been there sir, this tax has been there. ہوا یہ ہے کہ برکس پر چونکہ سیلز ٹیکس ختم کیا گیا ' اب میں اس طرف بھیاآتا ہوں ' میں ساجد صاحب سے کہوں گا کیونکہ وہ تو اس انڈسٹری کے ماہر ہیں' ان کی اپنی کوئلہ کی انڈسٹری ہے' وہ ہمیں گائیڈ کریں گے۔ جناب چیئرمین ! بات یہ ہے جیسے میں نے عرض کیا کہ سیلز ٹیکس نیا نہیں لگا یہ پرانا لگا ہوا ہے۔ نمبر ۲۔ کہ اس سے کچھ نہیں آتا-------------

نمبر۲۔ یہ کہنا کہ اس سے کچھ نہیں ہوتا۔ یہ بھی کہنا غلط ہے کیونکہ اس سے تقریباً 130 million rupees جو ہے اس کی پہلے ہی سیلز ٹیکس سے پچھلے سال اس کی collection ہے۔ تیسرا جناب گزارش یہ کہنا کہ پی ایم ہاؤسنگ سکیم کے لئے ہے۔ یہ بھی غلط ہے۔ Bricks پر پی ایم ہاؤسنگ کے بارے میں جو میرے معزز ساتھی نے فرمایا۔ ہاؤسنگ کے لئے پی ایم سکیم کے لئے سیلز ٹیکس ختم

نہیں ہوا، وہ تمام ہاؤسنگ انڈسٹری کے لئے جناب چیئرمین ختم کیا گیا ہے۔ اور یہ بھی میرے خیال میں کہنا unrealistic ہے کہ سیلز ٹیکس کی وجہ سے اینٹوں کی قیمت دو سے تین گنا ہو جائے گی۔ جناب اگر سو روپیہ یا آٹھ سو روپیہ اینٹوں کا ٹرک ہے۔ اور اس پر اگر 18% sales tax لگتا ہے۔ تو ایک سو چوالیس روپے بنے۔ وہ دگنا کیسے ہوگیا جناب اس میں ابھی freight بھی ایک ہزار روپیہ کا ڈلتا ہے۔ اٹھارہ سو اور انیسو چوالیس، یہ ساٹھ ہزار مزدور ضرب تو 5940 بنتے ہیں۔ وہ ستائیس ہزار لوگ کیسے بیروزگار ہو رہے ہیں۔ یہ تمام جو statistics ہیں۔ میری گزارش پراچہ صاحب سے یہ ہے کہ مجھے ذرا گائیڈ کریں۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ٹیکس نیا نہیں ہے۔ پنجاب اور سندھ سے یہ ٹیکس ٹوٹل pay ہو رہا ہے۔ بلوچستان میں activity کم رہی کم ہوا۔

on top of everything جناب چیئرمین، سوچنے والی بات یہ ہے اور میں اپنے دونوں اطراف کے تمام ساتھیوں کو کہتا ہوں کہ یہ ٹیکس کون پے کرے گا۔ بلوچستان کے مائنز والوں نے پے نہیں کرنا ہے۔ If I am buying Coal for my Bhatta, I have to pay this tax, it is not to be levied on them, they are only connection agents, they have to collect this tax from the buyer and just hand over the money to the ex-chequer بالکل یہ بجا فرما رہے ہیں۔ کہ وہاں infrastructure ہونا چاہئے، وہاں سڑکیں بننی چاہییں۔ کراچی تک سڑک ہونی چاہیے۔ بالکل ہونی چاہیے۔ اس کے لئے تیاری کر رہے ہیں۔ اس بجٹ میں in addition to the Constitutional NFC Award, you know the distribution of share divisible pool بلوچستان کے لئے سات سو ملین روپے سپیشل رکھے گئے ہیں۔ ایک تو ان کو سپیشل گرانٹ ملے گی۔ کیونکہ ان کا بجٹ balance نہیں ہو رہا۔ obviously پیسے دیں گے تو بجٹ بیلنس ہوگا۔ دوسرا جو آپ کا کوسٹل روڈ کا plan ہے from Karachi to Gawadar and first phase of the port جناب پہلا ۲۳ بلین روپے کا پراجیکٹ ہے۔ یہ پیسے تو کسی طرح taxes سے ہی آئیں گے۔ اگر اسی طرح سب کہیں کہ فلاں اور فلاں ٹیکس ختم کردیں sir given a choice even امریکہ میں بھی لوگ ٹیکس پے نہیں کرتے۔ they only pay taxes if there is the implementation of law very strict جو نہیں پے کرتا اس سے آپ لیں۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ یہ ایک نیا ٹیکس نہیں ہے۔ نمبر دو یہ ٹائم پر نہیں ہے۔ اگر یہ کوئی ڈیمانڈ تھی تو وقت پر دیتے۔ اب فنانس ایکٹ پاس ہو چکا ہے۔ اب یہ کہنا کہ اسے آپ نیشنل اسمبلی سے تبدیل کروائیں۔ میرا خیال ہے on top of every thing بلوچستان کے کوئلے والی

کانوں نے نہیں دینا ۔ برکس والے پہلے collect کر لیتے تھے ۔ برکس جو انڈسٹری تھی even جو پچھلے سال they had a fix arrangement with the CBR وہ پچھلے سال بھی جو سیلز ٹیکس کسی بھی جگہ وہ پے کرتے تھے ۔ مثلاً پنجاب ٬ سندھ میں جیسے انہوں نے فرمایا شاید نہیں collect ہوتا ہوگا ۔ Sir, they were not deducting as input tax چونکہ وہ سی بی آر کے ساتھ فکس ٹیکس پر تھے ۔ وہ اس سال بھی چونکہ ان کی output بھی ختم ہوگئی they will not collect تو یہ تو ان کی raw material cost ہوگی یہ تو وہ pay کریں گے ۔ انہوں نے اپنے پاس سے تو pay نہیں کرنا ۔ یہ کوئی انکم ٹیکس levy ہوا ۔ یہ کوئی سنٹرل ایکسائیز ان کے اوپر levy ہوئی ۔ it is a sales tax which is to be collected from the buyer, and the buyer is Balochistani seller of coal not buyer of coal تو میری گزارش یہ ہے کہ ایک یہ نیا نہیں ہے ۔ we will consider it, if they want we can create in the next budget, if it is unfair, we will give all the facilities to the coal industry in Balochistan, I am all out for this. لیکن timing انہوں نے بڑی غلط choose کی ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ پراچہ صاحب ٬ یہ بتائیں کہ یہ تو کہہ رہے ہیں کہ یہ نیا ٹیکس ہی نہیں ہے ۔ پراچہ صاحب کو پتہ ہوگا۔ he is a mine owner.

جناب سیف اللہ خان پراچہ۔ جناب بات یہ ہے کہ پہلی بات انہوں نے یہ غلط فرمائی ہے کہ بروقت نہیں بتایا۔ جب حفیظ اللہ صاحب چیئرمین سی بی آر تھے ۔ بلوچستان کا وفد آ کر ان سے ملتا رہا ۔ ممبر سیلز ٹیکس سے کوئی سو دفعہ ملاقات اس وفد کی ہوتی رہی ۔اس مسئلے کو کوئی آٹھ نو مہینے ہوچکے ہیں ۔ اور جب سے یہ نئے چیئرمین سی بی آر فرید صاحب آئے ہیں ان سے بھی ملا گیا ہے ۔ تو یہ کہنا کہ یہ نئی بات ہوئی ہے ۔ یہ میں بڑے مودبانہ طریقے سے کہتا ہوں ---

Mr. Chairman: But is it a new tax.

جناب سیف اللہ خان پراچہ ۔ ہاں ٬ یہ وجہ یہ ہے کہ کبھی بھی بلوچستان والوں نے یہ ٹیکس نہیں دیا۔ کبھی بھی۔

جناب چیئرمین۔ اگر یہی دلیل ہے تو ابھی بھی نہ دیں۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ ۔ ابھی نہیں دیں گے ۔ بند ہو جائیگا مگر دیں گے نہیں ۔

زیادہ سے زیادہ یہ لوگوں کو جیل میں ڈال دیں گے ۔ تو جیل میں چلے جائیں گے لیکن یہ ٹیکس نہیں دیں گے۔

**جناب چیئرمین۔** پھر تو گل ہی مک گئی ۔ ابھی بھی نہ دیں ۔ ٹھیک ہے اگر چارسال بھی نہیں دیا تو ابھی بھی نہ دیں۔

**جناب سیف اللہ خان پراچہ۔** اچھا آخری پوائنٹ یہ ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ جی اتنا وصول ہوا ہے ' انہوں نے وصول کیا ہے سندھ سے اور سندھ انڈسٹری کا بیڑہ غرق ہو گیا ہے۔ it is closing down اور اگر یہ بند بھی کرنا چاہتے ہیں تو this is not a very good way

**جناب چیئرمین ۔** بہرحال he has promised to consider this matter جی حئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** میں وزیر خزانہ صاحب سے کہنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک اہم مسئلہ ہے اور یہ ہم کو قائل کریں۔

**جناب چیئرمین۔** ٹھیک ہے آپ ان سے ملیں ' انہوں نے کہا ہے کہ I will consider آپ جائیں ان کے پاس اور بات کریں۔ you know he has an open mind. I am sure he will help you. جی فرمائیے اسحاق ڈار صاحب۔

**جناب محمد اسحاق ڈار ۔** میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ to put the record right sir, I was never approached یہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے غلط بیانی کی ہے I told the truth, even honourable Member Mr. Piracha never informed me about this issue before 21st of June, he did take up this issue with me after winding up of speech when I was not the Finance Minister and بالکل انہوں نے حفیظ اللہ اسحاق کو ضرور بتایا ہو گا۔ secondly میں نے جیسا عرض کیا کہ یہ کہتے ہیں کہ جی سندھ سے صرف لیا جاتا ہے that is again untrue sir, Punjab is also paying the tax اور یہ ٹیکس mining industry نے نہیں دینا they are the sellers, they have to collect from the buyers and the buyer is the Brick Industry and Brick Industry was on a fixed tax scheme last year, I never

collected back so, I don't know what is it.

جناب چیئرمین۔ جی جناب رضا ربانی صاحب۔

Mian Raza Rabbani : I would kindly request you.

آج اور بھی بہت important issues تھے ۔ اس لئے میں نے اس کو press نہیں کیا ، لیکن صبح کے لئے میں آپ سے -----

جناب چیئرمین۔ میرا تو خیال تھا آج ختم کریں۔

میاں رضا ربانی۔ نہیں راجہ صاحب سے بات ہو گئی ہے کہ Sindh situation that will be taken up tomorrow

جناب چیئرمین ۔ اچھا پھر اس طرح کرتے ہیں کہ tomorrow there will be no question hour, we will start exactly at 10, unfortunately I am already committed مجھے نہیں پتا تھا کہ یہ ہو گا so I will sort that out with the Deputy Chairman, please let him conduct the House. For some reason آج عباسی صاحب بالکل ہی خاموش ہیں ۔ اب یہ ستم ظریفی دیکھیں کے ایک گھنٹہ raise کیا اور پتا چلا کہ -----

میاں رضا ربانی۔ میں ایک request آپ سے کروں گا کہ جیسے میں آج اس کو raise کرنا چاہ رہا تھا یہ ایک بڑا important point of order ہے with regard to the Kargil situation

جناب چیئرمین۔ بہرحال کریں آپ ، صبح کریں۔

میاں رضا ربانی۔ جناب میں یہی آپ سے عرض کر رہا ہوں کہ اگر آپ مہربانی سے ہدایت فرما دیں کہ Minister for Foreign Affairs یا Minister of State for Foreign Affairs موجود رہیں۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں جی کارگل پر بحث ہو چکی ہے ، یہ معاملہ ختم ہو گیا ہے۔

میاں رضا ربانی۔ جناب یہ point of order ہے۔ مہربانی سے اگر آپ ہدایت کر دیں کہ he should be present in the House.

جناب چیئرمین۔ رضا صاحب کل پھر یہ ہو گا کہ صرف کارگل ہو گا اور سب کچھ رہ جائے گا۔

میاں رضا ربانی۔ جناب نہیں رہے گا۔

جناب چیئرمین۔ اچھا اس طرح کریں start at ten دس یا پونے دس شروع ہو جائے گا آدھا گھنٹہ آپ Points of order کر لیں and then finish the Sindh situation ڈاکٹر صاحب آپ پانچ منٹ بات کریں گے اور پندرہ منٹ کم از کم شور کریں گے۔ اگر کانجو صاحب نہیں ہوں گے تو مشاہد حسین صاحب ہوں گے۔

میاں رضا ربانی۔ کوئی بھی ہو جناب respond کرنے کے لئے۔

جناب چیئرمین۔ جی صفدر عباسی صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب ریکارڈ کو straight کرنے کے لئے میں صرف آپ کے سامنے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج جو کچھ ہوا اس کی بنیادی بات پھر وہیں پر آتی ہے کہ جس طریقہ سے ہر چیز bulldoze ہوئی تو ہمیں ایک فطری غصہ تھا کہ وہ بات یہ کر رہے ہیں کہ ہم صوبائی اسمبلی کے through یہ، یہ کر رہے ہیں۔ ہماری صوبائی اسمبلی میں تو آپ نے بجٹ ہی پیش نہیں کیا۔

جناب چیئرمین۔ مگر غصہ کی کیا بات ہے۔ یہی بات آپ جس طرح کر رہے ہیں آپ کریں۔ just as you are presenting a point of view now.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ سوال یہ ہے کہ اس دوران جو بھی بات ہوتی ہے وہ purely its all in the pulse اور کسی کی کوئی دل آزای نہیں ہے۔

Mr. Chairman: You are a Doctor but you must get the blood pressure checked. .

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب میں ابھی کرا کر آیا ہوں 120/80۔

Mr. Chairman: No, I doubt it.

مجھے بھی اسی طرح غصہ آیا کرتا تھا than I started medicines, I am much better now.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب میں ابھی اس age میں نہیں پہنچا کہ مجھے بلڈ پریشر ہو اور

اللہ کرے نہ ہو۔

سید اقبال حیدر: میں ایک اہم resolution پر آپ کو اطلاع دینا چاہتا ہوں کہ بہت زیادہ negotiations اور گفتگو کے بعد افہام وتفہیم کے ساتھ خواتین کے خلاف violence کا issue ہے اس پر ہمارا اتفاق رائے ہو تو گیا ہے لیکن راجہ صاحب اس وقت موجود نہیں ہیں۔ میں نے ریزولوشن جو ان کے ساتھ بیٹھ کر میں نے redraft کیا ہے وہ تیار ہے۔

Mr. Chairman: So, I hope tomorrow you will get it finalised.

سید اقبال حیدر: نہیں جناب اگر ابھی بلالیں تو وقت بچ جائے گا۔

جناب چیئرمین: نہیں ابھی کھانے کا وقت۔ He is hosting a dinner for us.So,..

جی آپ کا نقطہ کیا ہے۔

سید اقبال حیدر: جناب وہ خواتین کے اوپر Resolution کل ضرور لے لیں۔

جناب چیئرمین: جی ابھی۔ انہوں نے روک لیا ہے۔ جی جناب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ: جناب ہم نے اس اجلاس کو سندھ کے مسئلہ کے لئے requisition کیا تھا۔ اس میں سندھ کا مسئلہ انتہائی اہم ہے۔ ہم کل سندھ کو لے رہے ہیں۔ اگر House adjourn ہوجاتا ہے تو پھر گیس، GDS اور Royalty کا مسئلہ next آنے والے سیشن کے لئے رکھیں۔

جناب چیئرمین: تو آپ موشن دیں تو آجائے گا ناں، why would it not come.

جناب حبیب جالب بلوچ: موشن ہم نے move کیا ہوا ہے، اس کو commence motion کے طور پر لے لیا جائے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں جالب صاحب اگر commenced ہے تو commenced ہوگا۔ اگر commenced نہیں ہے تو نہیں ہوگا۔ قانون ہے ناں کوئی یا نہیں ہے۔

جناب حبیب جالب بلوچ: ہاں اسی کے مطابق۔

**جناب چیئرمین :** بس اس کے مطابق ہو جائے گا۔ آپ فکر کیوں کرتے ہیں۔ یہ 'رولز' میں نہیں بناتا' آپ بناتے ہیں۔ اس کے مطابق جو ہو گا اسی طرح ہی ہو گا۔ آپ کیوں پریشان ہوتے ہیں۔

O.K. The House is adjourned till 10.00 a.m. tomorrow morning.

---

*[The House was then adjourned to meet again at ten of the clock in the morning of Friday, the 2nd July, 1999.]*

---